ادارۃ النعمان رحمۃ اللہ علیہ

ڈیرہ اسماعیل خان

facebook YouTube

Mufti Abdul Wahid Qureshi

Ahnafmedia.com

0333-9987709



# عقیدہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کورس

آیات قُرآنیہ | احادیث مبارکہ | اجماعِ اُمت | فتاویٰ جات


پیرِ طریقت رہبرِ شریعت حضرت مولانا مُفتی عبدالواحد قریشی حفظہ اللہ

خلیفہ مجاز: حضرت مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ متکلم اسلام

جدید ایڈیشن

# عقیدہ حیات النبی ﷺ کورس

آیات قرآنیہ | احادیث مبارکہ | اجماع امت | فتاویٰ جات



## مفتی عبدالواحد قریشی حفظہ اللہ

صوبائی امیر: عالمی اتحاد اہل السنت والجماعت خیبر پختونخواہ ◇ مدیر: ادارۃ النعمان ڈیرہ اسماعیل خان

ادارۃ النعمان

مسجد کریمیہ، محلہ فاروق اعظمؓ، گلی قریشیاں والی، مسلم بازار، ڈیرہ اسماعیل خان

YouTube f Mufti Abdul Wahid Qureshi

ahnafmedia.com 0333-998-7709

احباب اپنی طرف سے اس کورس کی اشاعت کر سکتے ہیں مگر ترمیم و اضافہ سے گریز کریں


| | |
|---|---|
| نام کتاب | حیات النبی ﷺ کورس (عقیدہ) (جدید ایڈیشن) |
| تالیف | مفتی عبد الواحد قریشی |
| صفحات | 48 |
| قیمت | Rs. 50/- |

| | | | |
|---|---|---|---|
| طبع اول تا طبع دہم | جون 2012ء تا جون 2015ء | تعداد | 20000 - بیس ہزار |
| طبع یازدہم | جنوری 2016ء | تعداد | 4000 - چار ہزار |
| طبع دوازدہم | جون 2016ء | تعداد | 4000 - چار ہزار |
| طبع سیزدہم | جنوری 2017ء | تعداد | 11000- گیارہ ہزار |

## ملنے کے پتے

### ادارۃ النعمان رحؒ

مسجد کریمیہ، گلی قریشیاں والی، مسلم بازار، ڈیرہ اسماعیل خان، خیبر پختونخواہ
**0315-7570939, 0334-3682508**

### مکتبہ اہل السنۃ والجماعت

87 جنوبی، لاہور روڈ سرگودھا **0321-6353540**

### دار الایمان

دوکان نمبر **U-8** گلشن اردو بازار، مین موتی محل، اسٹاپ گلشن اقبال کراچی
**021-34968787. 0334-2028787**


**[ Website: DifaAhleSunnat.com ]**

# تفصیلی فہرست



| صفحہ نمبر | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 5 | ایک نظر ادھر بھی | 1 |
| 7 | **باب اول:** مسلک اہل السنّت والجماعت کی تعریف | 2 |
| 8 | مسلک اہل السنّت والجماعت کی نسبتیں | 3 |
| 10 | فرقہ واریت کیا ہے؟ | 4 |
| 11 | عقیدہ کا مطلب / قبر کی تعریف | 5 |
| 12 | برزخ کی تعریف / قبر و برزخ کی مثال | 6 |
| 13 | اہل بدعت کا دھوکہ / موت وحیات کی تعریف | 7 |
| 14 | ایک غلط فہمی کا ازالہ | 8 |
| 16 | **باب دوئم:** پیدائش مماتیت / بانی کا تعارف | 9 |
| 17 | عقیدہ اہل السنّت والجماعت / مماتیت کا عقیدہ | 10 |
| 17 | جھوٹے اختلافات کی نشان دہی | 11 |
| 19 | اصل اختلاف / جسم مثالی کے ثبوت کا تحقیقی جائزہ | 12 |
| 21 | **باب سوئم:** عقیدہ حیات النبی ﷺ اور قرآن پاک | 13 |
| 21 | قرآن پاک سے پہلی اور دوسری دلیل | 14 |
| 22 | قرآن پاک سے تیسری دلیل | 15 |
| 23 | قرآن پاک سے چوتھی دلیل | 16 |
| 24 | قرآن پاک سے پانچویں دلیل | 17 |
| 25 | قرآن پاک سے چھٹی اور ساتویں دلیل | 18 |
| 26 | قرآن پاک سے آٹھویں دلیل | 19 |
| 27 | قرآن پاک سے نویں دلیل | 20 |
| 28 | قرآن پاک سے دسویں دلیل | 21 |

| | | |
|---|---|---|
| 22 | **باب چہارم:** عقیدہ حیات النبی ﷺ پر حدیث پاک سے پہلی اور دوسری دلیل | 29 |
| 23 | عقیدہ حیات النبی ﷺ پر حدیث پاک سے تیسری اور چوتھی دلیل | 30 |
| 24 | نوٹ: عقیدہ حیات النبی ﷺ کا انکار ایک جرم | 31 |
| 25 | عقیدہ حیات النبی ﷺ پر حدیث پاک سے پانچویں اور چھٹی دلیل | 31 |
| 26 | عقیدہ حیات النبی ﷺ پر حدیث پاک سے ساتویں دلیل | 32 |
| 27 | عقیدہ حیات النبی ﷺ پر حدیث پاک سے آٹھویں دلیل | 33 |
| 28 | عقیدہ حیات النبی ﷺ پر حدیث پاک سے نویں اور دسویں دلیل | 34 |
| 29 | حضور پاک ﷺ شہید ہیں / زہر دینے کا تفصیلی واقعہ | 35 |
| 30 | **باب پنجم:** عقیدہ حیات النبی ﷺ اور اجماع امت | 36 |
| 31 | روایت خطبہ حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ | 36 |
| 32 | منکرین حیات الانبیاء علیہم السلام (مماتی فرقہ) کا حکم | 37 |
| 33 | مماتیوں کی اقتداء میں نماز کا حکم / مولانا یوسف لدھیانویؒ کا فتویٰ | 37 |
| 34 | شیخ الحدیث مولانا علاؤ الدینؒ اور تبلیغی مرکز رائیونڈ کا فتویٰ | 37 |
| 35 | قرآن وحدیث سے اجماع امت مسلمہ کی اہمیت کا ثبوت | 38 |
| 36 | علامہ سخاویؒ، علامہ ابن حجر ہیثمیؒ اور علامہ سیوطیؒ کا عقیدہ | 39 |
| 37 | حضرت گنگوہیؒ اور حضرت غورغشتویؒ کا عقیدہ | 40 |
| 38 | حضرت تھانویؒ، حضرت دہلویؒ، حضرت کاندھلویؒ، حضرت قاسمیؒ کا عقیدہ | 41 |
| 39 | مسلک اہل السنّت والجماعت اور مماتی فرقہ کے عقائد میں چند فرق | 48 |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ قَالَ فِیْ حَقِّ الشُّھَدَاءِ بَلْ اَحْیَاءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ یُرْزَقُوْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ قَالَ اَلْاَنْبِیَاءُ اَحْیَاءٌ فِیْ قُبُوْرِھِمْ یُصَلُّوْنَ وَعَلٰی مَنْ تَبِعَہٗ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ

# ایک نظر اِدھر بھی

زیرِ نظر کورس عقیدہ حیات النبی ﷺ کی ترتیب خدمت دین کی ایک کڑی ہے۔

اس میں ہم نے عقیدہ حیات النبی ﷺ کے متعلق قرآن کریم، احادیث مبارکہ، صحابہ کرام کی تشریحات جوکہ اجماع امت کے ذریعہ ہم تک پہنچیں، ان کو آسان الفاظ میں پیش کرنے کوشش کی ہے۔

اس میں زیادہ تر سکول، کالج اور مدارس عربیہ کے طلباء کرام کی فہم کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ اسی لیے بعض جگہ مشکل الفاظ کی بہت آسان تشریح کی گئی ہے تاکہ معاشرہ کا اکثر طبقہ زیادہ سے زیادہ مستفید ہو سکے۔

کیونکہ مسلمان ہونے کے لئے عقائد کا صحیح ہونا بہت ضروری ہے۔ اگر کسی انسان کا عقیدہ درست ہو تو اس کا چھوٹے سے چھوٹا عمل بھی اللہ تعالیٰ قبول فرما لیتے ہیں اور اگر عقیدہ درست نہ ہو تو بڑے سے بڑا عمل بھی اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتے۔

ترتیب میں اس موضوع پر گراں قدر خدمات سر انجام دینے والے اکابرین علماء کرام رحمہم اللہ کی کتب و ملفوظات سے بوقت ضرورت استفادہ کیا گیا ہے۔

جون 2012ء میں یہ کورس جب پہلی مرتبہ شائع ہو کر آیا تو اس کو عوام و خواص میں بے حد مقبولیت نصیب ہوئی۔ دیکھتے ہی دیکھتے 3 سال کے قلیل عرصہ میں اس کے 20,000

(بیس ہزار) نسخے ہاتھوں ہاتھ نکل گئے۔

2016ء کی ابتداء میں اس کی ترتیب پر نظر ثانی کا ارادہ تھا مگر تدریسی، خانقاہی اور تحریکی مصروفیات سے وقت نکالنا ایک بہت بڑا مسئلہ تھا مجبوراً ان مصروفیات کے ساتھ ساتھ مختلف اوقات میں اس پر نظر ثانی شروع کر دی۔

اسی دوران بھی اس کے 2 ایڈیشن کوئی 8,000 کی تعداد میں لوگوں کے ہاتھوں میں دادِ تحسین وصول کر چکے تھے۔

آخر کار نظر ثانی مکمل ہوئی صرف مسئلہ کی وضاحت اور باحوالہ دلائل پر مشتمل یہ کورس آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

اس موضوع پر اٹھنے والے اشکالات کا حل الگ کتاب کی صورت میں بنام عقیدہ حیات النبی ﷺ پر 100 سوالات کے جوابات عنقریب منظر عام پر ہوگا۔

قارئین کرام سے میری گذارش ہوگی کہ اس کورس کے بعد سوال و جواب والی کتاب کا ضرور مطالعہ کریں۔ دلائل کی دنیا میں آپ سپر پاور بن جائیں گے۔ ان شاء اللہ

ہندوستان (دار العلوم دیوبند) میں ہمارے محترم دوست مولانا ظفر احمد نعمانی سلمہ اللہ کی خواہش اور کوشش پر یہ کورس ان کے مکتبہ سے ہندوستان (دیوبند) میں شائع ہو رہا ہے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ موصوف کی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائیں۔ آمین بجاہ النبی الکریم ﷺ

یکے از خدام احناف: (مفتی) عبد الواحد قریشی حفظہ اللہ

0333-998-7709

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَيْرِ وَبِكَ نَسْتَعِينُ يَا عَلِيمُ يَا فَتَّاحُ

# (باب اول) مسلک اہل السنّت والجماعت کی تعریف

**اہل السنّت:** نبی پاک ﷺ والے **والجماعت:** اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم والے

**س:** مسلک اہل السنّت والجماعت کیا ہے؟ آسان اور مختصر بتائیں۔

**ج:** دینِ اسلام کی تشریح کرنے میں اپنی عقل کو شریعت کے تابع رکھا جائے۔ [1]

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد جنہوں نے دین میں بڑی خدمات سرانجام دی ہیں وہ 4 امام ہیں:

1) امام ابوحنیفہؒ 2) امام مالکؒ 3) امام شافعیؒ 4) امام احمد بن حنبلؒ

ان 4 اماموں کا مسلک اہل السنّت والجماعت ہے، یہی لوگ حق کے راستے پر ہیں۔

**حنبلی:** حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے پیروکار وفات 241ھ

سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات وغیرہ میں ہیں۔

**شافعی:** حضرت امام محمد بن ادریس الشافعیؒ کے پیروکار وفات 204ھ

مصر، سوڈان، اُردن، ملائیشیا وغیرہ میں ہیں۔

**مالکی:** حضرت امام مالک ابن انسؒ کے پیروکار وفات 179ھ

افریقہ، تیونس، مراکش وغیرہ میں ہیں۔

**حنفی:** حضرت امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابتؒ کے پیروکار شہادت 150ھ

پوری دنیا میں تقریباً 70% مسلمان حنفی ہیں۔

**نوٹ:** 1994ء کی مردم شماری کے مطابق پوری دنیا میں 1 ارب 30 کروڑ مسلمان تھے جن میں سے حنفی مسلمانوں کی تعداد ساڑھے چھیاسی کروڑ تھی۔

(اسلامی دنیا میں فقہی مذاہب کا فروغ، ص: 131، حاشیہ نمبر: 9، ط: قدیمی کتب خانہ آرام باغ کراچی)

---

[1] یعنی توحید و سنت کے پرچار میں توہین سے بچتے ہوئے اولیائے اللہ کی محبت و عقیدت میں بدعات سے بچتے ہوئے تحقیقات کے اعلیٰ معیار کے باوجود خودرائی سے اجتناب کرنے والے۔

س: ہمارا نام مسلک اہل السنّت والجماعت کس نے رکھا ہے؟

ج: یہ نام ہمارے آخری نبی حضرت محمد ﷺ نے رکھا ہے۔

دلیل: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جب سورۃ آل عمران کی یہ آیت نازل ہوئی:

يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ج ..... الخ (سورۃ آل عمران آیت:106)

ترجمہ: قیامت کے دن کچھ چہرے چمکتے ہونگے اور کچھ چہرے سیاہ پڑھ جائیں گے۔

حضور پاک ﷺ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ کالے چہرے والے اور سفید چہرے والے لوگ کون ہوں گے؟ تو حضور ﷺ نے فرمایا:

تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ اَهْلُ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ وَتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ اَهْلُ الْبِدْعِ وَالضَّلَالَةِ

(الدر المنثور فی تفسیر الماثور، ج:2، ص:112، ط:دار العلمیه بیروت)

ترجمہ: جن لوگوں کے چہرے کالے ہونگے وہ اہل بدعت (گمراہ) ہوں گے اور جن لوگوں کے چہرے سفید ہونگے وہ اہل السنّت والجماعت ہونگے۔

## مسلک اہل السنّت والجماعت کی نسبتیں

1) اہل السنّت والجماعت 2) حنفی 3) دیوبندی

1) اہل السنّت والجماعت:

جو لوگ دینِ اسلام حضور پاک ﷺ سے لینے والے ہیں۔ کیونکہ دین اسلام کی بنیاد حضور پاک ﷺ کی ذاتِ اقدس ہے جن پر وحی کا نزول ہوا، اور اس کو سمجھنے کیلئے تشریح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے لیتے ہیں۔ بے شک صحابہ کرام رضی اللہ عنہم دین کے گواہ (عینی شاہد) ہیں، ان کے سامنے شریعت اُتری اور انہوں نے دین اسلام، نبی پاک ﷺ سے براہ راست سیکھا۔

2) حنفی:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے شاگردِ خاص حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ کے تابعدار لوگ۔

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

**دلیل:** حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سورۃ الجمعۃ کی یہ آیت نازل ہوئی:

وَ آخَرِیْنَ مِنْھُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ (سورۃ الجمعہ، آیت:3)

**ترجمہ:** اور (یہ رسول ﷺ جن کی طرف بھیجے گئے ہیں) ان میں سے کچھ لوگ (عجم سے) اور بھی ہیں جو ابھی آکر ان کے ساتھ نہیں ملے۔

گویا بتا دیا گیا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد کچھ عجمی لوگ آکر دین کی خدمت کریں گے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حضور پاک ﷺ سے پوچھا یہ لوگ کون ہونگے ؟ تو حضور پاک ﷺ نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ فرمایا کہ اِن عجمی لوگوں میں سے ہوں گے۔

(صحیح بخاری، کتاب التفسیر سورۃ الجمعہ باب قولہ وآخرین منھم، ج:2،ص 727:ط: قدیمی کراچی)

**تشریح:** محدثین کرامؒ کے امام حضرت علامہ جلال الدین سیوطیؒ فرماتے ہیں کہ اس خوشخبری سے مراد حضرت امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابتؒ ہیں۔ جو کہ امت مسلمہ میں سب سے پہلے دین اسلام لکھوانے والے ہیں۔ (تبییض الصحیفہ فی مناقب ابی حنیفہؒ ،ص:3،ط:دار العلمیہ بیروت)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد آنے والے 4 اماموں میں سے صرف امام ابوحنیفہؒ عجم میں سے فارسیُ النّسل ہیں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے براہِ راست شاگرد بھی ہیں گویا امام اعظم ابوحنیفہؒ خود ہمارے نبی ﷺ کے شاگردوں کے شاگرد ہوئے۔ باقی تینوں میں نہ کوئی امام عجمی ہے اور نہ ہی کسی صحابی رضی اللہ عنہ کا شاگرد ہے۔ اسی وجہ سے ہمارے مسلک میں دوسری نسبت احناف کی ہے۔

**3) دیوبندی:**

اصل دینِ اسلام پر چلنے اور چلانے والے۔

لِیَمِیْزَ اللّٰهُ الْخَبِیْثَ مِنَ الطَّیِّبِ (سورۃ الانفال،آیت:37)

**ترجمہ:** بے شک اللہ تعالیٰ ناپاک لوگوں کو پاک لوگوں سے الگ کردے گا۔

اللہ تعالیٰ نے دین اسلام اپنے نبی حضرت محمد ﷺ کے ذریعے سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تک پہنچایا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ذریعے پوری دنیا میں پھیلایا اور حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ کے ذریعے مکمل دین کو لکھوایا۔ پھر دشمنان اسلام نے دین اسلام کو ختم کرنے کی کئی سازشیں کیں مگر وہ ناکام رہے۔ آخر کار انہوں نے سوچا کہ دین اسلام کو ہم ختم تو نہیں کر سکتے لہٰذا اس کو تبدیل کر دیا جائے تو برصغیر پاک و ہند کے کچھ افراد نے اصل دین کو بدلنے کیلئے سازشیں شروع کر دیں۔ اسکے لئے انہوں نے ٹھکانے قائم کئے جن میں بدعات کا درس ہونے لگا۔ لیکن جب علماء حق کو پتا چلا تو انہوں نے دیوبند (ہندوستان کا شہر) میں اصل دینِ اسلام کی حفاظت و اشاعت کیلئے مدرسہ قائم کیا جسکا نام "دارالعلوم دیوبند" رکھا۔ اب اسکے بعد جو شخص بھی اصل دین اسلام سیکھنے کا ارادہ کرتا تو وہ دارالعلوم دیوبند سے تعلق قائم کرتا اور اسی نسبت سے خود کو دیوبندی کہلواتا۔

## فرقہ واریت کیا ہے؟

دین اسلام کی تشریح میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم (حضور پاک ﷺ کے براہ راست شاگرد) فقہاء کرامؒ (مکمل شریعت کے ماہرین) کی تشریحات کو چھوڑ کر اپنے منہ میاں مٹھو بننا۔ فرقہ واریت کا عام ہو جانا قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے حفاظت فرمائے۔

**دلیل:** **عَنْ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ** رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ **قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ** ﷺ **وَلَعَنَ آخِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَوَّلَهَا**

(جامع ترمذی ،ابواب الفتن،باب ماجاء فی علامت حلول المسخ والخسف، ج:2،ص:45،ط: قدیمی کراچی)

ترجمہ: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب لوگوں پر زلزلے اور آفات کثرت سے آنے لگیں تو انکی وجوہات میں ایک وجہ گزرے ہوئے بزرگوں کو غلط کہنا ہوگا۔

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

# بنیادی باتیں

## عقیدہ کا معنیٰ / مطلب:

عقائد، عقیدہ کی جمع ہے جس کا معنیٰ ہے گرہ، عقیدہ اس مضبوط یقین کا نام ہے جس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہ ہو، گویا آسان الفاظ میں، عقیدہ کا دوسرا نام ایمان ہے۔

## عقیدہ بعد الموت

1) قبر 2) برزخ 3) موت 4) حیات

## 1) قبر کی تعریف:

جب انسان مرجاتا ہے اور اس کو جس جگہ دفن کیا جاتا ہے اس کو قبر کہتے ہیں۔

اگر کوئی جل کر راکھ ہو جائے یا پانی میں ڈوب جائے یا کسی کو کوئی جانور کھالے تو جس جگہ اس کے ذرّات ہونگے اسی جگہ روح کا تعلق قائم کر دیا جاتا ہے اور اسکی یہی قبر ہوتی ہے۔

## قبر میں سوالات کا مرحلہ

قبر میں 2 فرشتے انسان سے 3 سوالات کرتے ہیں اُن 2 فرشتوں میں ایک فرشتہ کو مُنکَر اور دوسرے فرشتہ کو نکیر کہا جاتا ہے۔ قبر میں پوچھے جانے والے سوالات:

i) مَنْ رَّبُّکَ ؟ (تیرا رب کون ہے؟)

ii) مَنْ نَّبِیُّکَ؟ (تیرا نبی کون ہے؟)

iii) مَادِیْنُکَ ؟ (تیرا دین کونسا ہے؟)

جو انسان ان تینوں سوالات کے جواب ٹھیک دیتا ہے تو اس کیلئے قبر میں اُسی وقت جنت کی کھڑکی کھول دی جاتی ہے اور اسکی قبر کو جنت کا باغ بنا دیا جاتا ہے اور جو ان سوالوں کے

جواب ٹھیک نہیں دے سکتا اسکی قبر کو تنگ کر دیا جاتا ہے۔حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''بے شک قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے''۔

(جامع ترمذی، ابواب الزھد ،باب نمبر:26،ج:2،ص:73،ط: قدیمی کراچی)

## 2) برزخ کی تعریف:

وفات کے بعد انسان پر جو وقت اور حالات گزرتے ہیں انہیں برزخ کہا جاتا ہے۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ زمینی قبر برزخ کا حصہ ہے۔

(تفسیر عائشہ الصدیقہؓ ، سورۃ المومنون آیت:100 ط: تالفیات اشرفیہ ملتان)

## قبر و برزخ کی مثال

قبر جگہ کا نام ہے اور برزخ وقت کا نام ہے۔یعنی مردے پر جو وقت گزر رہا ہوتا ہے اُسے برزخ کہتے ہیں۔اسی لیے انسان قبر میں رہ کر برزخ میں بھی ہوتا ہے۔

**اشکال:** مردہ قبر میں ہوتا ہے یا برزخ میں رہتا ہے؟

**جواب:** جس طرح انسان قبر میں ہوتا ہے اسی طرح برزخ میں بھی، کیونکہ اس انسان کیلئے قبر جگہ کا نام ہے اور برزخ وقت اور گزرنے والے حالات کا نام ہے، یہ بالکل ویسے ہے جیسا کہ کوئی کہے کہ میرا دوست زید مسجد میں ہے اور نمازِ عشاء کے وقت میں بھی ہے یا کوئی کہے کہ تیرا دوست ابو بکر گھر میں ہے اور دن میں بھی ہے تو اسی طرح یہ بات بھی سچی اور ٹھیک ہے کہ مردہ قبر میں بھی ہے اور برزخ میں بھی ہے۔ یہ دونوں باتیں ایک دوسرے کے خلاف نہیں ہیں۔

**دلیل:** يَوْمَ يَسْمَعُونَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوجِ (سورۃ قٓ،آیت:42)

**ترجمہ:** جس دن لوگ اس (فرشتے) کی پکار کو سنیں گے، وہ قبروں سے نکلنے کا دن ہوگا۔

علم تفسیر میں ماہر مفسر قرآن حضرت مولانا قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ فرماتے ہیں:

**تشریح:** اگر بندہ نیک ہوگا تو وفات کے بعد قبر میں روح اور جسم دونوں کو ثواب ہوگا اور اگر بُرا ہوگا تو روح اور جسم دونوں کو عذاب ہوگا۔ تمام اہل السنّت والجماعت اس بات پر متفق ہیں کہ گناہگار انسان کو عذابِ قبر روح اور جسم دونوں پر ہوتا ہے۔

(تفسیر مظہری، ج:11، ص: 87، ط: ایچ ایم سعید کمپنی کراچی)

یعنی روح کے واسطے سے جسم محسوس کرتا ہے اگرچہ عام طور پر لوگوں کو نظر نہیں آتا کیونکہ یہ عالَم غیب کی باتیں ہیں۔ ان پر بغیر دیکھے ایمان لانا ضروری ہے۔

## اہل بدعت کا دھوکہ

اہل بدعت موت اور حیات کی تعریف کرنے میں عوام کو دھوکا دیتے ہیں۔ ذیل میں ہم موت اور حیات کی تعریف وضاحت کے ساتھ پیش کر رہے ہیں۔ اس کو غور سے سمجھ لیں ہر قسم کے سوالات واشکالات ختم ہوجائیں گے اور مسئلہ نکھر کر سامنے آجائے گا۔

**3) موت کی تعریف:**

جسم میں روح نہ ہو اور اس روح کا جسم سے تعلق بھی برقرار نہ رہے۔

**4) حیات کی تعریف:**

روح جسم میں ہو یا جسم سے باہر ہو مگر جسم سے تعلق رکھتی ہو۔

## قرآنی دلیل سے ان تعریفات کی وضاحت

اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰۤى اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ (سورۃ الزمر، آیت:42)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تمام روحوں کو انکی موت کے وقت قبض کر لیتا ہے اور جن کو ابھی موت نہیں آئی ہوئی ان کو بھی ان کی نیند کی حالت میں (قبض کر لیتا ہے) پھر جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے موت کا فیصلہ کر لیا انہیں اپنے پاس لیتا ہے، اور دوسری روحوں کو ایک وقت مقررہ تک چھوڑ دیتا ہے۔ یقیناً اس بات میں ان لوگوں کیلئے بڑی نشانیاں ہیں جو غور و فکر سے کام لیتے ہیں۔

**تشریح:** مختصراً یوں سمجھیں اللہ تعالیٰ نے سونے والے کیلئے نیند کی حالت میں روح کا نکل جانا فرمایا ہے کہ نیند کے وقت انسان کی روح اسکے جسم میں نہیں ہوتی حالانکہ سونے والا زندہ ہوتا ہے تو اس پر بظاہر سوال اٹھتا ہے کہ جب روح جسم میں نہیں ہے تو سونے والا مردہ ہوتا مگر ایسا نہیں تو کیوں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ نیند کے وقت اگرچہ روح انسان کے جسم سے باہر رہتی ہے مگر سونے والے آدمی کے جسم سے تعلق رکھتی ہے جسکی وجہ سے سونے والا انسان اپنے خواب میں کبھی خوشی اور کبھی غمی محسوس کرتا ہے۔ اور اسی روح کے تعلق کی وجہ سے سونے والا آدمی زندہ رہتا ہے۔ تو اسی طرح وفات کے بعد بھی روح اگرچہ جسم میں نہ ہو مگر اپنے مقام سِجّین (بُرے لوگوں کی روحوں کا قید خانہ) یا عِلِّیِّین (نیک لوگوں کی روحوں کا مقام) میں رہ کر وہ روح قبر والے انسانی جسم سے تعلق رکھتی ہے جس کی وجہ سے انسان اگر نیک ہو تو جنت کی لذت اور اگر گناہ گار ہو تو جہنم کی تکلیف محسوس کر رہا ہوتا ہے۔ اسی عقیدہ کو شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبالؒ نے اپنے شعر میں قوم کو یوں سمجھایا ہے:

؎ غافل نے سمجھا ہے موت کو اختتامِ زندگی — ہے یہ شام زندگی، صبحِ دوام زندگی

## ایک غلط فہمی کا ازالہ

اگر کوئی ناواقف شخص یوں سوال کرے کہ قبر میں بندہ بغیر کچھ محسوس کیے بالکل مردہ ہی رہتا ہے کیونکہ روح تو اسکے جسم میں موجود نہیں ہوتی تو پھر اسے سمجھانے کیلئے یوں کہیں کہ آپ کو

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

چاہیے کہ جب آپکے والد محترم نیند کریں تو اپنی والدہ محترمہ کو عدت میں بٹھا دیں اور میراث و جائیداد تقسیم کرلیں۔ کیونکہ سونے والے انسان میں بھی نیند کے وقت قرآنی فرمان کے مطابق روح موجود نہیں ہوتی۔ اس پر اگر وہ یہ کہے کہ نیند کے وقت انسانی جسم میں اگرچہ روح نہیں ہوتی مگر سونے والے کے جسم سے باہر رہ کر تعلق رکھتی ہے تو ہم کہیں گے جناب والا یہی بات وفات والے انسان میں بھی مان لیں کہ اسکی روح بھی اپنے مقام پر رہ کر اسکے جسم سے تعلق رکھتی ہے جس کی بنیاد پر انسان جنت کی نعمتوں سے لطف اندوز ہوتا ہے یا دوزخ کی تکلیف محسوس کرتا ہے اسی لئے حدیث پاک میں قبر کو جنت کا باغ یا جہنم کا گڑھا بتایا گیا ہے۔

**اشکال:** سونے والے کی روح کا جسم سے تعلق نظر آتا ہے۔ مثلاً: نیند میں سانس کا آنا جانا، نبض کا چلنا، خون کا دوڑنا، دل کا دھڑکنا مگر مردے میں یہ تعلق نظر نہیں آتا۔ ایسا کیوں ہے؟

**جواب:** وفات کے بعد کی زندگی کو قرآن پاک میں بَرْزَخٌ فرمایا گیا ہے:

وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ (سورۃ المؤمنون، آیت: 100)

**ترجمہ:** اور ان مرنے والوں کے پیچھے قیامت تک پردہ ہے۔

**تشریح:** برزخ کا معنیٰ ہے پردہ اور پردہ والی چیزیں اکثر نظر نہیں آتیں۔ جس طرح ہر انسان کے کندھے پر فرشتے بیٹھے ہیں مگر ہمیں بظاہر نظر نہیں آتے اسی طرح وفات کے بعد روح اور جسم کا آپس میں تعلق ہوتا ہے مگر ہر کسی کو نظر نہیں آتا۔

## مشقی سوالات

س:1 مسلک اہل السنۃ والجماعۃ کی 4 نسبتوں کی وضاحت کریں۔

س:2 عقیدہ کا مطلب اور فرقہ واریت کیا ہے؟

س:3 موت وحیات کی تعریف قرآنی وضاحت کے ساتھ پیش کریں۔

# باب دوئم مماتی فرقہ کی پیدائش اور اسکا تعارف

اللہ تعالیٰ نے حضور پاک ﷺ کو آخری نبی بنا کر دنیا میں بھیجا۔ 63 سال تک حضور پاک ﷺ نے دنیا میں رہ کر دین کا کام مکمل کیا۔ اس کے بعد حضور پاک ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے وفات دے دی۔ حضور پاک ﷺ کے دور سے لے کر 1957ء تک 13 صدیوں سے بھی زائد کا عرصہ بنتا ہے۔ ان سینکڑوں سالوں میں پوری دنیا کے مسلک اہل السنّت والجماعت کا یہ عقیدہ چلا آرہا ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام وفات کے بعد اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔ کسی صحابی رضی اللہ عنہ (رسول پاک ﷺ کا فرمانبردار) کسی تابعیؒ (صحابہ رضی اللہ عنہم کا فرمانبردار) کسی فقیہ (مکمل شریعت میں مہارت رکھنے والا)، کسی محدث (علم حدیث میں مہارت رکھنے والا) اور مفسر قرآن (علم تفسیر میں مہارت رکھنے والا) نے یہ بات نہیں کہی کہ انبیاء کرام علیہم السلام قبروں میں مردہ ہیں۔ کیونکہ اُمت مسلمہ حیات النبی ﷺ کی قائل ہے۔

1957ء میں وطنِ عزیز ملک پاکستان میں جس آدمی نے اِس غلط عقیدہ کی بنیا د رکھی اور اس بنیاد پر امت مسلمہ میں فساد ڈالنے کی کوشش کی کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اپنی پاک قبروں میں مردہ ہیں زندہ نہیں۔ **نعوذ باللہ من ذالک**

اس کا نام مولوی عنایت اللہ شاہ گجراتی ہے اور اس کا تعلق صوبہ پنجاب کے شہر گجرات سے ہے۔ اس سے پہلے حجاج بن یوسف جیسا ظالم حکمران، اور معتزلہ فرقہ اس عقیدہ کا منکر تھا مگر اہل السنّت والجماعت کے اندر کسی بندے نے حیات النبی ﷺ کا انکار نہیں کیا۔ مولوی عنایت اللہ شاہ گجراتی کی جماعت کا نام اشاعت التوحید والسنۃ ہے اور اس کے پیروکاروں کو پاکستان (کیونکہ یہ فرقہ صرف پاکستان میں ہے) میں چند ناموں سے پہچانا جاتا ہے۔ مثلاً:

1) پنج پیری 2) پتھری 3) مماتی 4) چتروڑی 5) اشاعتی

## مسلک اہل السنّت والجماعت کا عقیدہ

انبیاء کرام علیہم السلام وفات کے بعد اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔ خصوصاً حضور پاک ﷺ کو اپنی قبر میں خاص زندگی حاصل ہے۔ اگر کوئی مسلمان حضور پاک ﷺ کی قبر مبارک کے قریب حضور پاک ﷺ پر درود و سلام پڑھے تو حضور پاک ﷺ خود سنتے ہیں اور اگر قبر مبارک سے دُور پڑھے تو فرشتے حضور پاک ﷺ کی خدمت میں لے جاتے ہیں۔

## فرقۂ مماتی کا عقیدہ

مماتیوں کے نزدیک وفات کے بعد حضراتِ انبیاء کرام علیہم السلام قبروں میں مردہ ہیں اور قبر کے نزدیک کوئی کلام وسلام نہیں سنتے۔ بلکہ اوپر آسمانوں پر حضور پاک ﷺ کے اصلی جسم مبارک کے علاوہ ایک نیا جسم مانتے ہیں اور اُس نئے جسم میں حضور پاک ﷺ کی روح کو داخل مان کر اُسی جسم کو زندہ مانتے ہیں۔ (اسکی تفصیل میں مماتی کتب بھری پڑی ہیں مثلاً: ندائے حق واعلان حق، اقامۃ البرھان وغیرہا)

**فائدہ:** بنیادی طور پر مسلک اہل السنۃ والجماعۃ اور مماتی فرقہ کے درمیان عقیدہ حیات النبی ﷺ کے بارے میں مشہور اختلاف 3 ہیں۔ جن میں سے 2 جھوٹے اور 1 اصلی ہے۔

1) **جھوٹا اختلاف:**

مماتی لوگ عوام میں مشہور کرتے ہیں کہ ہم حضور پاک ﷺ کی موت کے قائل ہیں۔ جبکہ ہمارے مخالف دیوبندی حضور پاک ﷺ کی وفات کے منکر ہیں۔

**حقیقت:**

یہ ایک جھوٹا الزام ہے، علماء دیوبند حضور پاک ﷺ کی وفات کو برحق مانتے ہیں۔ اصل اختلاف وفات میں نہیں بلکہ وفات کے بعد قبر کی زندگی میں ہے، حضور پاک ﷺ پر وفات کا وعدہ یقیناً پورا ہوا لیکن حضور پاک ﷺ کی قبر کی زندگی کا انکار کرنا پوری شریعت اسلامیہ میں کہیں سے ثابت نہیں ہوتا۔

## 2) جھوٹا اختلاف:

مماتی لوگ عوام میں مشہور کرتے ہیں کہ ہم اعلیٰ حیات کے قائل ہیں کہ ہم حضور پاک ﷺ کواُوپر جنت میں زندہ مانتے ہیں جبکہ ہمارے مخالف دیوبندی لوگ کمتر حیات کے قائل ہیں کہ حضور پاک ﷺ کو جنت کے بجائے زمین میں زندہ مانتے ہیں۔

**حقیقت:**

یہ بھی جھوٹ اورالزام ہے کیونکہ علمائے دیوبند حضور پاک ﷺ کی اعلیٰ حیات کے قائل ہیں۔علمائے دیوبند کے پاس اس دعویٰ پرقرآن وسنت سے کئی دلائل موجود ہیں۔مثلاً:

i) وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى (سورۃ الضحیٰ، آیت: 4)

یعنی حضور پاک ﷺ کی آخرت کی زندگی دنیا کی زندگی سے بہتر ہے۔

حضور پاک ﷺ کی قبرمبارک کی فضیلت کے عنوان سے صحیح بخاری میں حدیث پاک موجود ہے:

ii) سیدنا عبداللہ بن زید المازنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مَابَيْنَ بَيْتِىْ وَمِنْبَرِىْ رَوْضَةٌ مِّنْ الرِّيَاضِ الْجَنَّةِ.

(صحیح بخاری ، کتاب التهجد، باب فضل ما بین القبر والمنبر ، ج:1،ص:159ط: قدیمی کراچی)

محدثین کرامؒ نے اسکی تشریح یوں بیان فرمائی کہ یہ حدیث مبارک ثابت کرتی ہے حضور پاک ﷺ کی قبر مبارک جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔لہٰذا علماء دیوبند حضور پاک ﷺ کی قبر مبارک کو جنت کا ٹکڑا مان کر اعلیٰ حیات کے قائل ہیں اور علماء دیوبند کا اعلان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جنت الفردوس کو بھی حضور پاک ﷺ کے پاس بھیج دیا ہے۔ جنت الفردوس کا حضور پاک ﷺ کے قدموں میں آجانا حضور پاک ﷺ کے روضۂ مبارک میں اعلیٰ حیات پر دلیل ہے اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے اسی روضۂ اقدس کی زمین کو قیامت میں جنت کے

اندر منتقل کر دیا جائے گا۔

(فتح الملہم شرح صحیح مسلم ،کتاب الحج ،باب فضل ما بین قبرہ ،رقم الحدیث:3368، ج:3،ص:416،ط: المکتبۃ الرشیدیہ ،پاکستان چوک کراچی)

## اصلی اختلاف:

مماتی فرقہ کے لوگ نبی پاک ﷺ کے جسم مبارک کے زندہ ہونے کے منکر ہیں،تب ہی تو وہ لوگ مختلف بہانوں سے کام لیتے ہیں کہ حضور پاک ﷺ کا آسمانوں میں ایک جسم مثالی زندہ ہے۔ اس جسم میں نبی پاک ﷺ کی روح مبارک کو داخل مانتے ہیں۔ گویا انکے ہاں اوپر کوئی دوسرا جسم زندہ ہے۔ اور روضۂ مبارکہ میں موجود جسم اطہر زندہ نہیں۔ جبکہ مسلک اہل السنّت والجماعت حضور پاک ﷺ کی جسمانی زندگی کے قائل ہیں۔ اہل السنّت والجماعت کے نزدیک نبی پاک ﷺ کی روح مبارک اعلیٰ علیین میں اپنے مقام پر ہے اور اسی روح کا جسم مبارک سے تعلق ہے۔ جس کی وجہ سے نبی پاک ﷺ قبر مبارک میں اس طرح زندہ ہیں کہ قبر کے قریب جیسے ہی کوئی مسلمان حضور پاک ﷺ کی خدمت میں سلام عرض کرتا ہے تو حضور پاک ﷺ اسکا سلام سُن کر جواب عطا فرماتے ہیں۔

(فتح الملھم شرح صحیح مسلم ،کتاب الحج ،باب فضل الصلٰوۃ بمسجدی المکۃ والمدینۃ،رقم الحدیث: 3374، ج:3،ص: 421،ط: المکتبۃ الرشیدیہ ،پاکستان چوک کراچی)

## جسم مثالی کے ثبوت کا تحقیقی جائزہ

مماتی کہتے ہیں کہ حضور پاک ﷺ کا جسم مثالی زندہ ہے اور جس وقت مماتی فرقہ سے جسم مثالی کے ثبوت کیلئے قرآن پاک اور حدیث نبوی ﷺ سے دلیل مانگی جاتی ہے کہ لاؤ دلیل کہاں لکھا ہوا ہے کہ حضور پاک ﷺ کا جسم مثالی زندہ ہے؟

تو جواب میں یہ لوگ مختلف حیلوں بہانوں سے کام لیتے ہیں۔ کیونکہ قرآن وحدیث میں کسی جگہ بھی جسم مثالی کا نام نہیں ہے۔ بعض اوقات مماتی لوگ جسم مثالی کے ثبوت کیلئے کچھ صُوفیاء کرامؒ

کے اقوال پیش کرتے ہیں۔اس بارے میں چند باتیں یا درکھیں:

i) صرف صُوفیاءؒ کے اقوال عقیدے میں دلیل نہیں بن سکتے۔

ii) صُوفیاء کرامؒ جسم مثالی کے ضرور قائل ہیں مگر مماتی اور صُوفیاء کرام کے جسم مثالی ماننے میں بہت فرق ہے۔ کیونکہ صوفیاء کرامؒ جسم مثالی کے ساتھ ساتھ نبی پاک ﷺ کو قبر مبارک میں زندہ مانتے ہیں۔اور قبر مبارک کے ساتھ صلوٰۃ وسلام سننے کے قائل ہیں۔ جبکہ مماتی فرقہ کے لوگ صرف جسم مثالی کو زندہ مانتے ہیں اور قبر مبارک میں زندگی کا انکار کر دیتے ہیں۔

iii) صوفیاء کرام جو جسم مثالی مانتے ہیں وہ کوئی علیحدہ جسم نہیں ہے بلکہ انسانی جسم میں موجود روح کو جسم مثالی کا نام دیتے ہیں یعنی صُوفیاء کرامؒ روح انسانی کے 2 نام تجویز کرتے ہیں ایک روح اور دوسرا جسم مثالی جبکہ مماتی انسان کی روح اور جسم کے علاوہ ایک دوسرا جسم مانتے ہیں۔

iv) اہل حق صوفیاء کرامؒ کے ہاں جسم مثالی کی تفصیل دیکھیے: تفسیر عثمانی، سورۃ بنی اسرائیل، آیت: 85، وَيَسْئَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ

v) مماتیوں کے ہاں جسم مثالی کی تفصیل دیکھیے: اقامۃ البرہان، ص: 151، ط: راولپنڈی

## مشقی سوالات

س1: مسلک اہل السنۃ والجماعۃ اور مماتی فرقہ کے عقائد میں کیا فرق ہیں؟

س2: مماتی فرقہ کی پیدائش بتاتے ہوئے انکے بانی کا مختصر تعارف پیش کریں۔

س3: اصلی اور جھوٹے اختلافات پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

باب سوئم

# عقیدہ حیات النبی ﷺ اور قرآن پاک

## قرآن پاک سے پہلی دلیل

وَلَاتَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْیَاءٌ وَّلٰکِنْ لَّاتَشْعُرُوْنَ

(سورۃ البقرۃ، آیت:154)

**ترجمہ:** اور جولوگ اللہ تعالیٰ کے راستے میں شہید ہو جائیں تم اُنہیں مردہ نہ کہو، بلکہ وہ زندہ ہیں اور تمہیں اُنکی زندگی کا احساس نہیں ہوتا۔

اس آیت میں اللہ رب العزت نے شہید کو زندہ فرمایا ہے۔ حدیث پاک سے یہ بات ثابت ہے کہ حضور پاک ﷺ شہید ہو کر فوت ہوئے ہیں۔ جس طرح یہ آیت شہید کے بارے میں ہے تو اس طرح نبی پاک ﷺ بھی شہید بن کر اس آیت کی خوشخبری میں شامل ہیں۔

i) صحیح بخاری کتاب المغازی، باب مرض النبی ﷺ ج:2،ص:637،ط: قدیمی کراچی

ii) مستدرک ،کتاب المغازی ،ج:3،ص:61,60،رقم الحدیث: 4394/98،اقربہ الذھبیؒ،ط:دارالعلمیہ بیروت لبنان

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کی تصدیق شدہ تفسیر احکام القرآن میں ہے:

**تفسیر:** مفسّر قرآن مولانا ظفر احمد عثمانیؒ لکھتے ہیں:

فَلَیْسَ الشَّھِیْدُ بِاَوْلٰی مِنَ النَّبِیِّ ﷺ وَاَنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ حَیٌّ یُّرْزَقُ فِیْ قَبْرِہٖ کَمَاوَرَدَفِی الْحَدِیْثِ. (احکام القرآن للتھانویؒ، ج:1،ص: 92،ط:ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی)

**ترجمہ:** نبی کریم ﷺ کا مرتبہ شہداء سے بہت زیادہ ہے۔ بے شک اللہ کے نبی ﷺ اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں اورانہیں رزق دیا جاتا ہے، یہ عقیدہ حدیث پاک سے ثابت ہے۔

## قرآن پاک سے دوسری دلیل

وَلَاتَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْافِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَرَبِّھِمْ یُرْزَقُوْنَ

(سورۃ آل عمران، آیت: 169)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر ﷺ) جولوگ اللہ کے راستے میں قتل ہوئے ہیں انہیں ہرگز مردہ نہ سمجھنا بلکہ وہ زندہ ہیں، انہیں اپنے رب کے پاس رزق ملتا ہے۔

علماء حق، علماء دیوبند کی اتفاقی تفسیر میں مفسر قرآن حضرت مولانا احمد سعید دھلوی لکھتے ہیں:

**تفسیر:** انبیاء کرام علیہم السلام شہیدوں سے بڑے درجے والے ہیں تو وہ بھی زندہ ہیں ان کی زندگی اتنی مضبوط ہے کہ روح کا جسم کے ساتھ تعلق ہے اسی وجہ سے نبی ﷺ کی وفات کے بعد انکی بیوی سے نکاح نہیں ہوتا اور نہ ہی نبی ﷺ کی میراث تقسیم ہوتی ہے بلکہ قبر پر جا کر کوئی سلام کہے تو اس کو سنتے ہیں اور جواب دیتے ہیں۔ (تفسیر کشف الرحمٰن، ج:1، ص: 592، ط: مکتبہ رشیدیہ کراچی)

اس تفسیر پر جن اکابرین امت مسلمہ کے دستخط ہیں ان کے اسماء کرام یہ ہیں:

1) مدرس مسجد نبوی ﷺ، شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا حسین احمد مدنی رَحِمَهُ اللّٰهُ
2) عالم اسلام کے پہلے شیخ الحدیث، حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی رَحِمَهُ اللّٰهُ
3) دارالعلوم دیوبند میں نصف صدی تک مہتمم، حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمی رَحِمَهُ اللّٰهُ
4) استاذ العلماء مفتی اعظم دارالعلوم دیوبند مولانا مفتی مہدی حسن شاہ جہان پوری رَحِمَهُ اللّٰهُ
5) شیخ الحدیث والادب، جامع الفضائل، فقیہِ زماں حضرت مولانا اعزاز علی امروہی رَحِمَهُ اللّٰهُ
6) مفتی اعظم متحدہ ہندوستان، فخر الاماثل، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلویؒ رَحِمَهُ اللّٰهُ

## قرآن پاک سے تیسری دلیل

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا. (سورۃ النساء، آیت: 64)

ترجمہ: اور اگر گناہ گار لوگ گناہ کرنے کے بعد (اے نبی ﷺ) تیرے پاس آئیں خود بھی اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں اور آپ ﷺ بھی ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں تو اللہ ان کی توبہ قبول کریں گے اور ان پہ رحمت کریں گے۔

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع عثمانیؒ لکھتے ہیں:

**تفسیر 1:** سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو قبر مبارک میں دفن کرنے کے تین دن بعد ایک دیہاتی آیا اور قبر شریف کے پاس گر گیا اور روتے ہوئے حضور ﷺ سے عرض کرنے لگا کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں وعدہ فرمایا ہے کہ اگر گناہگار شخص، رسول ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو جائے اور رسول ﷺ اس کے لئے دعائے مغفرت کریں تو اللہ پاک اسے معاف فرما دیں گے۔ اس لئے اے نبی پاک ﷺ! میں آپکی خدمت میں حاضر ہوا ہوں کہ آپ ﷺ میرے لئے معافی کی دعا کریں۔ اس کے بعد اسے روضہ اقدس سے آواز آئی قَدْ غُفِرَ لَکَ کہ تیری بخشش کر دی گئی۔ (معارف القرآن، ج:2،ص:460،ط:ادارة المعارف کراچی)

**تفسیر 2:** اس آیت سے ثابت ہوا کہ جیسے حضور پاک ﷺ کے پاس لوگ معافی کی دعا کرانے آیا کرتے تھے تو اسی طرح آج بھی روضہ رسول ﷺ پر حاضری اسی حکم میں داخل ہے۔

یعنی اب بھی حضور پاک ﷺ کے روضۂ مبارکہ پر حاضر ہو کر عرض کر دیں تو حضور پاک ﷺ دعا فرمائیں گے۔ (معارف القرآن، ج:2،ص:459 ،ط:ادارة المعارف کراچی)

## قرآن پاک سے چوتھی دلیل

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ. (سورة الانفال ،آیت : 33)

ترجمہ: اور اے پیغمبر ﷺ! اللہ تعالیٰ ایسا نہیں ہے کہ ان لوگوں کو اس حالت میں عذاب دے جب تک آپ ﷺ ان میں موجود ہو۔

مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع عثمانیؒ لکھتے ہیں:

**تفسیر:** آپ ﷺ کا اپنے روضہ میں زندہ ہونا اور آپ ﷺ کی رسالت کا قیامت تک قائم رہنا اس کی دلیل ہے کہ یہ امت قیامت تک عذاب سے بچی رہے گی۔ (معارف القرآن،ج:4،ص:225)

## قرآن پاک سے پانچویں دلیل

وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَا اَنْ تَنْكِحُوْا اَزْوَاجَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ اَبَدًا. (سورۃ الاحزاب، آیت:53)

**ترجمہ:** اور تمہارے لئے جائز نہیں ہے کہ تم نبی ﷺ کو تکلیف پہنچاؤ اور نہ یہ جائز ہے کہ اُن کے بعد اُن کی بیویوں سے کبھی بھی نکاح کرو۔

مفسر قرآن، عظیم محدث، فقیہ حضرت علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانیؒ لکھتے ہیں:

**تفسیر 1:** قُلْتُ وَجَازَ اَنْ يَكُوْنَ ذَالِكَ لِاَجْلِ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ حَيٌّ فِيْ قَبْرِهٖ وَلِذَالِكَ لَمْ يُوْرَثْ وَلَمْ يَتَئَمْ اَزْوَاجُهٗ .

(تفسیر مظہریؒ (عربی) ج:7، ص:408 (اردو) ج:9، ص:416، ط: ایچ ایم سعید کراچی)

**ترجمہ:** امہات المؤمنین رضی اللہ عنھن سے نکاح نہ ہونے کی یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں اس لیے حضور پاک ﷺ کے مال مبارک کا کوئی وارث قرار نہیں پایا اور حضور پاک ﷺ کی وفات سے آپ کی بیویاں بیوہ نہ ہوئیں۔

**تفسیر 2:** مفسر قرآن، عظیم محدث، شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ لکھتے ہیں:

اس مسئلے (عقیدہ حیات النبی ﷺ) کی نہایت محققانہ بحث حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کی کتاب آب حیات میں ہے۔ (تفسیر عثمانی، ص:567، ط: قرآن کمپلکس ریاض سعودی عرب)

**نوٹ:** آبِ حیات میں واضح طور پر نبی ﷺ کو قبر میں زندہ مانا گیا ہے اور ساتھ ہی آپ ﷺ کا قبر کے قریب سلام سننے والے عقیدہ کو صحیح اور اہل السنّت والجماعت کا عقیدہ بتایا گیا ہے۔

مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع عثمانیؒ لکھتے ہیں:

**تفسیر 3:** آپ ﷺ کی وفات کے بعد ازواج مطہرات رضی اللہ عنھن سے نکاح حرام ہے۔ وہ

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

بنص قرآن مومنوں کی مائیں ہیں۔ اور دوسری وجہ یہ کہ آپ ﷺ وفات کے بعد اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں۔ آپ ﷺ کی وفات کا درجہ ایسا ہے جیسے کوئی زندہ شوہر گھر سے غائب ہو۔ اسی لیے آپ ﷺ کی میراث تقسیم نہیں ہوئی۔ اسی بناء پر آپ ﷺ کی ازواج کا وہ حال نہیں جو عام شوہروں کی وفات پر اُن کی ازواج کا ہوتا ہے۔ (معارف القرآن ،ج:7،ص:203،ط:ادارۃ المعارف کراچی)

## قرآن پاک سے چھٹی دلیل

وَجِئۡنَا بِکَ شَهِيۡدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ (سورۃ النحل،آیت:89)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر ﷺ) ہم تمہیں ان لوگوں کے خلاف گواہی دینے کیلئے لائیں گے۔

مفسر قرآن، عظیم محدث، شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ لکھتے ہیں:

**تفسیر:** حدیث پاک میں ہے کہ امت کے اعمال ہر روز حضور پاک ﷺ کی خدمت میں پیش ہوتے ہیں، آپ ﷺ اعمالِ خیر کو دیکھ کر خدا کا شکر اور بداعمالیوں پر مطلع ہو کر نالائقوں کیلئے استغفار فرماتے ہیں۔

(تفسیر عثمانی ،ص:366،ط:قرآن کمپلکس ریاض سعودی عرب)

## قرآن پاک سے ساتویں دلیل

يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّا اَرۡسَلۡنٰکَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّنَذِيۡرًا. (سورۃ الاحزاب، آیت: 45)

ترجمہ: اے نبی ﷺ! بیشک ہم نے آپ ﷺ کو ایسا بنا کر بھیجا ہے کہ آپ ﷺ گواہی دینے والے، خوشخبری سنانے والے اور خبردار کرنے والے ہیں۔

مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع عثمانیؒ لکھتے ہیں:

**تفسیر:** تمام انبیاء کرام علیہم السلام خصوصاً رسول اللہ ﷺ اس دنیا سے گزرنے کے بعد بھی اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔ (تفسیر معارف القرآن، ج:7،ص:177،ط:ادارۃ المعارف کراچی)

**نوٹ:** چھٹی دلیل میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ آپ ﷺ پر اُمت کے اعمال پیش ہوتے ہیں۔

اس آیت مبارکہ میں آپ ﷺ کو گواہی دینے والا بتلایا گیا ہے۔ گویا یہ آیت مبارکہ پچھلی آیت کی تشریح کر رہی ہے۔ قبر مبارک میں امت کے اعمال پیش ہونے کی وجہ سے قیامت کے دن حضور پاک ﷺ گواہی دیں گے۔

شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن دیوبندیؒ فرماتے ہیں:

حضور پاک ﷺ پر قبر مبارک میں اُمت کے اعمال کا پیش ہونا عقیدہ حیات النبی ﷺ کی یوں دلیل بنتی ہے کہ حضور پاک ﷺ اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں اسی لئے وہاں امت کے اعمال پیش ہو رہے ہیں۔ (حاشیہ سنن ابی داؤد، کتاب الصلوٰۃ، باب: تفریع ابواب الجمعہ، ج: 1، ص: 158، ط: مکتبہ رحمانیہ لاہور)

## قرآن پاک سے آٹھویں دلیل

فَضَرَبْنَا عَلٰی اٰذَانِهِم فِی الْكَهْفِ سِنِیْنَ عَدَدًا . (سورۃ الکهف، آیت: 11)

ترجمہ: چنانچہ ہم نے اُن کے کانوں کو تھپکی دے کر کئی سال تک اُن کو غار میں سُلائے رکھا۔

مفسر قرآن حضرت امام فخر الدین رازیؒ لکھتے ہیں:

**تفسیر:** پہلی اُمتوں کے یہ لوگ (اصحابِ کہف) ہیں۔ ان بزرگوں کی کرامت تھی کہ 309 سال سونے کے بعد بھی صحیح سلامت رہے۔ ہماری اُمت میں بھی ایسی ہستیاں موجود ہیں جن سے اس قسم کے واقعات کا ظہور ہوا ہے۔ مثلاً:

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنی وفات سے پہلے یوں وصیت فرمائی کہ جب میں فوت ہو جاؤں تو حضور پاک ﷺ سے اجازت لینا کہ میری قبر حضور پاک ﷺ کے ساتھ انکے روضہ اقدس میں بنائی جائے یا نہیں؟ اگر اجازت مل جائے تو مجھے وہیں دفن کر دینا ورنہ عام مسلمانوں کے قبرستان میں میری قبر بنا دینا۔

چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد انکی وصیت کے مطابق اُن

کا جنازہ حضور پاک ﷺ کے روضۂ مبارکہ کے دروازے پر رکھ کر صحابہ کرام نے حضور پاک ﷺ کی خدمت میں صلوٰۃ وسلام پڑھا پھر یوں عرض کیا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ دروازے پر موجود ہیں تو روضۂ مبارکہ کا دروازہ خود بخود کھل گیا اور اندر سے آواز آئی کہ دوست کو دوست تک پہنچا دو

(مفاتیح الغیب المعروف تفسیر کبیر، ج: 7، ص: 433، ط: مکتبہ علوم اسلامیہ لاہور)

## قرآن پاک سے نویں دلیل

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ

(سورۃ الحجرات، آیت: 2)

**ترجمہ:** اے ایمان والو! اپنی آوازیں نبی ﷺ کی آواز سے بلند مت کیا کرو اور نہ اُن سے بات کرتے ہوئے اس طرح زور سے بولا کرو جیسے تم ایک دوسرے سے زور سے بولتے ہو کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارے اعمال برباد ہو جائیں اور تمہیں پتہ بھی نہ چلے۔

مفسر قرآن حضرت مولانا ادریس کاندھلویؒ کی تفسیر معارف القرآن میں ہے:

**تفسیر:** احادیث میں ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مسجد میں دو بندوں کی بلند آواز سنی تو انکو تنبیہ فرمائی اور پوچھا کہ تم لوگ کہاں کے ہو؟ معلوم ہوا کہ یہ اہل طائف ہیں تو فرمایا اگر تم یہاں مدینہ کے رہائشی ہوتے تو میں تم کو سزا دیتا (افسوس کی بات ہے کہ) تم اپنی آوازیں بلند کر رہے ہو مسجد رسول ﷺ میں۔

(صحیح بخاری، کتاب الصلوٰۃ، باب رفع الصوت فی المسجد، ج: 1، ص: 67، ط: قدیمی کراچی ......از ناقل)

اس حدیث سے علماءِ اُمت نے یہ حکم اخذ فرمایا ہے کہ جیسے آنحضرت ﷺ کا احترام آپ ﷺ کی حیات مبارکہ میں تھا اسی طرح کا احترام وتوقیر اب بھی لازم ہے کیوں کہ حضور اکرم ﷺ اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں۔ (معارف القرآن، ج: 7، ص: 487، ط: فریدبک ڈپو دھلی، ہندوستان)

# قرآن پاک سے دسویں دلیل

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا٥ (سورة الاحزاب، آیت:56)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی اُن ﷺ پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجا کرو۔

مفسر قرآن، عظیم محدث، شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

**تفسیر:** آپ ﷺ کے درود و سلام کے متعلق تفصیلی فوائد علامہ سخاوی رحمہ اللہ کی کتاب ''القول البدیع'' اور میری کتاب صحیح مسلم کی شرح ''فتح الملہم'' میں دیکھیں۔

(تفسیر عثمانی، ص: 568، ط: قرآن کمپلکس ریاض سعودی عرب)

**نوٹ:** القول البدیع اور فتح الملہم میں واضح طور پر نبی ﷺ کو قبر میں زندہ مانا گیا ہے اور ساتھ ساتھ آپ ﷺ کا قبر کے قریب سلام سننے والے عقیدہ کو صحیح اور مسلک اہل السنّت والجماعت کا عقیدہ بتایا گیا ہے۔ [1]

## مشقی سوال

س 1: عقیدہ حیات النبی ﷺ پر پیش کردہ آیات میں سے کوئی سی 3 آیات، آیت نمبر اور باحوالہ تفسیر پیش کریں؟

---

[1] (ان دونوں کتابوں کے تفصیلی حوالہ جات کیلئے باب چہارم، احادیث ص 29، 30، 31 اور باب پنجم، اجماع اُمت ص: 39 ملاحظہ فرمائیں)

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

باب چہارم

# عقیدہ حیات النبی ﷺ اور احادیث مبارکہ

## حدیث پاک سے پہلی دلیل

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ اَتَیْتُ وَفِیْ رِوَایَۃِ هَدَّابٍ مَرَرْتُ عَلٰی مُوْسٰی لَیْلَةَ اُسْرِیَ بِیْ عِنْدَ الْکَثِیْبِ الْاَحْمَرِ وَهُوَ قَائِمٌ یُّصَلِّیْ فِیْ قَبْرِہٖ. (صحیح مسلم، کتاب الفضائل، باب فضائل موسٰی علیہ السلام، ج:2، ص:268، ط:قدیمی کتب خانہ کراچی)

**ترجمہ:** حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا جس رات مجھے معراج کا سفر کرایا گیا تو میں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو سرخ ٹیلے کے قریب اُن کی قبر میں کھڑے ہو کر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔

**نوٹ:** حضرت موسیٰ علیہ السلام وفات پا چکے ہیں اور اس صحیح حدیث پاک سے ثابت ہوا کہ وفات کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان کو قبر مبارک میں زندگی عطا فرمائی ہے۔

## حدیث پاک سے دوسری دلیل

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اَلْاَنْبِیَاءُ اَحْیَاءٌ فِیْ قُبُوْرِهِمْ یُصَلُّوْنَ. (مسند ابی یعلی، ج:6، ص:147، حدیث نمبر:3425، ط: دار العلمیہ بیروت، لبنان)

**ترجمہ:** حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں۔

وہ محدثین کرامؒ جنہوں نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح بتلایا اور اپنی کتب میں اسکی سند کو صحیح لکھا:

1) حافظ ابن حجر عسقلانیؒ (فتح الباری، ج:6، ص:352)
2) حضرت ملا علی قاریؒ (مرقات، ج:2، ص:212)
3) حضرت علامہ ھیثمیؒ (مجمع الزوائد، ج:8، ص:211)
4) حضرت علامہ مناویؒ (فیض القدیر، ج:3، ص:184)
5) حضرت علامہ عزیزیؒ (السراج المنیر، ج:2، ص:134)
6) حضرت علامہ قاضی شوکانیؒ (نیل الاوطار ج3 ص264)
7) مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ (بذل المجہود، ج:2، ص:117)
8) علامہ انور شاہ کشمیریؒ (فیض الباری، ج:2، ص:64)
9) علامہ شبیر احمد عثمانیؒ (فتح الملہم، ج:1، ص:329)
10) شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ (فضائل درود، ص:18+34)

## حدیث پاک سے تیسری دلیل

**عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ** رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ **قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ** صلی اللہ علیہ وسلم **مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عِنْدَقَبْرِیْ سَمِعْتُهٗ وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ بَعِیْدٍ اُعْلِمْتُهٗ.**

( جلاء الافهام فی فضل الصلاة والسلام علی محمد خیر الانام ، ص:92،ط:دار ابن جوزی الدمام)

**ترجمہ:** حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو میری قبر کے پاس درود پڑھے گا اُس کو میں خود سنوں گا اور جو مجھ پر دور سے درود پڑھے گا تو وہ مجھے بتلایا جائے گا۔

**وہ محدثین کرام جنہوں نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح بتلایا اور اپنی کتب میں اسکی سند کو صحیح لکھا:**

1) امام ابو بکر البیہقیؒ (جزء حیات الانبیاء، ص:6)
2) حافظ ابن حجر عسقلانیؒ (فتح الباری، ج:6،ص:356)
3) علامہ شمس الدین السخاویؒ (القول البدیع، ص:116)
4) حضرت ملا علی قاریؒ (مرقاۃ، ج:2،ص:10)
5) امام ابو الحسن علی بن محمد الکنانیؒ (تنزیہ الشریعۃ، ص:335)
6) علامہ شبیر احمد عثمانیؒ (فتح الملہم، ج:1،ص:330)
7) مولانا اشرف علی تھانویؒ (نشر الطیب، ص:268)
8) مولانا ادریس کاندھلویؒ (سیرت المصطفیٰ، ج:3،ص:174)
9) مفتی محمد شفیع عثمانیؒ (جواہر الفقہ، ج:1،ص:517،ط:جدید)
10) شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ (فضائل درود، ص:19)

## حدیث پاک سے چوتھی دلیل

**عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ** رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ **یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ** صلی اللہ علیہ وسلم **یَقُوْلُ: وَالَّذِیْ نَفْسُ اَبِی الْقَاسِمِ بِیَدِهٖ لَیَنْزِلَنَّ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ اِمَامًا مُقْسِطًا وَحَکَمًا عَدْلًا فَلَیَکْسِرَنَّ الصَّلِیْبَ وَلَیَقْتُلَنَّ الْخِنْزِیْرَ وَلَیُصْلِحَنَّ ذَاتَ الْبَیْنِ وَلَیُذْهِبَنَّ الشَّحْنَاءَ وَلَیُعْرَضَنَّ عَلَیْهِ الْمَالُ فَلَا یَقْبَلُهٗ ثُمَّ لَئِنْ قَامَ عَلٰی قَبْرِیْ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ لَاُجِیْبَنَّهٗ**

(مسند ابی یعلی، باب:115، ج:11،ص462،ط:دار المامون للتراث،دمشق ، شام،المحقق:حسین سلیم اسد)

**ترجمہ:** حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم اٹھا کر فرمایا بے شک حضرت عیسیٰ علیہ السلام (قیامت سے پہلے) عادل حکمران بن کر آسمان سے نازل ہوں گے، عیسائیت کو ختم کردیں گے، یہودیت کو مٹا دیں گے، مسلمانوں میں صلح کا قیام عمل میں لائیں گے ،اہل اسلام میں مال و دولت کی فراوانی ہوگی اگر کوئی آدمی ان کو مال پیش کرے گا تو انکار فرما دیں گے پھر یقیناً وہ میری قبر پر آ کر سلام کریں گے تو میں ان کو ضرور جواب دونگا۔

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

**نوٹ:** حیات النبی ﷺ کا انکار اتنا بڑا جرم ہے جس کیلئے اللہ تعالیٰ 2 نبیوں سے کام لیں گے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام سلام کر کے اور امام الانبیاء علیہ السلام جواب دے کر اس فتنے کی تردید فرمائیں گے۔

وہ محدثین کرامؒ جنہوں نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح بتلایا اور اپنی کتب میں اسکی سند کو صحیح لکھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1) علامہ ابن حجر ھیثمیؒ | (مجمع الزوائد، ج:8،ص:211) | 2) علامہ جلال الدین سیوطیؒ | (الدر المنثور، ج:2،ص:245) |
| 3) علامہ جلال الدین سیوطیؒ | (الجامع الصغیر، ج:2،ص:140) | 4) علامہ جلال الدین سیوطیؒ | (الحاوی للفتاوی، ج:2،ص:148) |
| 5) حضرت امام حاکمؒ | (المستدرک، ج:2،ص:595) | 6) علامہ شمس الدین ذہبیؒ | (المستدرک، ج:2،ص:595) |
| 7) حافظ ابن حجر عسقلانیؒ | (المطالب العالیہ، ج:4،ص:23) | 8) محشی مسند ابی یعلی | (مسند ابی یعلی، ج:11،ص:462) |
| 9) مولانا انور شاہ کشمیریؒ | (عقیدۃ الاسلام،ص:75) | 10) مولانا بدر عالم میرٹھیؒ | (ترجمان السنۃ، ج:2،ص:592) |

## حدیث پاک سے پانچویں دلیل

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ مَامِنْ اَحَدٍیُّسَلِّمُ عَلَیَّ اِلَّارَدَّاللّٰهُ عَلَیَّ رُوْحِیْ حَتّٰی اَرُدَّعَلَیْهِ السَّلَامَ

(سنن ابی داؤد، کتاب المناسک ،باب زیارت القبور، ج: 1،ص: 279،ط:ایچ ایم سعید کراچی)

**ترجمہ:** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جیسے ہی کوئی شخص مجھے سلام کرے گا تو اللہ تعالیٰ میری توجہ لوٹا دیں گے اور میں اس کے سلام کا جواب دوں گا۔

وہ محدثین کرامؒ جنہوں نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح بتلایا اور اپنی کتب میں اسکی سند کو صحیح لکھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1) حافظ ابن حجر عسقلانیؒ | (فتح الباری، پ:3،ص:279) | 2) علامہ زرقانیؒ | (زرقانی شرح المواهب، ج:8،ص:308) |
| 3) امام نوویؒ | (کتاب الاذکار،ص:106) | 4) حافظ ابن کثیرؒ | (تفسیر ابن کثیر، ج:3،ص:514) |
| 5) علامہ محمد الحاجی البوسنویؒ | (حاشیہ حیات الانبیاء للبیہقی ،ص:6) | 6) علامہ عزیزیؒ | (السراج المنیر ، ج:3،ص:279) |
| 7) امام ابن تیمیہؒ | (فتاوی ابن تیمیہ، ج:4،ص:361) | 8) علامہ سمہودیؒ | (وفاء الوفا، ج:2،ص:403) |
| 9) علامہ انور شاہ کشمیریؒ | (عقیدۃ الاسلام،ص:52) | 10) علامہ شبیر احمد عثمانیؒ | (فتح الملہم ، ج:1،ص:330) |

## حدیث پاک سے چھٹی دلیل

عَنْ اَوْسِ ابْنِ اَوْسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَیَّامِکُمْ یَوْمَ الْجُمُعَةِ فِیْهِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِیْهِ قُبِضَ وَفِیْهِ النَّفْخَةُ وَفِیْهِ الصَّعْقَةُ فَاَکْثِرُوْاعَلَیَّ مِنَ الصَّلٰوةِ فِیْهِ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ مَعْرُوْضَةٌعَلَیَّ قَالَ قَالُوْایَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ وَکَیْفَ تُعْرَضُ صَلَاتُنَاعَلَیْکَ وَقَدْاَرِمْتَ قَالَ یَقُوْلُوْنَ بَلِیْتَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ حَرَّمَ عَلَی

الْاَرْضِ اَجْسَادَالْاَنْبِیَاءِ. (ابو داؤد، کتاب الصلوٰۃ ،باب تفریع ابواب الجمعۃ، ج:1،ص:150،ط:ایچ ایم کراچی )

ترجمہ: حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جمعہ کا دن تمام دِنوں سے افضل ہے اسی دن حضرت آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اسی دن فوت ہوئے۔ اسی دن قیامت کا پہلا صُور اور پھر اسی دن آخری صور پھونکا جائے گا۔تو تم میرے اوپر زیادہ درود شریف پڑھا کرو بیشک تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جائے گا۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا آپ کے فوت ہونے کے بعد ہمارا درود آپ ﷺ پر کیسے پیش ہوگا حالانکہ آپ ﷺ تو مٹی ہو چکے ہوں گے۔تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر پابندی لگا دی ہے کہ وہ انبیاء کرام علیہم السلام کے اجسام مبارکہ کو کھا سکے۔

نوٹ: اس حدیث سے ثابت ہوا کہ درود شریف آپ ﷺ کے جسم مبارک پر پیش ہوتا ہے اور یہ نبی ﷺ کے زندہ ہونے کی دلیل ہے کہ زندہ ہیں تبھی تو درود شریف پیش ہوتا ہے۔

وہ محدثین کرامؒ جنہوں نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح بتلایا اور اپنی کتب میں اسکی سند کو صحیح لکھا:

1) علامہ بدرالدین عینیؒ (عمدۃ القاری، ج:6،ص:69)
2) حافظ ابن حجر عسقلانیؒ (فتح الباری، پ:26،ص:58)
3) علامہ ابن عبد الہادیؒ (الصارم المنکی ،ص:174)
4) امام نوویؒ (کتاب الاذکار،ص:106)
5) حافظ ابن کثیرؒ (تفسیر ابن کثیر، ج:3،ص:514)
6) علامہ منذریؒ (القول البدیع ،ص:119)
7) حافظ ابن القیمؒ (جلاء الافہام،ص:36)
8) امام حاکمؒ (مستدرک، ج:4،ص:560)
9) علامہ شمس الدین ذہبیؒ (مستدرک، ج:4،ص:560)
10) علامہ انور شاہ کشمیریؒ (خزائن الاسرار،ص:19)

## حدیث پاک سے ساتویں دلیل

عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اَکْثِرُوْا الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ فَاِنَّہُ مَشْھُوْدٌ تَشْھَدُہُ الْمَلٰئِکَۃُ وَاِنَّ اَحَدًالَنْ یُّصَلِّیَ عَلَیَّ اِلَّاعُرِضَتْ عَلَیَّ صَلٰوتُہُ حَتّٰی یَفْرُغَ مِنْھَاقَالَ قُلْتُ وَبَعْدَالْمَوْتِ قَالَ وَبَعْدَالْمَوْتِ اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ عَلَی الْاَرْضِ اَنْ تَاْکُلَ اَجْسَادَالْاَنْبِیَاءِ فَنَبِیُّ اللّٰہِ حَیٌّ یُّرْزَقُ.

(سنن ابن ماجہ ،ص:118،کتاب الجنائز ،باب ذکر وفاتہ ودفنہ،ط:قدیمی کراچی)

ترجمہ: حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جمعہ کے دن

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

میرے اوپر زیادہ درود شریف پڑھا کرو کیونکہ یہ فرشتوں کی حاضری کا دن ہے تم میں جو آدمی بھی درود شریف پڑھے گا جیسے ہی پڑھنے سے فارغ ہوگا تو اس کا درود مجھ تک پہنچا دیا جائے گا۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے پوچھا کیا وفات کے بعد بھی درود پہنچے گا حضور ﷺ نے فرمایا جی ہاں وفات کے بعد بھی درود پہنچے گا کیونکہ اللہ پاک نے زمین پر حرام کر دیا کہ نبی کے جسم کو کھائے اسی لئے وفات کے بعد بھی نبی کو زندگی حاصل ہوتی ہے اور رزق ملتا ہے۔

وہ محدثین کرامؒ جنہوں نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح بتلایا اور اپنی کتب میں اسکی سند کو صحیح لکھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1) حافظ ابن حجر عسقلانیؒ | (تہذیب التہذیب، ج:3،ص:398) | 2) علامہ زرقانیؒ | (شرح المواہب، ج:5،ص:336) |
| 3) ملا علی قاریؒ | (مرقاۃ، ج:2،ص:112) | 4) علامہ دمیریؒ | (شرح المواہب، ج:5،ص:336) |
| 5) علامہ منذریؒ | (ترجمان السنۃ، ج:3،ص:297) | 6) علامہ عزیزیؒ | (السراج المنیر، ج:1،ص:290) |
| 7) علامہ مناویؒ | (فیض القدیر، ج:2،ص:87) | 8) علامہ سمہودیؒ | (خلاصۃ الوفاء، ص:48) |
| 9) علامہ قاضی شوکانیؒ | (نیل الاوطار، ج:3،ص:264) | 10) مولانا شمس الحقؒ عظیم آبادی | (عون المعبود، ج:1،ص:405) |

## حدیث پاک سے آٹھویں دلیل

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ لِلّٰهِ مَلٰئِكَةً سَيَّاحِيْنَ فِي الْاَرْضِ يُبَلِّغُوْنِيْ مِنْ اُمَّتِي السَّلَامَ.

(سنن نسائی، کتاب السھو، باب التسلیم علی النبی ﷺ ج:1،ص:189،ط:قدیمی کراچی)

**ترجمہ:** حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے کچھ فرشتے ایسے پیدا فرمائے ہیں جن کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ زمین میں گھومتے ہیں اور میری امت کا سلام مجھ تک پہنچاتے ہیں۔

وہ محدثین کرامؒ جنہوں نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح بتلایا اور اپنی کتب میں اسکی سند کو صحیح لکھا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1) امام حاکمؒ | (مستدرک، ج:2،ص:421) | 2) علامہ ذہبیؒ | (مستدرک، ج:2،ص:421) |
| 3) علامہ ہیثمیؒ | (مجمع الزوائد، ج:9،ص:24) | 4) علامہ بزارؒ | (مجمع الزوائد، ج:9،ص:24) |
| 5) علامہ ابن عبد الہادیؒ | (السارم المنکی، ص:168) | 6) علامہ عزیزیؒ | (السراج المنیر، ج:1،ص:518) |
| 7) علامہ سیوطیؒ | (الخصائص الکبریٰ، ج:2،ص:491) | 8) علامہ سخاویؒ | (القول البدیع، ص:115) |
| 9) علامہ سمہودیؒ | (وفاء الوفا، ج:2،ص:404) | 10) شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ | (فتاویٰ عزیزیہ، ج:2،ص:69) |

## حدیث پاک سے نویں دلیل

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ النَّاسُ یَصْعَقُوْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَاَکُوْنُ اَوَّلَ مَنْ یُّفِیْقُ.

(صحیح بخاری، کتاب الانبیاء، باب قول اللّٰہ وواعدناموسٰی ثلٰثین لیلۃ، ج:1، ص:481، ط: قدیمی کراچی)

**ترجمہ:** حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب صُور پھونکا جائے گا تو لوگوں پر بے ہوشی طاری ہو جائے گی پھر بعد میں سب سے پہلے مجھے ہوش آئے گا۔

**نوٹ:** قیامت کے صور پھونکے جانے کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قبر مبارک میں بے ہوشی کا طاری ہونا عقیدہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دلیل ہے کیونکہ بے ہوشی ہمیشہ زندہ انسان پر طاری ہوتی ہے نہ کہ مردہ پر (غور وفکر سے کام لینے والا آسانی سے سمجھ سکتا ہے)

## حدیث پاک سے دسویں دلیل

اس حدیث پاک کا بنیادی واقعہ کچھ یوں ہے کہ: حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم بھی شہید ہیں لہٰذا جو زندگی شہداء کیلئے قرآن پاک سے ثابت ہے وہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بھی ثابت ہے۔ شہادت کا مختصر واقعہ یوں ہے: 7ھ میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر میں فتح حاصل کی۔ یہودی جنگ ہار گئے اُنہوں نے شکست کا بدلہ لینے کیلئے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کرنے کا منصوبہ بنایا۔ چنانچہ ایک یہودی سلام بن مشکم کی بیوی ''زینب بنت حارث'' نے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے کھانے میں زہر ملا دیا۔ کھانا تناول فرماتے وقت حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک صحابی حضرت بشیر بن براء رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے۔ وہ اس کھانے کو کھاتے ہی شہید ہو گئے مگر حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا۔ لقمہ کھاتے ہی گوشت کی بوٹی بول اُٹھی کہ میں زہر آلودہ ہوں مگر اسی دوران اُس زہر کا اثر پیٹ مبارک میں چلا گیا تھا۔ چنانچہ اس واقعے کے چار سال بعد 11ھ

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

میں حضور پاک ﷺ کی وفات ہوئی تو اس وقت اس زہر کا خاصہ اثر تھا۔

## حضور پاک ﷺ کی شہادت کے دلائل

حضور پاک ﷺ نے وفات سے چند لمحات پہلے فرمایا:

1) وَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہا كَانَ النَّبِیُّ ﷺ يَقُوْلُ فِیْ مَرَضِهِ الَّذِیْ مَاتَ فِيْهِ يَاعَائِشَةُ مَاازَالُ اَجِدُاَلَمَ الطَّعَامِ الَّذِیْ اَكَلْتُ بِخَيْبَرَ فَهٰذَااَوَانُ وَجَدْتُ انْقِطَاعَ اَبْهُرِیْ مِنْ ذٰلِکَ السَّمِّ.

(صحیح بخاری کتاب المغازی، باب مرض النبی ﷺ ج:2،ص:637،ط: قدیمی کراچی)

**ترجمہ:** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایام مرض الوفات میں فرمایا کہ جو زہریلا کھانا میں نے خیبر میں کھایا تھا اب میں اُس کھانے کی تکلیف محسوس کر رہا ہوں پس یہ وقت میری کمر کی رگ کٹنے کا ہے۔

لہٰذا آپ ﷺ کی وفات کا سبب یہی زہر ہے اس لیے آپ ﷺ شہید بھی ہوئے۔

2) عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہ قَالَ لِاَنْ اَحْلِفَ تِسْعًااَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قُتِلَ قَتْلاً اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَحْلِفَ وَاحِدَةً اَنَّهٗ لَمْ يُقْتَلْ وَذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰهَ اتَّخَذَهٗ نَبِيًّا وَّاتَّخَذَهٗ شَهِيْدًا.

(مستدرک ،کتاب المغازی ، ج:3،ص:61,60،رقم الحدیث 4394/98،اقر به الذہبیؒ،ط:دار العلمیه بیروت لبنان)

**ترجمہ:** حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نو دفعہ قسم اٹھاؤں کہ رسول اللہ ﷺ شہید ہوئے مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ میں ایک دفعہ یہ قسم اُٹھاؤں (اور بات پکی کر دوں) کہ رسول اللہ ﷺ (کسی کافر کے ہاتھوں تلوار کے ساتھ) قتل نہیں کیے گئے اور یہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور پاک ﷺ کو نبی بھی بنایا اور شہید بھی بنایا ہے۔

**مشقی سوال س 1:** 5 احادیث جن کو محدثین کرام نے بطور ثبوت پیش کیا ہو، با حوالہ پیش کریں۔

باب پنجم

# عقیدہ حیات النبی ﷺ اور امت مسلمہ

## روایت خطبہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور پاک ﷺ کے فوت ہونے کے بعد آپ ﷺ کی چارپائی کے نزدیک تشریف لائے اور آپ ﷺ کا ماتھا چوم کر فرمایا:

**بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ طِبْتَ حَیًّا وَّ مَیِّتًا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَا یُذِیْقُکَ اللّٰہُ الْمَوْتَتَیْنِ اَبَدًا.** (صحیح بخاری، کتاب المناقب، باب: مناقب ابی بکر ؓ، ج:1، ص:517، ط: قدیمی کراچی)

**ترجمہ:** میرے ماں باپ قربان ہو جائیں کہ آپ ﷺ نے اچھی زندگی پائی اور اچھی وفات پائی۔ پھر لوگوں کے پاس آکر خطبہ دیا اور حضور ﷺ کی وفات کا اعلان کر کے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ آپ ﷺ پر دو موتیں نہیں آئیں گی۔

**تشریح:** ایک موت تو حضور پاک ﷺ پر آچکی ہے اور اب وہ دوسری موت کونسی ہے جو حضور پاک ﷺ پر نہیں آئے گی؟ محدثین کرام نے اس حدیث کی تشریح میں فرمایا:

**وَالْاَحْسَنُ اَنْ یُّقَالَ اَنَّ حَیَاتَہٗ ﷺ لَا یَتَعَقَّبُھَا مَوْتٌ بَلْ یَسْتَمِرُّ حَیًّا وَالْاَنْبِیَاءُ اَحْیَاءٌ فِیْ قُبُوْرِھِمْ.** (حاشیہ صحیح بخاری، کتاب المناقب، باب: مناقب ابی بکر ؓ، ج:1، ص:517، ط: قدیمی کراچی)[1]

**ترجمہ:** بہترین تفسیر یہی ہے کہ حضور پاک ﷺ کی قبر کی زندگی پر دوبارہ موت نہیں آئے گی بلکہ اب آپ ہمیشہ زندہ رہیں گے جس طرح باقی انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔

---

[1] **نوٹ:** حاشیہ صحیح بخاری، بانی دار العلوم دیوبند حضرت مولانا امام محمد قاسم نانوتوی ؒ کے استاد، محدث کبیر حضرت مولانا احمد علی سہارنپوری ؒ نے لکھا ہے، اور یہی تشریح حافظ ابن حجر عسقلانی ؒ نے فتح الباری، ج:6، ص:511، اور علامہ بدر الدین عینی ؒ نے عمدۃ القاری، ج:6، ص:601 پر بیان کی ہے۔ معلوم ہوا کہ خطبہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے نبی ﷺ کی قبر کی زندگی کو بیان کرنا صرف علمائے دیوبند کا طریقہ ہی نہیں بلکہ امت کے جلیل القدر ائمہ بھی اس روایت سے عقیدہ حیات النبی ﷺ کو ثابت کر گئے ہیں۔

راہ زندگی میں گو ہم پر بڑے مشکل مقام آئے ۔۔۔ نہ ہم سے قافلہ چھوٹا نہ ہم نے رہنما بدلا

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

# منکرین حیات الانبیاء علیہم السلام (مماتی فرقہ) کا حکم

سرخیلِ احناف، حضرت علامہ بدرالدین عینی حنفیؒ، عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری میں لکھتے ہیں:

مَنْ اَنْکَرَ الْحَیَاۃَ فِی الْقَبْرِ وَھُمُ الْمُعْتَزِلَۃُ. وَاُجِیْبَ عَنْ اَھْلِ السُّنَّۃِ.

(عمدۃ القاری، کتاب المناقب، باب: مناقب ابی بکرؓ، ج: 6، ص: 601، ط: مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)

ترجمہ: قبر میں زندگی کا انکار معتزلہ کرتے ہیں، اہل السنّت والجماعت اُنکو جواب دیتے ہیں۔

## مماتیوں کی اقتداء میں نماز کے متعلق علماءِ دیوبند کے فتاویٰ جات

1) موجودہ علماءِ دیوبند کے پیرومرشد حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید لکھتے ہیں:
آنحضرت ﷺ اپنے روضۂ اطہر میں زندہ ہیں، قبر کے قریب سلام کا جواب دیتے ہیں، جو شخص اس کے خلاف عقیدہ رکھتا ہے وہ میرے اکابر کے نزدیک گمراہ ہے اس کی اقتداء میں نماز پڑھنا جائز نہیں اس کی تقریر سننا جائز نہیں اس کے ساتھ کسی قسم کا تعلق جائز نہیں ہے۔

(آپ کے مسائل اور اُن کا حل، اضافہ وتخریج شدہ ایڈیشن، ج: 1، ص: 299، ط: مکتبہ لدھیانوی بنوری ٹاؤن کراچی)

2) شیخ الحدیث والتفسیر، فاضل دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا علاؤالدین نوراللہ مرقدہٗ فرماتے ہیں: آپ ﷺ اپنے روضۂ اقدس میں روح کے تعلق کے ساتھ زندہ ہیں، قبر مبارک میں پڑھے جانے والے درود وسلام کو سنتے ہیں...... جو شخص اس کے خلاف عقیدہ رکھتا ہے نہ تو وہ دیوبندی کہلانے کا مستحق ہے اور نہ ہی اہل السنۃ والجماعۃ سے اُس کا کوئی تعلق ہے۔ بلکہ وہ بدعتی ہے اس کی اقتداء میں نماز جائز نہیں۔ اہل محلّہ پر لازم ہے کہ ایسے امام کو ہٹا کر اُس کی جگہ صحیح العقیدہ امام مقرر کیا جائے۔ (سہ ماہی مجلہ قافلہ حق، سرگودھا، ج: 2، شمارہ نمبر: 2، ص: 65، ربیع الثانی 1429ھ 2008ء)

3) مولانا محمد جمیل صاحب، امام تبلیغی مرکز رائے ونڈ نے جامعہ اشرفیہ لاہور سے مماتی فرقہ کے متعلق فتویٰ لے کر فرمایا مماتیوں کی اقتداء میں نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔ اگر کسی نے پڑھ لی تو نماز کا دوبارہ پڑھنا واجب ہے، کیونکہ یہ اہل بدعت میں سے ہیں۔

(یہ فتویٰ www.ahnafmedia.com پر سے حاصل کیا جاسکتا ہے)

# اِجماع اُمت مسلمہ

## صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دور سے علماء دیوبند تک

اجماع، اُمت مسلمہ کے اتفاقی فیصلے کو کہا جاتا ہے اجماع امت کا ماننا بہت ضروری ہے اجماع امت کے انکار کر دینے پر بعض صورتوں میں بندہ کافر ہو جاتا ہے اور بعض صورتوں میں کافر تو نہیں ہوتا مگر فاسق یعنی انتہائی گناہ گار اور بدعتی ہو جاتا ہے۔

## اجماع امت مسلمہ کی قرآن پاک میں اہمیت کا ثبوت

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ (سورۃ النساء، آیت:115)

ترجمہ: جو شخص اپنے سامنے ہدایت واضح ہونے کے بعد بھی رسول ﷺ کی مخالفت کرے اور مومنوں کے راستے کے سوا اور راستے کی پیروی کرے اس کو ہم اسی راہ کے حوالے کر دیں گے جو اِس نے خود اپنائی اور اِسے دوزخ میں ڈالیں گے اور وہ بہت بُرا ٹھکانہ ہے۔

شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہم لکھتے ہیں:

**تفسیر:** جس مسئلے پر پوری اُمتِ مسلمہ متفق رہی ہو وہ یقینی طور پر برحق ہے اور اس کی مخالفت جائز نہیں۔ (توضیح القرآن المعروف بہ آسان ترجمہ قرآن، ج:1ص:297،ط:مکتبہ معارف القرآن کراچی)

## اجماع امت مسلمہ کی حدیث پاک میں اہمیت کا ثبوت

عَنْ اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ لَایَجْمَعُ اُمَّتِیْ اَوْقَالَ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ ﷺ عَلٰی ضَلَالَۃٍ وَیَدُ اللّٰہِ مَعَ الْجَمَاعَۃِ وَمَنْ شَذَّ شَذَّ اِلَی النَّارِ.

(جامع ترمذی، ابواب الفتن، باب ماجاء فی لزوم الجماعۃ، ج:2،ص:39،ط:قدیمی کراچی)

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! کہ بے شک اللہ تعالیٰ میری اُمت کو گمراہی پر اجماع نہیں کرنے دے گا اور اللہ تعالیٰ کی مدد جماعت کے ساتھ ہے۔ جو شخص (اجماعِ اُمت) سے علیحدہ ہوا وہ جہنم میں جائے گا۔

## عقیدہ حیات النبی ﷺ اور اجماعِ اُمت

عقیدہ حیات النبی ﷺ پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دور سے لے کر آج تک اجماع چلا آرہا ہے۔

1) مقتدر عالم دین، حضرت علامہ شمس الدین سخاویؒ کا عقیدہ:

**نَحْنُ نُؤْمِنُ وَنُصَدِّقُ بِاَنَّهٗ ﷺ حَيٌّ يُّرْزَقُ فِيْ قَبْرِهٖ وَاَنَّ جَسَدَهُ الشَّرِيْفَ لَاتَاْكُلُهُ الْاَرْضُ وَالْاِجْمَاعُ عَلٰى هٰذَا.**

(القول البدیع فی الصلوۃ علی الحبیب الشفیع ﷺ، عنوان: سبع فوائد فی خاتمۃ الباب الرابع، ص: 172، ط: دار العلمیہ بیروت)

ترجمہ: ہمارا ایمان ہے اور ہم اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ حضور پاک ﷺ اپنی قبر میں زندہ ہیں اور آپ ﷺ کو وہاں رزق بھی ملتا ہے۔ اور آپ ﷺ کے جسدِ اطہر کو مٹی نہیں کھا سکتی اور اس عقیدہ پر پوری دنیا کے مسلمان متفق ہیں۔

2) علامہ ابن حجر ہیثمی مندرجہ بالا الفاظ تحریر فرماتے ہیں۔

(الدر المنضود فی الصلوۃ علی صاحب المقام المحمود، ص: 95، ط: دار العلمیہ بیروت)

3) عظیم محدث، مفسّر قرآن، اُصولی حضرت علامہ جلال الدین سیوطیؒ کا عقیدہ:

**حَيَاتُ النَّبِيِّ ﷺ فِيْ قَبْرِهٖ هُوَ وَسَائِرُ الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ مَعْلُوْمَةٌ عِنْدَنَا عِلْمًا قَطْعِيًّا لِمَا قَامَ عِنْدَنَا مِنَ الْاَدِلَّةِ فِيْ ذَالِكَ وَتَوَاتَرَتْ لَهُ الْاَخْبَارُ الدَّالَّةُ عَلٰى ذَالِكَ.**

(الحاوی للفتاویٰ انباء الاذکیاء فی حیات الانبیاء علیہم السلام، ج: 2، ص: 139، ط: دار العلمیہ بیروت)

ترجمہ: ہمارے نبی ﷺ سمیت تمام انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں بے شک ان کی قبر مبارک میں زندگی یقینی دلائل سے ثابت ہے اور اسی عقیدہ حیات النبی ﷺ پر خبر متواتر

(اجماع امت مسلمہ) بھی قائم ہے۔

4) قطب الارشاد، حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کا عقیدہ:

انبیاء کرام علیہم السلام کے سماع میں کسی کو اختلاف نہیں۔

(فتاویٰ رشیدیہ، کتاب الایمان والکفر، باب زندوں کا مردوں سے مدد مانگنا، ص: 69، ط: ادارہ اسلامیات لاہور، ص: 197، ط: مکتبہ رحمانیہ لاہور)

**نوٹ:** سماع، حیات کے بغیر نہیں ہوتا پس معلوم ہوا کہ آپ ﷺ کی حیات میں بھی کسی کو اختلاف نہیں اور اختلاف نہ ہونے کو اجماع کہتے ہیں یعنی یہ اُمت مسلمہ کا اتفاقی مسئلہ ہے۔ اس پر حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ نے تصدیقی دستخط فرمائے ہیں اور اس کے نیچے یوں لکھا ہے کہ بہترین عبارت ہے۔

5) مُرشد العلماء، حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ کا عقیدہ:

عقیدہ سب کا یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں۔

(حضرت گنگوہیؒ کے حکم سے لکھی جانی والی کتاب، البراھین القاطعہ علی ظلام الانوار الساطعہ، باب (بحث) طعام محفل مولد، ص: 199 ط: سہارن پور انڈیا)

6) شاہ ولی اللہ سرحد، شیخ الحدیث مولانا نصیر الدین صاحب غورغشتویؒ کا عقیدہ:

میرے عزیزو! تمام اہل السنّت والجماعت اس بات پر متفق ہیں کہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام قبر اور برزخ میں زندہ ہیں اور ان کی زندگی حضرات شہداء کی زندگی سے بھی اعلیٰ اور ارفع ہے۔ (مجالس غورغشتوی، ص: 156، ط: مدرسہ فاروقیہ پشاور)

7) ارشاد فرمایا! (حدیث پاک) جس شخص نے مجھ پر میری قبر کے پاس درود پڑھا تو میں خود سنتا ہوں اور جس نے دور سے مجھ پر درود پڑھا تو اس کی مجھے کسی فرشتہ کے ذریعہ سے خبر دی جاتی ہے۔ ارشاد فرمایا! کہ غور سے سنو! یہی ہمارا اور ہمارے سب اساتذہ کرام، مشائخ عظام اور تمام اکابرین کا مسلک اور عقیدہ ہے۔ (مجالس غورغشتوی، ص: 70-69، ط: مدرسہ فاروقیہ پشاور)

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

8) حکیم الامت، مجدّد الملت، حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا عقیدہ:

آپ ﷺ قبر مبارک میں زندہ ہیں قریب قریب اہل حق اس پر متفق ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا بھی یہی اعتقاد (عقیدہ) ہے۔

(اشرف الجواب للشفاء المرتاب (کامل) عنوان نمبر: 75، حضرت ابراہیم علیہ السلام و اولیائے کرامؒ کی حیات برزخیہ کا اثبات حصہ دوئم، روافض کے اعتراضات کے جوابات، ص: 210، ط: ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان)

9) یہ بات باتفاق امت ثابت ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ رہتے ہیں۔

(اشرف الجواب للشفاء المرتاب (کامل) عنوان انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات، ص: 211، ط: ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان)

10) مفتی اعظم ہند، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلویؒ کا عقیدہ:

نبی کریم ﷺ اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں جیسا کہ اہل السنّت والجماعت کا مذہب ہے

(کفایت المفتی، مدلل و مکمل، کتاب العقائد، فصل: چہارم، مسئلہ: علم غیب، باب: مجلس مولود میں صلاۃ وسلام کے ساتھ یارسول اللہ کے الفاظ سے پکارنا، ج: 1، ص: 169، ط: دارالاشاعت کراچی)

11) اُستاذ المحد ثین، حضرت مولانا ادریس کاندھلویؒ کا عقیدہ:

تمام اہل السنّت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں نماز و عبادت میں مشغول ہیں۔ (سیرت المصطفیٰ، باب: سوئم، فصل سوئم، ج: 3، ص 760، ط: المیزان لاہور)

12) حکیم الاسلام، حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمیؒ کا عقیدہ:

نبی کریم ﷺ اور تمام انبیاء کرام علیہم السلام وفات کے بعد اپنی قبروں میں زندہ ہیں قبور پر خود صلوٰۃ وسلام سنتے ہیں، یہ علماء کرام کا اجماعی مسئلہ ہے۔ علمائے دیوبند نے یہ عقیدہ قرآن وسنت سے پایا ہے۔ (کلمات طیبہ المعروف خطباتِ حکیم الاسلام، ج: 7، ص: 181، ط: ادارہ اسلامیات لاہور)

## مشقی سوالات

س 1: اجماع کے 4 حوالے اور خطبہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ والی روایت بیان کریں۔

س 2: پیش کردہ علماء دیوبند کے فتاویٰ جات کی روشنی میں کوئی سا ایک فتویٰ بیان کریں۔

# مسلک اہل السنۃ والجماعۃ اور مماتی فرقہ کے درمیان عقائد میں چند فرق

| مسلک اہل السنۃ والجماعۃ (علماء دیوبند) | مماتی فرقہ |
|---|---|
| 1......تمام انبیاء کرام علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں بالخصوص سید الانبیاء ﷺ اپنے روضۂ اطہر میں روح کے تعلق کے ساتھ زندہ ہیں اور عبادت میں مشغول ہیں۔ یہ عقیدہ اجماع امت مسلمہ اور متواتر احادیث سے ثابت ہے۔<br>(نشر الطیب ص 210، مقام حیات ص 267) | 1......تمام انبیاء کرام علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں بالخصوص آپ ﷺ اپنے روضۂ اطہر میں زندہ نہیں۔ روح کا قبروں میں رکھے ہوئے جسم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ جو حیات والا عقیدہ رکھتے ہیں وہ بدعتی ہیں، گمراہ ہیں۔<br>(المسلک المنصور ص 63، شرک کیا ہے ص 4، مسلک الاکابر ص 45، البرہان الجلی ص 144) |
| 2......روضۂ اطہر کے قریب پڑھا ہوا صلوٰۃ وسلام آپ ﷺ خود سنتے ہیں اور اس کا جواب بھی دیتے ہیں۔<br>(تسکین الصدور ص 50، المہند ص 4، تذکرۃ الخلیل ص 36، نشر الطیب ص 211، آب حیات ص 40) | 2......مدینہ منورہ میں یا دور سے پڑھا ہوا صلوٰۃ وسلام آپ ﷺ نہ سنتے ہیں، نہ جواب دیتے ہیں۔<br>(کیا مردے سنتے ہیں ص 40، عقائد علماء اسلام ص 484، مسلک اکابر ص 31، القول المسند ص 19) |
| 3......عرض اعمال یعنی روضۂ مبارک میں آپ ﷺ کے پاس امت کے اعمال اجمالی طور پر روزانہ پیش ہوتے ہیں۔<br>(احسن الفتاویٰ ص 518، تفسیر عثمانی ص 388، نشر الطیب ص 210) | 3......عرض اعمال والا عقیدہ شیعوں کا عقیدہ ہے۔<br>(عقائد علماء اسلام ص 449، اقامت البرہان ص 245، تسکین القلوب ص 103، تحفہ عجیبہ ص 340) |
| 4......استشفاع! یعنی آپ ﷺ کی قبر کے پاس عاجزانہ درخواست کرنا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ میرے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ یہ جائز ہے۔<br>(معارف القرآن ص 459، نشر الطیب ص 245، آب حیات ص 40) | 4......آپ ﷺ سے دعا کی استدعا کرنا بدعت سیئہ ہے۔ گمراہی ہے۔<br>(القول المسند ص 31، اقامت البرہان ص 312، المسلک المنصور ص 67، عقائد علماء اسلام ص 649) |
| 5......روضۂ اطہر کی زیارت کے لئے جانا اور صرف زیارت ہی کی نیت سے سفر کرنا فرائض وواجبات کے علاوہ سب سے بڑی نیکی ہے۔<br>(وفاء الوفاء ص 177 ج 4، فتح القدیر ص 74 ج 3، درمختار ص 63 ج 4) | 5......روضۂ اقدس کی زیارت کی نیت سے سفر کرنا جائز نہیں۔ بدعت ہے۔ سلف صالحین میں سے کسی نے اس کو مستحب قرار نہیں دیا۔<br>(تحقیق الحق ص 35، کتاب التوحید فی العبادات الالوہیہ) |
| 6......ایصال ثواب برحق ہے۔ خواہ زندہ کو کیا جائے یا فوت شدہ کو۔ مالی صدقات کے ساتھ ہو یا دوسری عبادات کے ساتھ ہو۔ اس کا فائدہ روح اور جسم دونوں کو ہوتا ہے۔<br>(راہ سنت ص 249) | 6......اگر مردے کو ایصال ثواب کیا جائے تو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ کیونکہ روح کا جسم عنصری سے کوئی تعلق نہیں۔<br>(ملخصاً عقیدہ مماتی فرقہ) |
| 7......زمین کی وہ جگہ جو آپکے جسم مبارک کے ساتھ لگی ہوئی ہے۔ جہاں آپ ﷺ آرام فرما ہیں۔ وہ جگہ کائنات کی ہر شے سے افضل، حتیٰ کہ عرش وکرسی بھی اس کے مقابل کچھ نہیں۔<br>(فضائل حج ص 177، تاریخ مدینہ ص 147، تسکین الاذکیا ص 486) | 7......وہ جگہ جو آپ ﷺ کے جسم کو لگی ہوئی ہے وہ عام جگہوں کی طرح ایک جگہ ہے۔ عرش وبیت اللہ سے بھی افضل نہیں۔ کوئی قبر جنت کا باغ نہیں۔ آپ ﷺ کی قبر عام قبروں کی طرح ایک قبر ہے۔ اس کی کوئی فضیلت نہیں۔ فضیلت کا عقیدہ رکھنے والے غلطی پر ہیں۔<br>(عقائد علماء اسلام ص 486، ندائے حق ص 476) |
| 8......آپ ﷺ، انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء کرامؒ کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا اور یوں عرض کرنا کہ "اے اللہ! ان بزرگوں کے واسطہ سے میری دعا قبول فرما۔ جائز ہے۔ بعد از وفات ہو یا قبل از وفات ہو۔<br>(احسن الفتاویٰ ص 422، معارف القرآن ج 1 ص 100) | 8......انبیاء کرام علیہم السلام اولیاء کرامؒ کے وسیلے سے دعا کرنا وفات کے بعد شرک ہے۔ بدعت ہے۔ مشرکین کا عمل ہے۔ جو توسل کا عقیدہ رکھتے ہیں وہ بدعتی ہیں۔ (کشف الحجاب ص 93، البرہان الجلی ص 200، شرک کیا ہے۔ ص 18، ازالہ اوہام ص 25، ابصار ص 252) |
| 9......قرآن وحدیث میں جہاں لفظ قبر آیا ہے اس سے مراد یہی زمینی قبر ہے۔ جہاں عذاب وثواب کی بات آئی ہے اس سے مراد بھی یہی زمینی قبر ہے۔ یہ قبر حقیقی، شرعی، لغوی، عرفی قبر ہے۔ علیین اور سجین کو کسی نے قبر شرعی نہیں کہا۔<br>(تسکین الصدور ص 82، فتاویٰ دار العلوم دیوبند ص 462، معارف الحدیث ص 204) | 9......اصل شرعی قبر علیین، سجین ہے۔ یہ زمین والی قبر عرفی قبر ہے۔ یہ اصل میں گڑھا ہے۔ اس گڑھے میں کچھ نہیں ہوتا۔ زمینی گڑھے کو قبر کہنا قرآن کا انکار ہے۔<br>(حیات جاودان ص 16، اقوال مرضیہ ص 19، مسلک المنصور ص 37، عقائد علماء اسلام ص 617) |
| 10......حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں، حضرت حسینؓ نے یزید کی بیعت نہیں کی تھی اور حضرت حسینؓ افضل شہید ہیں۔ (جامع ترمذی، کتاب المناقب) | 10......جنتی نوجوانوں والی روایت غلط ہے...... نیز حضرت حسینؓ نے یزید کی بیعت کر لی تھی ورنہ وہ جہالت کی موت مرتے، حضرت حسینؓ سے جنرل ضیاء الحق اچھا تھا۔<br>(فتویٰ ماسٹر عبداللہ مماتی و کتاب مظلوم کربلا از نیلوی ص: 100,108) |

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

## ادارۃ النعمانؒ ایک نظر میں

- 2007ء کے اوائل میں شیخ الحدیث والتفسیر علاؤالدین، استاذ العلماء محمود الحسن قریشی اور استاذی المکرم سفیر احناف شیر اسلام محمد الیاس گھمن کے دست مبارک سے اس ادارے کی سنگ بنیاد رکھی گئی۔ اس وقت اس ادارے کا نام "ابوحنیفہؒ اسلامک اکیڈمی" تھا۔ ابتداء سے ادارے میں درسِ نظامی کے ساتھ ساتھ صراطِ مستقیم کورس کا آغاز کیا گیا اور تعطیلات میں مختلف دورہ جات کا اہتمام ہوتا رہا۔
- ادارہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے ملحق ہے۔
- 2012ء میں سرپرست ادارہ محمد الیاس گھمن کے حکم پر ادارہ کا نام کنیت سے اسم اصلی کی طرف لایا گیا یعنی ابوحنیفہؒ اسلامک اکیڈمی کے بجائے "ادارۃ النعمانؒ" میں تبدیل کر دیا گیا۔
- الحمدللہ 2012ء سے تاحال ادارۃ النعمانؒ مدارس کے فضلاء کرام کیلئے 1 سالہ درجہ تخصص بھی شروع کر چکا ہے۔
- عوام الناس اور طلباء کرام کیلئے مسلک اہل السنۃ والجماعۃ کے بنیادی عقائد کی واقفیت کیلئے روزانہ مغرب تا عشاء ادارے میں 1 مہینہ کے کورس کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔
- ہر انگریزی ماہ کے آخری جمعرات کو مغرب تا عشاء اصلاحی مجلس کا بھی اہتمام ہے۔
- ادارہ کی دینی و دنیاوی ترقی کیلئے دعاؤں میں یاد رکھنا مت بھولیے۔

مفتی عبدالواحد قریشی
مدیر: ادارۃ النعمانؒ ڈیرہ اسماعیل خان
0333-998-7709

**ادارے کے ساتھ تعاون کیلئے:**

اکاؤنٹ نمبر: Abdul Wahid Qureshi 0101283350
برانچ کوڈ: 2601 میزان بینک ڈیرہ اسماعیل خان، خیبر پختونخواہ، پاکستان

## باب ششم

# اعتراضات حصہ قرآنی

وَلَاتَقُوْلُوْالِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْیَاءٌ وَّلٰکِنْ لَّاتَشْعُرُوْنَ o

(سورۃ البقرۃ ،آیت:154)

**ترجمہ:** اور جولوگ اللہ تعالیٰ کے راستے میں شہید ہو جائیں تم اُنہیں مردہ نہ کہو، بلکہ وہ زندہ ہیں اور تمہیں اُنکی زندگی کا احساس نہیں ہوتا۔

**اعتراض 1:** عقیدہ حیات النبی ﷺ پر دیوبندی جو سورۃ البقرۃ، آیت: 154، پیش کرتے ہیں یہ تو شہید کے بارے میں ہے یہ نبی پاک ﷺ کے لئے کیسے دلیل بن سکتی ہے؟

**ج:1)** یہ آیت مبارکہ اگر شہید کیلئے ہے تو مماتی شہید کو بھی تو قبر میں زندہ نہیں مانتے؟ چلو پھر شہید کو قبر میں زندہ مان لیں آدھا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

**ج:2)** حدیث پاک سے یہ بات ثابت ہے کہ حضور پاک ﷺ شہید ہو کر فوت ہوئے ہیں۔ جس طرح یہ آیت شہید کے بارے میں ہے تو اس طرح نبی پاک ﷺ بھی شہید بن کر اس آیت کی خوشخبری میں شامل ہیں۔

i) صحیح بخاری کتاب المغازی، باب مرض النبی ﷺ ج:2،ص:637،ط: قدیمی کراچی

ii) مستدرک ،کتاب المغازی ،ج:3،ص:61,60،رقم الحدیث: 4394/98،اقربہ الذھبیؒ،ط:دار العلمیہ بیروت لبنان

**اعتراض 2:** اس آیت میں نبی پاک ﷺ کا نام موجود نہیں ہے، پھر کیسے دلیل بنے گی؟

**ج:** یہ تو ایسا فضول سوال ہے کہ کوئی بیوقوف آدمی بھی نہیں کہہ سکتا بلکہ یہ تو ایسے ہے جیسے کوئی پاگل کہے کہ ماں باپ کو اللہ تعالیٰ نے ''اُف'' کہنے سے منع تو کیا۔

فَلَاتَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْ هُمَا (سورۃ بنی اسرائیل، آیت :23)

**ترجمہ:** انہیں اُف تک نہ کہو اور نہ انہیں جھڑکو۔

مگر گالی دینے یا منہ پر جوتی مارنے سے منع تو نہیں کیا۔ تو اسے جواب دیا جائے گا کہ ارے پاگل منع کرنے میں گالی کا لفظ نہیں ''اُف'' کا لفظ ہے اور ''اُف'' چھوٹی چیز ہے اور گالی بڑی چیز

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

ہے۔ جب چھوٹی چیز منع ہے تو گالی دینا اس سے بڑھ کر منع ہے۔ بالکل اسی طرح اس آیت میں نبی ﷺ کا لفظ تو نہیں ہے شہید کا لفظ ہے شہادت چھوٹی چیز اور نبوت بڑی چیز ہے جب شہید زندہ ہے تو نبی ﷺ کا رتبہ شہید سے بڑا ہے لہٰذا وہ اس سے بڑھ کر زندہ ہے۔ کیونکہ شہید نے نبی پاک ﷺ کا کلمہ پڑھا ہے اور حضور پاک ﷺ کی شریعت کو دل و جان سے تسلیم کیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اس کو شہادت کے بعد زندہ فرما دیا مگر حضور پاک ﷺ تو خود کلمہ اور شریعت امت کو دینے والے ہیں، یقیناً حضور پاک ﷺ کا مرتبہ شہداء سے بہت زیادہ ہے۔

صحاح ستہ میں حدیث پاک کی سب سے بڑی کتاب صحیح بخاری کی شرح فتح الباری میں حافظ ابن حجر عسقلانیؒ عقیدہ حیات الانبیاء علیہم السلام کو سمجھاتے ہوئے یوں فرماتے ہیں:

وَقَدْ ثَبَتَ بِهِ النَّقْلُ فَدَلَّ ذَالِکَ عَلَى حَيَاتِهِمْ قُلْتُ وَاِذَا ثَبَتَ اَنَّهُمْ اَحْيَاءٌ مِنْ حَيْثُ النَّقْلِ فَاِنَّهُ يَقْوِيْهِ مِنْ حَيْثُ النَّظَرِ كَوْنُ الشُّهَدَاءِ اَحْيَاءٌ بِنَصِّ الْقُرْآنِ وَالْاَنْبِيَاءُ اَفْضَلُ مِنَ الشُّهَدَاءِ.

(فتح الباری شرح صحیح البخاری، کتاب احادیث الانبیاء، باب: والذکر فی الکتاب مریم، ج:6، ص:488، ط: دار المعرفہ بیروت لبنان)

**ترجمہ:** بے شک قرآن و حدیث سے ثابت ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور اسی بات کو عقل بھی تسلیم کرتی ہے کہ جب شہداء زندہ ہیں تو انبیاء کرام علیہم السلام کا رتبہ شہداء سے بہت بلند ہے۔ اسی لئے وہ ان سے بڑھ کر زندہ ہیں۔

**اعتراض 3:** اس آیت میں قبر کا لفظ تو نہیں پھر قبر میں کیسے زندہ ثابت ہوتے ہیں؟

ج: اسی آیت میں لِمَنْ يُّقْتَلُ اور بَلْ اَحْيَاءٌ کا لفظ آیا ہے یعنی جو شہید ہوا وہی زندہ ہے تو قتل اور شہادت جسم پر واقع ہوتی ہے اور یہی جسم قبر میں ہوتا ہے تو مطلب واضح ہوا کہ یہی جسم زندہ ہے جو قبر میں ہے۔

**مثال:** یہ اعتراض تو ویسا ہے کہ جیسے کوئی بے وقوف آدمی کہے کہ چائے میں اگر دودھ ہے تو نکال کر دو تو اسے جواب دیا جائے گا چائے میں دودھ تو ہے مگر پتی میں مل گیا ہے یعنی چائے کے اندر چھپا ہوا ہے اسی طرح قبر کا لفظ موجود ہے مگر لِمَنْ يُّقْتَلُ اور بَلْ اَحْيَاءٌ کے الفاظ

میں چھپا ہوا ہے۔

**اعتراض 4:** اس آیت کے آخر میں ایک اور لفظ بھی آتا ہے وَلٰـکِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ کہ تمہیں شہداء کی زندگی کا احساس اور شعور نہیں ہے۔ تو جب شعور ہی نہیں تو کیسے زندہ مانتے ہو؟

**ج:** ہم دنیا والے لوگوں کو شعور نہیں ہے کہ ہم اپنی آنکھوں سے انکی زندگی دیکھ سکیں شعور نہ ہونے کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ شہداء مردہ ہیں اور جو لفظ وَلٰـکِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ تم پیش کرتے ہو اس کے پیچھے بھی آیت پڑھو جس میں اللہ تعالیٰ خود فرماتے ہیں بَلْ اَحْيَآءٌ کہ وہ زندہ ہیں۔ جب اللہ پاک نے زندہ فرما دیا تو اب کوئی اشکال ہی نہ رہا۔

**مثال:** ہمارے کندھوں پر فرشتے بیٹھے ہیں اور ہمیں ان کا شعور نہیں ہے کہ وہ ہمارے لباس کے باوجود قلم اپنے ہاتھوں میں کیسے پکڑتے ہیں؟ ہمارے اعمال کون سے صفحات پر لکھتے ہیں؟ کندھے پر پانی ڈالتے وقت کہاں ہوتے ہیں؟ اور جب انسان کسی بچے کو کندھے پر بٹھا لیتا ہے جیسے کہ آپ ﷺ نے اپنے نواسے حضرت حسن رضی اللہ عنہ، حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو اور اپنی نواسی حضرت اُمامہ رضی اللہ عنہا کو کندھے پر بٹھایا تھا تو فرشتے کدھر گئے تھے؟ یا جس طرح محکمہ پولیس کے افراد کسی مجرم کو تفتیش کیلئے اُلٹا لٹکا دیتے ہیں تو فرشتوں کا کیا بنتا ہے؟ مگر ان سب باتوں کے باوجود بھی مسلمان فرشتوں کے موجود ہونے پر ایمان بالغیب رکھتے ہیں تو اسی طرح شہداء کی زندگی کا ہمیں شعور نہیں مگر ایمان بالغیب رکھنا ہے۔

**نوٹ:** ہم مماتیوں سے پوچھتے ہیں کہ جب قرآن مجید نے بتلا دیا کہ تمہیں شعور تک نہیں ہے تو پھر تم مماتیوں کو کیسے شعور آ گیا ہے کہ شہداء مردہ ہیں؟ ؎ لو آپ اپنے دام میں صیّاد آ گیا

**اعتراض 5:** کون کہتا ہے کہ یہ آیت ہمارے نبی پاک ﷺ کیلئے ہے؟ اور اس آیت سے حضور پاک ﷺ قبر میں زندہ ثابت ہوتے ہیں کیا کسی مفسر قرآن نے بھی یہ عقیدہ لکھا ہے؟

**ج:** جی ہاں قرآن پاک کی تفسیروں میں یہ ثابت ہے کہ یہ آیت انبیاء علیہم السلام کیلئے بھی ہے سورۃ البقرۃ، آیت نمبر: 154 کی تفسیر میں اہل السنّت والجماعت کے کئی مفسرین نے عقیدہ حیات النبی

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

ﷺ لکھا ہے۔مثلاً: مولانا ظفر احمد عثمانیؒ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ شہداء میں شامل ہوکر زندہ ہیں۔

فَلَيْسَ الشَّهِيْدُ بِاَوْلٰى مِنَ النَّبِيِّ ﷺ وَاَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ حَيٌّ يُرْزَقُ فِيْ قَبْرِهٖ كَمَاوَرَدَفِي الْحَدِيْثِ. ( احکام القرآن للتهانویؒ، ج: 1،ص: 92،ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامیه کراچی )

ترجمہ: نبی کریم ﷺ کا مرتبہ شہداء سے بہت زیادہ ہے، بے شک اللہ کے نبی ﷺ اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں اور انہیں رزق دیا جاتا ہے، یہ عقیدہ حدیث پاک سے ثابت ہے۔

وَلَاتَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْافِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًاؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَرَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَo (سورۃ آل عمران، آیت: 169)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر ﷺ) جولوگ اللہ کے راستے میں قتل ہوئے ہیں انہیں ہرگز مردہ نہ سمجھنا بلکہ وہ زندہ ہیں، انہیں اپنے رب کے پاس رزق ملتا ہے۔

**اعتراض 6:** عِنْدَرَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ یعنی شہداء اپنے رب کے پاس کھاتے پیتے ہیں حالانکہ تم لوگ قبروں میں زندہ مانتے ہو؟

**ج:1)** یہ بات ثابت شدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر جگہ ہے تو پھر کیا خدا قبروں میں نہیں ہے؟

**ج:2)** اگر مماتیوں کی یہ بیوقوفی مان لی جائے تو یہ کہا جائے گا کہ اللہ تعالیٰ تو کائنات میں ہر جگہ بلا جسم و بلا مکان موجود ہے تو لہٰذا شہداء بھی ہر جگہ موجود ہوئے کیونکہ شہداء رب کے پاس جو رزق کھاتے ہیں تو پھر شہداء کا ہر جگہ موجود ہونا رضا خانیوں سے بھی بدتر عقیدہ بن جائے گا اور مماتی اس فضول نظریہ کے طرف دار ہیں۔

**اصل حقیقت:** عِنْدَرَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ یعنی شہید اپنے رب کے پاس کھاتے پیتے ہیں۔ یہ ایک قرآن کریم کی اصطلاح یعنی محاورہ ہے۔ جسکا مطلب یہ ہے کہ شہداء کو بغیر محنت ومزدوری کے کھانا پینا ملتا ہے ان شہیدوں کو اپنے رب کی طرف سے بغیر تکلیف کے رزق حاصل ہوتا ہے، عِنْدَرَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ کی آیت کا اصل مطلب تو یہی بنتا ہے جیسا کہ قرآن کریم، سورۃ آل

عمران، آیت: 37 میں ہے هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں یعنی حضرت مریم علیہا السلام کو فلسطین میں بغیر محنت کے رزق ملا کرتا تھا۔ اور وہ فرماتی تھی کہ اللہ کے ہاں سے آیا ہے یعنی مجھے یہ رزق بغیر محنت کے ملا ہے۔ اسی طرح سمجھو عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ یعنی شہداء اپنے رب کے پاس کھاتے پیتے ہیں مطلب یہ ہے کہ شہداء بھی بغیر محنت و مزدوری کے رزق حاصل کرتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں جو مماتی بے چاروں نے سمجھ رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ عقل سلیم عطا فرمائے تو مسئلہ آسانی سے سمجھ میں آ سکتا ہے۔

**ج:3)** قرآن کریم میں ہے: اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ (سورۃ آل عمران، آیت: 19)

**ترجمہ:** یقیناً دینِ اسلام اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔

تو مماتیو! اب جرأت کرو خود اپنے بارے میں کہہ دو کہ ہمارے پاس دین نہیں ہم بے دین ہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرما دیا کہ دین اللہ کے پاس ہے۔

**نوٹ:** جس طرح دین اسلام اللہ کے پاس ہوتے ہوئے ہمارے پاس بھی ہے تو اسی طرح شہداء اللہ کے پاس ہوتے ہوئے قبروں میں روح کے تعلق سے رزق کی لذت محسوس کرتے ہیں۔

**وضاحت:** اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں وَلَا تَقُوْلُوْا....الخ (سورۃ البقرۃ آیت: 154)

فرما کر شہداء کو مردہ کہنے سے روک دیا۔

اور دوسری جگہ وَلَا تَحْسَبَنَّ ....الخ (سورۃ آل عمران، آیت: 169)

فرمایا کر شہید کو مردہ گمان کرنے سے بھی روک دیا۔

گویا قرآن کریم میں شہداء کی حیات کے بارے میں غلط بولنے اور غلط سوچنے پر پابندی لگا دی۔ تو پتہ چلا کہ انبیاء کرام علیہم السلام اور شہداء کرامؒ کی حیات کے بارے میں بدزُبانی اور بدگمانی دونوں منع ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بدزبانی اور بدگمانی سے محفوظ رکھے۔

**اعتراض 7:** اگر انبیاء کرام علیہم السلام و شہداء کرامؒ قبروں میں رزق کھاتے ہیں تو پیشاب، پاخانہ کہاں کرتے ہیں؟

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

**ج:** حدیث پاک سے ثابت ہے کہ نبی کریم ﷺ کا روضۂ اقدس جنت ہے۔

(صحیح بخاری ، کتاب التهجد، باب:فضل مابین القبر والمنبر، ج:1،ص:159،ط:قدیمی کراچی)

اور شہدائے کرامؓ تو اعلیٰ درجہ کے مومن ہوتے ہیں اور مومن کی قبر کو حدیث پاک میں جنت کا باغ فرمایا گیا ہے۔ (جامع ترمذی، ابو اب الزهد، باب نمبر:26، ج:2،ص:73،ط: قدیمی کراچی)

اس میں کسی کا اختلاف نہیں کہ جنت میں کھانے، پینے کے بعد پیشاب، پاخانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔حیاتِ قبر تو حیاتِ آخرت کی ابتداء ہے اور آخرت میں ان چیزوں کا تصور بھی نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ عقل سلیم عطا فرمائے۔

**اعتراض 8:** حدیث پاک میں آتا ہے اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے حضور پاک ﷺ نے یوں فرمایا کہ شہیدوں کی روحیں سبز پرندوں کے پیٹوں میں ہیں اور پرندے اللہ تعالیٰ کے عرش کے سائے میں اُڑتے ہیں اور جہاں چاہتے ہیں سیر کرتے ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ روحیں تو جسم سے باہر ہوئیں پھر شہید قبروں میں کیسے زندہ ہیں؟

**ج:** ہم بھی مانتے ہیں کہ روحیں اُوپر آسمانوں میں ہیں اور جسم قبروں میں ہیں لیکن ان روحوں کا جسم کے ساتھ تعلق ہے۔جس کی وجہ سے شہید قبروں میں زندہ ہیں جس طرح سورۃ الزمر، آیت نمبر:42 کے مطابق سونے والے کی روح نکل جاتی ہے مگر سونے والا زندہ ہوتا ہے اس لئے کہ اس نکلی ہوئی روح کا تعلق سونے والے آدمی کے جسم سے ہوتا ہے۔تو جیسے سوتا آدمی باوجود روح نکل چکی ہے پھر بھی وہ اس روح کے ساتھ تعلق کی وجہ سے زندہ ہوتا ہے۔اس طرح ان شہداء کی بھی ارواح، اعلیٰ علیین میں ہے اور اس روح کے تعلق کی وجہ سے زندہ رہتے ہیں۔

**اعتراض 9:** انبیاء کرام علیہم السلام کی روحوں کا جسموں سے تعلق ہے جس کی وجہ سے وہ قبروں میں زندہ ہیں، علماءِ دیوبند سے پہلے کس نے لکھا ہے؟

**ج:** جی ہاں! آج سے تقریباً 700 سال پہلے حضرت امام محمد بن ابی بکر حافظ ابن القیمؒ نے امت مسلمہ کا واضح عقیدہ لکھا ہے:

**بَعْدَ وَفَاتِهٖ اِسْتَقَرَّتْ فِیْ الرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی مَعَ اَرْوَاحِ الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْهِمُ الصَّلَاۃُ**

وَالسَّلَامُ مَعَ هٰذَا فَلَهَا اِشْرَاقٌ عَلَى الْبَدَنِ وَاِشْرَاقٌ وَّتَعَلَّقٌ بِهٖ بِحَيْثُ يَرُدُّ السَّلَامَ عَلٰى مَنْ سَلَّمَ عَلَيْهِ ... وَاِذَا سَلَّمَ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُ رَدَّاللّٰهُ عَلَيْهِ رُوْحَهٗ حَتّٰى يَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ. (زاد المعاد فی ھدی خیر العباد،فصل:الفرق بین من قال کان الاسراء بالروح وبین ان یقال کان الاسراء مناما، ج:1،ص:506،ط:شرکۃ التجاریہ القدس،القاھرہ مصر)

**ترجمہ:** حضور پاک ﷺ کی روح مبارک وفات کے بعد انبیاء کرام علیہم السلام کی روحوں کے ساتھ اعلیٰ علیین بلکہ اس سے بھی بلند رفیق اعلیٰ میں ہے اور اس روح کا جسم مبارک کے ساتھ ایسا تعلق ہے کہ جب بھی کوئی امتی (قبر مبارک کے قریب) سلام پیش کرتا ہے تو حضور پاک ﷺ کی توجہ اسکے سلام کی طرف جاتی ہے تو اسے سلام کا جواب مل جاتا ہے۔

**اعتراض 10:** نیند کی حالت میں سونے والے آدمی کی روح کا اسکے جسم سے تعلق نظر آتا ہے کہ سانسیں اور نبض چل رہی ہوتی ہیں اور اگر مردے کی روح کا اسکے جسم سے تعلق ہوتا تو وہ بھی نظر آتا حالانکہ وہ تو نظر نہیں آتا۔

**ج:1)** قبر کی زندگی برزخ والی ہے اور برزخ کا معنیٰ پردہ ہے۔وفات کے بعد کی زندگی کو قرآن پاک میں برزخ فرمایا گیا ہے۔

وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ (سورۃ المؤمنون، آیت:100)

**ترجمہ:** اور ان مرنے والوں کے پیچھے قیامت تک پردہ ہے۔

**تشریح:** برزخ کا معنیٰ ہے پردہ اور پردہ والی چیزیں اکثر نظر نہیں آتیں۔جس طرح ہر انسان کے کندھے پر فرشتے بیٹھے ہیں مگر ہمیں بظاہر نظر نہیں آتے اسی طرح وفات کے بعد روح اور جسم کا آپس میں تعلق ہوتا ہے مگر ہر کسی کو نظر نہیں آتا۔

**ج:2)** جس طرح چلتی ہوا نظر نہیں آتی۔ بخار نظر نہیں آتا، بلڈ پریشر،شوگر جسم میں کتنا ہے؟ وغیرہ مگر یہ سب چیزیں ہوتی ہیں لیکن ہمیں ظاہری طور پر نظر نہیں آتیں اور نظر آنا ضروری بھی نہیں ہے۔اسی طرح موت کے بعد بھی روح کا جسم سے تعلق ہوتا ہے مگر ہمیں نظر نہیں آتا۔

**ج:3)** جناب اگر سونے والے کی طرح مرنے والے کی روح کا تعلق نظر آتا تو اس کا تعلق

ایمان بالغیب سے نہ ہوتا کیونکہ نظر آئے پھر مانو یہ کیسا ایمان ہے......؟ حالانکہ ایمان بالغیب تو یہ ہے **یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ** سورۃ بقرۃ آیت نمبر 3 نظر نہ آئے تب مانو، اسی کو ایمانی حالت کہتے ہیں۔

**ج:4)** اللہ پاک نے قرآن کریم میں کفار کے بارے میں فرمایا ہے:

**خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ........الخ** (سورۃ بقرۃ، آیت: 7)

**ترجمہ:** کافروں کی آنکھوں، کانوں اور دلوں پہ پردہ ہے۔

مگر ظاہری طور پر یہ پردہ ہمیں نظر تو نہیں آتا اسی طرح مردے کے جسم سے روح کا تعلق ہوتا ہے مگر عام طور پر نظر نہیں آتا۔

**اعتراض 11:** کون کہتا ہے کہ یہ آیت ہمارے نبی پاک ﷺ کیلئے ہے؟

**ج:** علماء حق، علماء دیوبند کی اتفاقی تفسیر میں مفسر قرآن حضرت مولانا احمد سعید دھلوی لکھتے ہیں:

**تفسیر:** انبیاء کرام علیہم السلام شہیدوں سے بڑے درجے والے ہیں تو وہ بھی زندہ ہیں ان کی زندگی اتنی مضبوط ہے کہ روح کا جسم کے ساتھ تعلق ہے اسی وجہ سے نبی ﷺ کی وفات کے بعد انکی بیوی سے نکاح نہیں ہوتا اور نہ ہی نبی ﷺ کی میراث تقسیم ہوتی ہے بلکہ قبر پر جا کر کوئی سلام کہے تو اس کو سنتے ہیں اور جواب دیتے ہیں۔ (تفسیر کشف الرحمٰن، ج:1، ص: 592، ط: مکتبہ رشیدیہ کراچی)

اس تفسیر پر جن اکابرین امت مسلمہ کے دستخط ہیں ان کے اسماء کرام یہ ہیں:

1) مدرس مسجد نبوی ﷺ، شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا حسین احمد مدنی رَحِمَهُ اللّٰهُ
2) عالم اسلام کے پہلے شیخ الحدیث، حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی رَحِمَهُ اللّٰهُ
3) دارالعلوم دیوبند میں نصف صدی تک مہتمم، حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمی رَحِمَهُ اللّٰهُ
4) استاذ العلماء مفتی اعظم دارالعلوم دیوبند مولانا مفتی مہدی حسن شاہ جہان پوری رَحِمَهُ اللّٰهُ
5) شیخ الحدیث والادب، جامع الفضائل، فقیہِ زماں حضرت مولانا اعزاز علی امروہی رَحِمَهُ اللّٰهُ
6) مفتی اعظم متحدہ ہندوستان، فخر الاماثل، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلویؒ رَحِمَهُ اللّٰهُ

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْظَّلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَلَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا. (سورۃ النساء، آیت: 64)

ترجمہ: اور اگر گناہ گار لوگ گناہ کرنے کے بعد (اے نبی ﷺ) تیرے پاس آئیں خود بھی اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں اور آپ ﷺ بھی ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں تو اللہ ان کی توبہ قبول کریں گے اور ان پہ رحمت کریں گے۔

مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع عثمانیؒ لکھتے ہیں:

**تفسیر 1:** سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو قبر مبارک میں دفن کرنے کے تین دن بعد ایک دیہاتی آیا اور قبر شریف کے پاس گر گیا اور روتے ہوئے حضور ﷺ سے عرض کرنے لگا کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں وعدہ فرمایا ہے کہ اگر گناہگار شخص، رسول ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو جائے اور رسول ﷺ اس کے لئے دعائے مغفرت کریں تو اللہ پاک اسے معاف فرما دیں گے۔ اس لئے اے نبی پاک ﷺ! میں آپکی خدمت میں حاضر ہوا ہوں کہ آپ ﷺ میرے لئے معافی کی دعا کریں۔ اس کے بعد اسے روضہ اقدس سے آواز آئی قَدْ غُفِرَ لَکَ کہ تیری بخشش کر دی گئی۔ (معارف القرآن، ج:2، ص:460، ط:ادارۃ المعارف کراچی)

**تفسیر 2:** اس آیت سے ثابت ہوا کہ جیسے حضور پاک ﷺ کے پاس لوگ معافی کی دعا کرانے آیا کرتے تھے تو اسی طرح آج بھی روضہ رسول ﷺ پر حاضری اسی حکم میں داخل ہے۔

یعنی اب بھی حضور پاک ﷺ کے روضۂ مبارکہ پر حاضر ہو کر عرض کر دیں تو حضور پاک ﷺ دعا فرمائیں گے۔ (معارف القرآن، ج:2، ص:459، ط:ادارۃ المعارف کراچی)

**اعتراض 12:** عقیدہ حیات النبی ﷺ پر آپ لوگ جو آیت وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْظَّلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ... الخ پیش کرتے ہو۔ اس میں تو ایک گاؤں کے دیہاتی آدمی کا واقعہ ہے اور دیہاتی

تو اکثر اَن پڑھ ہوتے ہیں اور اَن پڑھ آدمی کی بات کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا۔

**ج:** جناب ہمارا عقیدہ دیہاتی کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کی تائید کرنے کی وجہ سے ہے۔ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ تو اس اُمت مسلمہ کے سب سے بڑے قاضی اور حضور پاک ﷺ کے داماد ہیں اِن کے پڑھے لکھے ہونے میں تو کسی کو شک نہیں۔

**اعتراض 13:** اور یہ بھی معلوم نہیں کہ یہ گاؤں والا آدمی حضور ﷺ کا صحابی ہے یا نہیں؟

**ج:** صحابی ہونے یا نہ ہونے سے اصل مسئلے میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ تو صحابی اور خلیفہ راشد ہیں۔ اور خلیفہ راشد کی بات کو ماننے کا حکم حدیث پاک میں موجود ہے۔

(سنن ابی داؤد کتاب السنۃ، باب فی لزوم السنۃ، ج:2،ص:279۔ جامع ترمذی، ابواب العلم، باب ما جآء فی الاخذ بالسنۃ واجتناب البدع، ج:2،ص:96)

اگر یہ شرک ہوتا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ اس دیہاتی کو منع کرتے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا منع نہ کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ خود حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی حضور پاک ﷺ کو قبر میں زندہ مانتے تھے۔ اس کے واقعہ سے عقیدہ نہیں بنا بلکہ عقیدہ تو قرآن کریم کی اسی آیت میں موجود ہے۔

(معارف القرآن، سورۃ النساء، آیت:64، ج:2،ص:460،ط: دار العلوم کراچی، از: مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی شفیع عثمانی)

اس دیہاتی کے عمل کی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے تائید فرمائی ہے جسکی وجہ سے آج تک مسلمان اسکو قرآنی آیت کی عملی تفسیر سمجھتے ہیں گویا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے تائید کرکے مہرِ تصدیق لگادی ہے۔

**اعتراض 14:** یہ واقعہ تو شرک کا چور دروازہ لگتا ہے۔

**ج:** یہ واقعہ صرف ہماری کتابوں میں ہی نہیں بلکہ حضرت مولانا حسین علی الوانیؒ (جو 1944ء میں فوت ہوئے) اور تم مماتی انہیں اپنا امام مانتے ہو ان کی طرف اپنی جھوٹی نسبتیں قائم کرتے ہو وہ خود اس واقعہ کو اپنی زندگی کی آخری کتاب میں خود لکھتے ہیں بلکہ اس واقعہ پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اعتماد نقل کرتے ہیں۔ اگر یہ واقعہ جھوٹا اور شرک ہے تو پھر فتویٰ حضرت مولانا حسین علی الوانیؒ پر لگے گا ہم پر نہیں اور ہم پورے یقین سے کہتے ہیں کہ اگر یہ شرک ہوتا تو وہ اسکو ہرگز نہ لکھتے۔ (تحریرات حدیث، باب: قضاء الحاجہ بالصلاۃ علی النبی ﷺ ص:396،ط: اشاعت اکیڈمی پشاور)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سمیت جو اس وقت تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم وہاں موجود تھے اس دیہاتی مسلمان

کوضرور روکتے کہ یہ کیا کرر ہے ہو؟ مگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے روکا نہیں بلکہ اس کی حمایت کی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ با قاعدہ اس واقعہ کو اُمت کے سامنے بیان کرتے ہیں۔ نیز اگر یہ واقعہ غلط ہوتا تو مولانا حسین علیؒ اپنی کتاب میں ایک مزید سند کے ساتھ درج نہ کرتے۔ مولانا کا اس واقعہ کو لکھنا اور اس پر اعتماد ظاہر کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ مولانا حسین علی الوانیؒ بھی یہی عقیدہ رکھتے تھے کہ اس آیت کا حکم اب بھی باقی ہے۔

**تنبیہ:** حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ یوں دعا فرمایا کرتے تھے **اللّٰھُمَّ لَا تَجعَلُ قَبرِیُ وَثناً یُّعبَدُ** کہ اے اللہ! میری قبر پر لوگ شرک نہ کریں۔

(الجامع الصحیح للسنن والمسانید ،کتاب الکبائر ،باب :التخاذ المساجد علی القبور من الکبائر ،ج:5،ص:42،ط:داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان)

حضرت امام مالکؒ نے تابعین میں سے حضرت امام عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ سے یہی روایت اپنی کتاب الموٴطا میں درج کی ہے: **اَللّٰھُمَّ لَا تَجعَلُ قَبرِیُ وَثناً یُّعبَدُ اِشتَدَّ غَضَبُ اللّٰہِ عَلٰی قَوْمٍ اتَّخَذُوا قُبُوْرَ اَنبِیَائِھِمْ مَسَاجِدَ**

**ترجمہ:** اے اللہ! لوگ میری قبر پر شرک نہ کریں، بے شک اللہ تعالیٰ سخت غصہ ہوتے ہیں ان لوگوں پر جو انبیاء کرام علیہم السلام کی قبروں پر سجدہ (شرک) کرتے ہیں۔

(موطا امام مالک ،کتاب قصر الصلاۃ فی السفر ،باب : جامع الصلاۃ،ص:159، ط:المیزان لاھور)

اگر خدانخواستہ حضور پاک ﷺ کی قبر مبارک پر حاضر ہو کر سلام پیش کرنے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ سے آپ ﷺ کے ہاتھوں اپنے گناہوں کی معافی والی درخواست کرانا شرک ہوتا تو کبھی بھی قبر مبارک پر یہ عمل جاری نہ رہتا مگر اس طرح درخواست کرنا **اِستِشْفَاءُ عِندَ قَبرِ النَّبِیِّ** صلی اللہ علیہ وسلم کا عقیدہ کہلاتا ہے۔ اور فقہاء کرامؒ جو کہ شریعت کے ماہرین شمار ہوتے ہیں انہوں نے فقہ کی کتابوں میں اس عقیدہ کے باقاعدہ احکامات لکھے ہیں۔

**اعتراض:15** اس دیہاتی کے واقعہ میں بتایا جانے والا حکم اگر قیامت تک باقی ہے تو اگلی آیت: **فَلا وَرَبِّکَ لَا یُؤْمِنُوْنَ... الخ** (سورۃ النساء آیت:65) کہ اختلافی باتوں کا فیصلہ آپ ﷺ سے کرائیں۔ اس کا حکم بھی اب تک باقی ہونا چاہیے۔

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

ج:1) دیہاتی کے واقعہ کی آیت وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْظَّلَمُوْا ...الخ کے متعلق مفسرین قرآن، ائمہ کرام اور فقہاء اُمت نے لکھا ہے کہ اس آیت کا حکم قیامت تک باقی ہے کہ آپ ﷺ کے روضۂ اقدس پر حاضر ہو کر اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی معافی کی درخواست کرائی جا سکتی ہے مگر اگلی آیت کی بات کسی مفسر نے نہیں لکھی۔

ج:2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عمل سے اگلی آیت فَلا وَرَبِّکَ لَا یُؤْمِنُوْ نَ...الخ (سورۃ النساء آیت نمبر:65) کا حکم حضور پاک ﷺ کے زمانے تک ثابت ہوتا ہے اسکے بعد نہیں۔ اس دیہاتی والے واقعہ کے راوی خود حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں اور یہی حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنے معاملات کے فیصلے آپ ﷺ کی قبر مبارک پر پیش نہیں کرتے تھے مگر گناہ معافی کی درخواست والے دیہاتی کی تائید فرما رہے ہیں۔ اس سے ثابت ہوا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عقیدہ کے مطابق معافی والی درخواست کا حکم اب بھی باقی ہے۔

وَمَا کَانَ لَکُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَلَا اَنْ تَنْکِحُوْا اَزْوَاجَہٗ مِنْ بَعْدِہٖ اَبَدًا (سورۃ الاحزاب، آیت:53)

ترجمہ: اور تمہارے لئے جائز نہیں ہے کہ تم نبی ﷺ کو تکلیف پہنچاؤ اور نہ یہ جائز ہے کہ اُن کے بعد اُن کی بیویوں سے کبھی بھی نکاح کرو۔

مفسر قرآن، عظیم محدث، فقیہ حضرت علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

تفسیر1: قُلْتُ وَجَازَ اَنْ یَکُوْنَ ذَالِکَ لِاَجْلِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَیٌّ فِیْ قَبْرِہٖ وَلِذَالِکَ لَمْ یُوْرَثْ وَلَمْ یَتَئَمْ اَزْوَاجُہٗ.

(تفسیر مظہری رحمۃ اللہ علیہ (عربی) ج:7، ص:408 (اردو) ج:9، ص:416، ط: ایچ ایم سعید کراچی)

ترجمہ: امہات المؤمنین رضی اللہ عنہن سے نکاح نہ ہونے کی یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ اپنی قبر

مبارک میں زندہ ہیں اس لیے حضور پاک ﷺ کے مال مبارک کا کوئی وارث قرار نہیں پایا اور حضور پاک ﷺ کی وفات سے آپ کی بیویاں بیوہ نہ ہوئیں۔

**تفسیر 2:** مفسر قرآن، عظیم محدث، شیخ الاسلام حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی ؒ لکھتے ہیں:

اس مسئلے (عقیدہ حیات النبی ﷺ) کی نہایت محققانہ بحث حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی ؒ کی کتاب آب حیات میں ہے۔ (تفسیر عثمانی، ص: 567، ط: قرآن کمپلکس ریاض سعودی عرب)

**نوٹ:** آبِ حیات میں واضح طور پر نبی ﷺ کو قبر میں زندہ مانا گیا ہے اور ساتھ ہی آپ ﷺ کا قبر کے قریب سلام سننے والے عقیدہ کو صحیح اور اہل السنّت والجماعت کا عقیدہ بتایا گیا ہے۔

مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع عثمانی ؒ لکھتے ہیں:

**تفسیر 3:** آپ ﷺ کی وفات کے بعد ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن سے نکاح حرام ہے۔ وہ بنص قرآن مومنوں کی مائیں ہیں۔ اور دوسری وجہ یہ کہ آپ ﷺ وفات کے بعد اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں۔ آپ ﷺ کی وفات کا درجہ ایسا ہے جیسے کوئی زندہ شوہر گھر سے غائب ہو۔ اسی لیے آپ ﷺ کی میراث تقسیم نہیں ہوئی۔ اسی بناء پر آپ ﷺ کی ازواج کا وہ حال نہیں جو عام شوہروں کی وفات پر اُن کی ازواج کا ہوتا ہے۔ (معارف القرآن، ج: 7، ص: 203، ط: ادارۃ المعارف کراچی)

**اعتراض 16:** سورۃ الاحزاب، آیت نمبر: 53 کی جو تم لوگ تفسیر پیش کرتے ہو کہ نبی ﷺ کی بیوی سے نکاح نہ کرنے کی 2 وجوہات ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ نبی ﷺ اپنی قبر میں زندہ ہیں اور زندہ کی بیوی سے نکاح نہیں ہوتا تو یہ بات ہم نہیں مانتے کیونکہ شہید بھی تو زندہ ہوتا ہے تو پھر اس کی بیوی سے نکاح کیوں جائز ہے؟

**ج:** جناب یہی فرق ہے نبی کریم ﷺ میں اور شہید کی حیات میں کہ نبی کریم ﷺ کی حیات بڑے درجے والی ہے اور شہید امتی ہے اس کی حیات چھوٹے درجے والی ہے لہٰذا چھوٹا درجہ ہونے کی وجہ سے شہید کی بیوی سے نکاح ہو جاتا ہے جبکہ نبی کی حیات بڑے

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

درجے والی ہے تو اس کی بیوی سے نکاح نہیں ہوتا۔ اگرچہ زندہ دونوں ہیں اور یہ بات قرآن پاک کی تفاسیر سے ثابت ہے جس طرح سورۃ آل عمران آیت نمبر 169 کی تفسیر کشف الرحمٰن میں ہے کہ نبی کریم ﷺ کی حیات اتنی مضبوط ہے کہ اس کا اثر دنیا میں آجاتا ہے جس کی وجہ سے نبی کریم ﷺ کی بیوی سے نکاح نہیں ہوتا اور نہ نبی کریم ﷺ کی میراث تقسیم ہوتی ہے۔ جب کہ شہید کیلئے اس طرح نہیں فرمایا گیا۔ جس طرح نبی کریم ﷺ اور شہید (اُمتی) کے درمیان دنیا میں فرق تھا اسی طرح وفات کے بعد بھی فرق ہے۔ آپ ﷺ کی نیند سے وضو نہیں ٹوٹتا تھا جبکہ شہید (اُمتی) کی نیند سے ٹوٹ جاتا ہے۔ آپ ﷺ کا پسینہ مبارک خوشبودار تھا جبکہ شہید کا خوشبودار نہیں ہوتا۔ اب بھی وفات کے بعد آپ ﷺ اور شہداء اپنی اپنی قبروں میں دونوں زندہ ہیں مگر زندگی کے رتبوں میں فرق ہے۔

**مثال:** انسان کے چہرے پر داڑھی کا بال بھی زندہ ہوتا ہے اور رُخسار (گال) بھی زندہ ہوتے ہیں مگر بالوں کو قینچی سے کاٹنے سے تکلیف نہیں ہوتی مگر رخسار کو کاٹنے سے تکلیف ہوتی ہے کیونکہ زندگی کے حالات میں فرق ہے حالانکہ دونوں زندہ ہیں۔ نبی کریم ﷺ اور شہید کا معاملہ بھی اسی طرح ہے۔

**اعتراض 17:** قرآن پاک میں ہے اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَاءٍ (مردہ ہیں زندہ نہیں) پھر تم لوگ نبی کریم ﷺ کو کیوں زندہ مانتے ہو؟

**ج:** یہ قرآن کریم میں سورۃ النحل کی آیت نمبر: 21 ہے۔ یہ آیت بتوں کی پوجا کیلئے اور ایسے لوگوں کے لیے نازل ہوئی ہے جن کی کافر لوگ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی دوسرے کو اپنا خدا سمجھ کر عبادت کرتے ہیں۔ جیسا کہ تفاسیر سے ثابت ہے۔ دورِ نبوی ﷺ سے لیکر 1957ء تک کسی سُنی مفسر نے اس آیت کو حیات النبی ﷺ کے انکار کے متعلق لاگو نہیں کیا۔ یہ صرف اشاعت التوحید والوں کا کارنامہ ہے۔ یہ آیت آپ ﷺ پر لاگو نہیں ہوسکتی کیونکہ کفار نے آپ ﷺ کو خدا مان کر آپ ﷺ کی پوجا نہیں کی تھی۔ وہ کافر لوگ تو آپ ﷺ کو سچا نبی ماننے کیلئے بھی تیار نہیں تھے چہ جائے کہ اپنا خدا مان لیتے۔ لہٰذا اس آیت سے عقیدہ حیات النبی

ﷺ کا انکار ثابت کرنا صرف سینہ زوری ہے جوکہ مماتیوں کو وراثت میں ملی ہے۔

**اعتراض 18:** قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے **ثُمَّ اِنَّکُمْ بَعْدَ ذَالِکَ لَمَیِّتُوْنَ** (پھر اس دنیا کی زندگی کے بعد یقیناً تمہیں موت آنے والی ہے) پھر تم دیوبندی حیات النبی ﷺ کی بات کیوں کرتے ہو؟

**ج:1)** قرآن کریم کی یہ سورۃ المؤمنون، آیت:15 ہے، اس آیت مبارکہ میں صرف اتنی سی بات ہے کہ دنیا کی زندگی ختم ہو جائے گی اور انسان وفات پا جائیں گے اور دنیا میں وفات کا کوئی منکر نہیں ہے۔ اس آیت کو حضور پاک ﷺ کی قبر والی زندگی پر فِٹ نہیں کیا جا سکتا کیونکہ قبر مبارک کی زندگی بھی تو شریعت سے ثابت ہے۔

**ج:2)** یہ آیت اس نبی پاک ﷺ پر اتری ہے جس نے یوں فرمایا ہے:

**عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ** ﷺ **اَلْاَنْبِیَاءُ اَحْیَاءٌ فِیْ قُبُوْرِهِمْ یُصَلُّوْنَ۔** (مسند ابی یعلی، ج:6، ص: 147، حدیث نمبر: 3425، ط: دار العلمیہ بیروت، لبنان)

**ترجمہ:** حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں۔

وہ محدثین کرامؒ جنہوں نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح بتلایا اور اپنی کتب میں اسکی سند کو صحیح لکھا:

1) حافظ ابن حجر عسقلانیؒ (فتح الباری، ج:6، ص:352)
2) حضرت ملا علی قاریؒ (مرقات، ج:2، ص:212)
3) حضرت علامہ ھیثمیؒ (مجمع الزوائد، ج:8، ص:211)
4) حضرت علامہ مناویؒ (فیض القدیر، ج:3، ص:184)
5) حضرت علامہ عزیزیؒ (السراج المنیر، ج:2، ص:134)
6) حضرت علامہ قاضی شوکانیؒ (نیل الاوطار ج3 ص264)
7) مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ (بذل المجهود، ج:2، ص:117)
8) علامہ انور شاہ کشمیریؒ (فیض الباری، ج:2، ص:64)
9) علامہ شبیر احمد عثمانیؒ (فتح الملھم، ج:1، ص:329)
10) شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ (فضائل درود، ص:18+34)

یہ آیت ہمارے ایمان کا حصہ ہے کہ دنیا کی زندگی میں آخر موت آنی ہے، قبر مبارک کی زندگی اس دنیا والی موت کے بعد ہے، وہ اس سے الگ ہے اسی لئے یہ آیت عقیدہ حیات النبی ﷺ کے خلاف نہیں ہے۔

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

**اعتراض 19:** قرآن پاک میں ہے اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَیِّتُوْنَ. (سورۃ الزمر، آیت:30)(اے نبی ﷺ آپ بھی فوت ہوں گے اور باقی لوگ بھی فوت ہوں گے ) تو اس آیت کے مطابق حضور ﷺ فوت ہو گئے، پھر تم فوت کو کیوں زندہ مانتے ہو؟

**ج:** اس آیت میں نبی کریم ﷺ کی دنیا میں وفات پانے کا ذکر ہے جو ہم دیوبندی بھی مانتے ہیں۔ باقی قبر میں مردہ ہونا اس آیت سے ثابت نہیں ہوتا۔اور نہ ہی آپ ﷺ سے لیکر 1957ء تک کسی صحابی رضی اللہ عنہ، تابعیؒ، تبع تابعیؒ، مجتہدؒ، فقیہؒ، محدثؒ، مفسرؒ، امامؒ نے اس سے یہ ثابت کیا کہ آپ ﷺ اپنی قبر مبارک میں زندہ نہیں، تو اگر اِس کا ثبوت ہے تو لے آؤ اور یہ قیامت تک ممکن نہیں اور نہ ہی یہ آیت قبر کی زندگی پر لاگو ہو سکتی ہے کیونکہ اس آیت میں تو قبر کا لفظ ہی نہیں ہے۔

**اعتراض 20:** قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وَاِذَاالنُّفُوْسُ زُوِّجَتْ (قیامت کے دن روح اور جسم کو ملایا جائے گا) پھر قبر میں زندہ کیسے ہوئے؟

**ج:** قرآن کریم کی یہ سورۃ التکویر، آیت:7 ہے، اس آیت مبارکہ میں صرف اتنا بتایا گیا ہے کہ کل قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات کی روحوں کو ان کے جسموں میں داخل فرمائیں گے۔۔۔۔۔اور قبر والی زندگی تو روح اور جسم کے تعلق سے قائم ہے۔لہٰذا اس آیت سے عقیدہ حیات النبی ﷺ کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ بے شک یہ آیت علماءِ دیوبند کے ایمان کا حصہ ہے۔

**اعتراض 21:** اگر نبی کریم ﷺ کو قبر میں زندہ مانیں تو حضور پاک ﷺ کی عمر سینکڑوں بلکہ ہزاروں برس بنتی ہے۔حالانکہ آپ لوگ بھی مانتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عمر 63 سال تھی۔

**ج:** یقیناً حضور ﷺ کی دنیا والی عمر 63 سال تھی مگر قبر کی زندگی اس سے الگ ہے یہ دنیا کی زندگی میں شامل نہیں ہو سکتی۔جس طرح کوئی آدمی ماں کے پیٹ والی زندگی کو اپنی عمر کا حصہ نہیں مانتا۔یعنی ماں کے پیٹ والے 5 ماہ کوئی بھی اپنی زندگی میں شامل نہیں کرتا تو اسی طرح قبر کی زندگی دنیا کی زندگی میں شامل نہیں ہوتی۔آپ ﷺ کی دنیا والی زندگی 63 سال ہے اسکا کوئی

منکر نہیں ہے۔

**اعتراض22:** قرآن پاک سورۃ یٰسین، آیت نمبر 26 میں ہے، کہ اللہ تعالیٰ نے ایک شہید کو یوں فرمایا قِيۡلَ ادۡخُلِ الۡجَنَّةَ کہ جنت میں داخل ہو جا۔

اب دیکھو! اس آیت سے تو پتہ چلتا ہے کہ شہید فوراً جنت میں چلا جاتا ہے کیونکہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے قِيۡلَ کا لفظ اتارا ہے جس کا مطلب ہے کہ اسے کہہ دیا گیا جو کہ ماضی کا لفظ ہے گذشتہ زمانے کی بات ہے، تو اس کا مطلب ہوا کہ جنت میں داخل ہو چکا ہے پھر تم کیسے کہتے ہو کہ قبروں میں زندہ ہیں۔

**ج:1)** اہل السنّت والجماعت قرآن کریم کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور مفسرین قرآن جو کہ علم تفسیر میں ماہر ہوتے ہیں ان کی تشریح کے مطابق مانتے ہیں۔ مثلاً:

حضرت امام قرطبیؒ اس آیت کی تفسیر میں یوں فرماتے ہیں:

**وَقَالَ جَمَاعَةٌ: مَعۡنَى "قِيۡلَ ادۡخُلِ الۡجَنَّةُ" وَجَبَتۡ لَکَ الۡجَنَّةُ، فَهُوَ خَبَرٌ بِاَنَّهُ قَدِ اسۡتَحَقَّ دُخُوۡلَ الۡجَنَّةِ: لِاَنَّ دُخُوۡلَهَا يُسۡتَحَقُّ بَعۡدَ الۡبَعۡثِ.**

(الجامع لاحکام القرآن، تفسیر القرطبی، سورۃ یٰسین آیت:26، ج:15، ص:19، ط:دارالکتب المصریہ، القاہرہ)

**ترجمہ:** قِيۡلَ ادۡخُلِ الۡجَنَّةَ کہ جنت میں داخل ہو جا۔ مفسرین کی جماعت نے اس آیت کی تفسیر یوں بتائی ہے کہ شہادت کا رُتبہ پا لینے کے بعد شہید جنت کے ٹھکانے کا مستحق بن جاتا ہے اور جنت میں داخلہ قبروں سے اُٹھنے کے بعد ہوگا۔

دیکھو اس تفسیر نے مسئلہ سمجھنا آسان کر دیا کہ جنت میں داخلہ قیامت کے دن قبروں سے اٹھنے کے بعد ہی ہوگا کیونکہ مومن کی قبر تو صرف جنت کا باغ ہوتی ہے یعنی جنت کی نعمتوں سے لذت حاصل کرنے کیلئے مومن کی قبر میں ایک جنت کی کھڑکی کھول دی جاتی ہے گویا وہ قبر جنت کی ایک برانچ (شاخ) بن جاتی ہے۔

**ج:2)** ہمارے نزدیک بھی شہید فوراً جنت میں چلا جاتا ہے یعنی اس کی قبر میں جنت کو پیش کیا جاتا ہے۔ (صحیح بخاری، کتاب الجنائز، باب ا لمیت یعرض علیہ مقعدہ بالغداۃ والعشی، ج:1، ص:184، ط: قدیمی کراچی)

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

ج:3) یہاں سے مراد ہے کہ شہید کی روح جنت چلی جاتی ہے اور روح کا جسم سے تعلق ہوتا ہے۔

ج:4) ماضی کے لفظ سے یہ مراد نہیں ہے کہ یہ کام ہو چکا بلکہ قرآن پاک میں بہت سی جگہ قیامت کو ماضی کے لفظ سے یاد کیا گیا ہے حالانکہ قیامت آگے آئے گی جس کا تعلق ماضی سے نہیں بلکہ مستقبل سے ہے۔ جیسے قرآن پاک میں ہے وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ (سورۃ یٰسین آیت 51) کہ قیامت تو آچکی ،صور پھونک دیا گیا۔ مگر اس کا مطلب مستقبل کا ہے کہ قیامت آئے گی اس لیے شہید کیلئے بھی مطلب یہ ہے کہ وہ قیامت کے دن جنت میں داخل ہوگا۔ یہ اصول ہے کہ مستقبل کی یقینی بات کو ماضی کے الفاظ میں بیان کر دیا جاتا ہے۔

ج:5) جس طرح حدیث میں ہے: عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ شَهِدَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ. (رواہ النسائی والطبرانی عن انس ومعاذ اخرجہ ابویعلی فی مسندہ ج7 ص209 رقم:4202)

(تنسیق النظام فی مسند الامام کتاب الایمان والاسلام، باب: بیان عدم کفر اہل الکبائر، ص29 ط: مکتبہ البشریٰ کراچی، ص11 ط: اسلامی کتب خانہ لاہور)

ترجمہ: جس نے کلمہ طیبہ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـه کی گواہی دی (یعنی ایمان لایا) وہ جنت میں داخل ہو گیا۔ تو کیا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه کہتے ہی بندہ جنت میں چلا جاتا ہے۔ نہیں بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک نہ ایک دن جنت میں جائے گا۔ تو اسی طرح شہید بھی قبر سے نکلنے کے بعد جنت جائے گا۔

**اعتراض 23:** قبر سے مراد صرف اوپر عالم برزخ ہے زمین پر کوئی قبر نہیں ہے۔

**ج:** جھوٹ کی بھی کوئی حد ہوتی ہے یار۔۔۔ قرآن پاک نے کئی آیات میں زمینی قبر کو قبر فرمایا ہے۔ مثلاً:

1) وَلَا تَقُمْ عَلٰی قَبْرِهٖ ؕ (اور نہ اُس کی قبر پر کھڑے ہونا) (سورۃ توبہ، آیت: 84)

**نوٹ:** اس آیت میں قبر سے مراد یہی زمینی گڑھا ہے نہ کہ سجین۔ کیونکہ حضور پاک ﷺ عبداللہ بن اُبی منافق کے جنازے کے بعد اسی زمینی قبر پر کھڑے تھے نہ کہ سجین میں۔

2) وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ ○ (سورۃ الحج، آیت: 7)

ترجمہ: بے شک قیامت آنے والی ہے اور اللہ تعالیٰ سب کو قبروں سے اٹھائے گا۔

3) كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ. (سورۃ الممتحنہ، آیت: 13)

ترجمہ: وہ آخرت سے یوں مایوس ہو چکے جیسے کفار قبروں میں مدفون لوگوں سے مایوس ہیں۔

4) ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ. (پھر اُسے موت دی، اور قبر میں پہنچا دیا) (سورۃ عبس، آیت:21)

5) وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ. (اور جب قبریں اُکھاڑ دی جائیں گی) (سورۃ الانفطار، آیت:4)

6) اَفَلَا یَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِی الْقُبُوْرِ. (سورۃ العادیات، آیت:9)

ترجمہ: کیا وہ وقت اُسے معلوم نہیں ہے جب قبروں میں جو کچھ ہے، اُسے باہر بکھیر دیا جائے گا۔

7) حَتّٰی زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ. (یہاں تک کہ تم قبرستانوں میں پہنچ گئے) (سورۃ التکاثر، آیت:2)

نوٹ: اگر زمین پر قبریں نہیں ہیں تو پھر سارے مماتی زمین میں اپنے مردے مت دفنایا کریں بلکہ اپنے مردے بوری میں ڈال کر درختوں سے لٹکا دیا کریں۔ اور قبرستانوں کی زمین کو زراعت کے لئے استعمال کریں ملکی وقومی فائدے میں اضافہ ہوگا۔

تنبیہ: مشکل کے خوف سے احادیث کو چھوڑ کر صرف آیات پیش کی گئی ہیں ورنہ احادیث میں جابجا آپ ﷺ نے زمینی قبر کو قبر فرمایا ہے اور قبر ہوتی ہی زمین پر ہے آسمانوں پر کوئی قبر نہیں یہ مماتیوں کا اپنے پیٹ سے بنائے ہوئے مسائل میں سے ایک مسئلہ ہے کہ قبریں آسمان پر ہیں دین اسلام میں قبرستان کے متعلق جتنے بھی احکامات آئے ہیں وہ سب اسی زمینی قبر کے بارے میں ہیں کہ قبر کو پختہ نہ بناؤ، قبر سے ٹیک نہ لگاؤ، قبر کے اوپر سے گزرو نہیں وغیرہ وغیرہ، اگر آسمان پر قبریں ہوتیں تو اس کے احکام بھی شریعت میں موجود ہوتے مگر ایسا ایک حکم بھی موجود نہیں ہے۔

ہم حیران ہیں کہ جب کوئی جاہل آدمی قبر پر سجدہ کرتا ہے تو اس وقت اہل حق علماء دیوبند اس کو منع کرتے ہیں کہ قبر پر سجدہ حرام ہے مماتی بھی یہی بات کہتے ہیں کہ قبر پر سجدہ نہیں کرنا چاہیے اور جب بات عقیدہ حیات النبی ﷺ کے بارے میں آئے تو مماتی زمینی قبر کو ماننے سے انکار کر دیتے ہیں، حیرانگی ہے کہ مماتیوں کو آج تک اپنی قبر بھی پتہ نہ چل سکی۔

اگر قبریں آسمان پر ہوتیں تو پھر احادیث پاک میں قبر پر نہ گزرنے اور اس پر سجدہ نہ کرنے اور مزید یہ کہ پختہ نہ بنانے کے بارے میں جو احکام آئے ہیں ان کا کیا مطلب ہوگا؟

آسمان پر ریت، بجری اور سیمنٹ کے ٹرک جاتے تو کسی نے آج تک نہیں دیکھے۔

**اعتراض 20:** قرآن پاک میں ہے اِنَّکَ لَاتُسۡمِعُ الۡمَوۡتٰی (آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے) پھر تم کیوں کہتے ہو کہ وہ سنتے ہیں۔

**ج:1)** یہ بات عام مردوں کی ہے انبیاء کرام علیہم السلام اور خصوصاً حضور ﷺ کی نہیں ہے۔

**ج:2)** اکثر قرآن پاک کی تفسیر والوں نے لکھا ہے کہ آپ ﷺ نہیں سنا سکتے اس کا معنی یہ نہیں ہے کہ مردے نہیں سنتے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ جس طرح مردے کو سنا کر کوئی فائدہ نہیں دے سکتے تو اسی طرح کافر کو بھی ہدایت نہیں دے سکتے۔ کیونکہ یہاں سے مراد مردے نہیں بلکہ مَوۡتَۃُ الۡقُلُوۡبِ یعنی جن کے دل مردہ ہو چکے ہیں وہ کافر مراد ہیں۔

**اعتراض 24:** اگر تم سچے ہو تو اس دعوے پر کوئی ایک سنی مفسر کی تفسیر پیش کرو۔

**ج:** لو جناب مفسر قرآن حضرت مولانا عبدالحق حقانی دہلویؒ تفسیر قرآن میں لکھتے ہیں:
ان آیات میں تو عدم سماع موتی (مردوں کے نہ سننے) کا اشارہ تک بھی نہیں اس لیے ان سے استدلال کرنا بے فائدہ بات ہے۔ (تفسیر فتح المنان المشہور بہ تفسیر حقانی، ج:3،ص:561، ط: اعتقاد پبلشنگ ہاؤس دہلی)

**نوٹ:** مماتیو! حضرت حقانیؒ کا بڑا نام لیتے ہو اُن کا یہ حوالہ بھی ذرا جگر تھام کے مانو......!

**اعتراض 25:** قرآن مجید میں ہے: قَالُوۡا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثۡنَتَيۡنِ وَاَحۡيَيۡتَنَا اثۡنَتَيۡنِ فَاعۡتَرَفۡنَا بِذُنُوۡبِنَا فَهَلۡ اِلٰی خُرُوۡجٍ مِّنۡ سَبِيۡلٍ (سورۃ مؤمن، آیت :11)

**ترجمہ:** وہ کہیں گے کہ "اے ہمارے پروردگار! تو نے ہمیں دو مرتبہ موت دی، اور دو مرتبہ زندگی دی اب ہم اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہیں تو کیا (ہمارے دوزخ سے) نکلنے کا کوئی راستہ ہے؟"

اب تم علماء دیوبند سے ہمارا سوال یہ ہے کہ جب کلیہ دو موتیں اور دو زندگیاں ہیں ایک دنیا والی زندگی اور ایک قیامت والی زندگی اور ایک دنیا کی موت اور ایک پیدا ہونے سے پہلی والی موت، اگر قبر والی زندگی مانیں تو پھر تین زندگیاں بن جاتی ہیں اور یہ قرآن کے خلاف ہے۔

**ج:** قبر کی زندگی ماننا قرآن کے ہرگز خلاف نہیں ہے بلکہ قبر کی زندگی خود قرآن پاک سے ثابت ہے۔ جس طرح ماں کے پیٹ والی زندگی تیسری زندگی نہیں بلکہ دنیا کی زندگی کی ابتداء ہے اسی طرح قبر کی زندگی بھی آخرت کی زندگی کی ابتداء ہے کہ نہ ماں کے پیٹ کی زندگی قرآن

پاک کے مخالف ہے اور نہ قبر کی زندگی قرآن پاک کے مخالف ہے۔قبر والی زندگی کوئی آخرت کی زندگی سے الگ نہیں ہے کہ یہ تیسری زندگی بن جائے۔

**اعتراض 26:** نبی ﷺ کی دنیا والی زندگی مانتے ہو یا برزخ والی؟

**ج:** وفات کے بعد جو زندگی ملتی ہے اس کو مختلف ناموں سے یاد کیا جاتا ہے مثلاً حیات اُخروی، حیات قبری، حیات برزخی وغیرہ کیونکہ قبر کی زندگی بھی برزخ کا حصہ ہے۔جن بزرگوں نے دنیا والی حیات کی بات لکھی ہے تو اسکا مطلب صرف یہی ہے کہ آپ ﷺ کا دنیا والا جسم مبارک اپنی قبر میں زندہ ہے آپ ﷺ کا کوئی نیا اور مزید جسم نہیں۔جس طرح کچھ ناواقف لوگ صرف جسم مثالی کو زندہ مان کر آپ ﷺ کی قبر مبارک والی حیات کا انکار کر دیتے ہیں تو انکو جواب دینے کیلئے دنیاوی حیات کا لفظ بول دیا جاتا ہے جس سے یہ بات نکھر کر سامنے آجاتی ہے کہ دنیا والا جسم زندہ ہے ورنہ آپ ﷺ کی قبر اطہر برزخ کا حصہ ہے اور اس قبر میں آپ ﷺ برزخی حیات کے ساتھ زندہ ہیں۔

**نوٹ:** مماتی عام طور پر اماں عائشہ رضی اللہ عنہا کا بڑا نام لیتے ہیں لیکن زمینی قبر کو سیدہ اماں عائشہ رضی اللہ عنہا برزخ کا حصہ بتا رہی ہیں۔ (تفسیر ام المومنین عائشہ الصدیقہؓ ص:383-382 سورۃ المومنون آیت:100، ط: تالفیات اشرفیہ ملتان)

مگر کبھی بھی مماتی سیدہ اماں عائشہ رضی اللہ عنہا کی بات کو نہیں مانے گے کیونکہ مماتیوں کے نزدیک یہاں سیدہ اماں عائشہ رضی اللہ عنہا کی بات غلط ہے اور زمینی قبر برزخ کا حصہ نہیں ہے۔ نعوذ باللہ

**اعتراض 27:** قرآن کریم میں ہے حضرت عزیر علیہ السلام ایک بستی سے گزرے تو وہاں پر 100 سال تک فوت ہو گئے اور جب اللہ تعالیٰ نے انہیں دوبارہ اُٹھا کر پوچھا کہ کتنا عرصہ سوئے؟ تو عرض کیا: ایک دن یا آدھا دن۔اگر نبی علیہ السلام قبر میں زندہ رہتے تو انہیں ضرور پتہ چلتا کہ 100 سال گزر گئے ہیں۔

**ج:** یہ واقعہ سورۃ البقرۃ آیت نمبر 259 میں موجود ہے مگر کہیں بھی یہ بات لکھی ہوئی نہیں کہ اس بستی سے گزرنے والے یہ شخص حضرت عزیر علیہ السلام تھے اللہ تعالیٰ نے اس قصہ میں حضرت عزیر علیہ السلام کا نام تک نہیں لیا اور رسول اللہ ﷺ کے تمام فرامین میں گزرنے والے شخص کا نام

موجود نہیں بلکہ قرآن پاک نے اَوْ کَالَّذِیْ مَرَّ کا لفظ فرمایا ہے جس کا ترجمہ ہے ایک شخص گزرا یعنی اللہ تعالیٰ نے نام ذکر نہیں فرمایا جب قرآن اور حدیث نبوی ﷺ دونوں اس بارے میں خاموش ہیں تو مماتی کس دلیل سے حضرت عزیر علیہ السلام کا نام لیتے ہیں؟

**اعتراض:28** بعض تفسیر والوں نے اسرائیلی روایت لکھی ہے کہ اس بستی سے گزرنے والے شخص کا نام حضرت عزیر علیہ السلام ہے۔

**ج:** جب تفسیر والوں نے اسرائیلی روایت (جو یہودیوں اور عیسائیوں سے معلوم ہو تو اسے اسرائیلی روایت کہتے ہیں) لکھی ہے تو مماتیوں نے اسے اللہ تعالیٰ کا کلام بنا دیا۔ **نعوذ باللہ** جناب والہ جن تفسیر والوں نے لکھا ہے یقیناً وہ مختصر تفسیر ہیں۔ ان میں صرف ایک ایک قول ذکر کر دیا جاتا ہے اسی لئے مختصر تفسیر میں تفصیلی واقعات نہیں لکھے جا سکتے۔ کسی بات کی حقیقت تک پہنچنے کیلئے اسکی مکمل تفصیل کا معلوم ہونا ضروری ہے ورنہ بات کی تہہ تک پہنچنا مشکل ہو جاتا ہے، قرآن مجید کی تفصیلی تفاسیر میں یہ واقعہ مکمل موجود ہے۔ مثلاً: تفسیر روح المعانی جو 30 جلدوں میں علماء احناف کی سب سے بڑی تفسیر کی کتاب ہے۔ آیت کے اس مقام پر اس کو بھی مطالعہ کر لیا جائے تو بات کھل کر سامنے آجائے گی اور مسئلہ آسانی سے سمجھ میں آجائے گا۔ مفتی بغداد، مئولف تفسیر روح المعانی: حضرت علامہ محمود آلوسیؒ واضح لکھتے ہیں کہ اس بستی سے گذرنے والا شخص کون تھا؟ اللہ تعالیٰ نے کسی شخص کا نام لیے بغیر یہ واقعہ ذکر فرمایا ہے۔ واقعہ کی تشریح کرنے والوں کے بیانات باہم مختلف ہیں۔ کچھ لوگوں نے کہا کہ گزرنے والا شخص کافر تھا جو موت کے بعد زندگی ملنے کا منکر تھا (معاف کرنا پرانے زمانے کا کوئی پتھری، مماتی ہوگا۔۔۔۔از ناقل) تو اللہ تعالیٰ نے اسکو سو سال موت دے کر پھر زندہ کیا تاکہ پتہ چلے کہ موت کے بعد بھی حیات ملتی ہے۔ کچھ اور لوگوں کا بیان ہے کہ اس بستی سے گزرنے والا شخص فقط ایک مسلمان تھا یعنی نبی نہ تھا۔ مزید کچھ اور لوگوں کا بیان ہے کہ بنی اسرائیل کا ایک عام شخص تھا اور کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ بنی اسرائیل کی قوم کا عالم تھا وغیرہ وغیرہ۔

**نوٹ:** جب اس واقعہ میں گزرنے والے شخص کے متعلق اتنا زیادہ اختلاف ہے تو صرف

حضرت عزیر علیہ السلام کا نام لے کر عقیدہ حیات الانبیاء علیہم السلام کا انکار کرنا بیوقوفی ہے۔

**اعتراض:29** کچھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس واقعہ کی نسبت حضرت عزیر علیہ السلام کی طرف کرتے ہیں۔ان کے بارے میں آپ کا کیا جواب ہے؟

**ج:** جی ہاں! ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس بات کو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کا بیان نہیں بتلایا بلکہ بطور اسرائیلی روایت ذکر کیا ہے اور اسرائیلی روایت کے بارے میں اصول ہے کہ جب شریعت محمدی کے خلاف ہو تو ہرگز اس پر اعتماد نہیں کیا جائے گا۔ (علوم قرآن، ص:346، ط: مکتبہ دارالعلوم کراچی)

**نوٹ:** جن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے یہ اسرائیلی روایت بیان کی ہے وہ سب عقیدہ حیات النبی ﷺ کے قائل تھے۔ مثلاً: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت منقول ہے تو ان کا واقعہ حصہ آیات قرآنی آیت نمبر 3 کے زمرے میں گزر چکا ہے کہ وہ آپ ﷺ کی قبر کی زندگی کے قائل ہیں۔ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے یہ ثابت نہیں کیا جا سکتا کہ وہ اس اسرائیلی روایت کو بنیاد بنا کر حیات النبی ﷺ جیسے عشق و محبت والے عقیدہ سے منہ پھیر گئے تھے۔ نعوذباللّٰہ

**مزید وضاحت:** حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی جس روایت میں اس بستی سے گزرنے والے شخص کا نام حضرت عزیر علیہ السلام بتایا گیا ہے ہمارے مطابق یہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر جھوٹ بولا گیا ہے۔حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی ذات اس جھوٹ سے بَری ہے بعد میں آنے والے اہل باطل نے یہ روایت خود سے گھڑی ہے کیونکہ اسی روایت میں بہت سی غلط باتیں موجود ہیں۔ مثلاً: سو سال کے عرصہ میں حضرت عزیر علیہ السلام کا جسم فنا ہو گیا تھا، آنکھیں ختم ہو گئی تھیں، ہڈیاں چور چور ہو کر راکھ ہو گئی تھیں تو اللہ تعالیٰ نے انکا جسم دوبارہ بنایا۔یہ تمام الفاظ اس واقعہ کے جھوٹا ہونے کیلئے کافی ہیں کیونکہ اہل اسلام کا عقیدہ ہے وفات کے بعد حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کا جسم صحیح سلامت رہتا ہے۔حدیث پاک میں آتا ہے:

حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کے اجسام مبارکہ کو مٹی نہیں کھا سکتی۔

(سنن ابی دائود، کتاب الصلوٰۃ، باب تفریع ابواب الجمعۃ، ج: 1،ص: 150،ط:ایچ ایم سعید کراچی.سنن نسائی، ج: 1،ص: 154، کتاب الصلاۃ،ط:قدیمی کتب خانہ کراچی ،سنن ابن ماجہ، ص: 118،کتاب الجنائز، باب ذکر وفاتہ ودفنہ ﷺ،ط:قدیمی کتب خانہ کراچی)

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

**اعتراض:29** اگر یہ ثابت ہو جائے کہ اس بستی سے گزرنے والے حضرت عزیر علیہ السلام تھے تو آپ کا کیا جواب ہوگا؟

**ج:** دلیل کی دنیا میں حضرت عزیر علیہ السلام کو یہاں سے گزرنے والا ثابت کرنا بہت مشکل کام ہے۔اگر یہ ثابت ہو بھی جائے تو مماتیوں کیلئے بہت بڑی مصیبت کھڑی ہو جائے گی جس کا جواب مماتی ملت کے بس کی بات نہیں ہے۔وہ یہ ہے کہ سنن ابی داؤد میں یہ حدیث پاک موجود ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا **وَمَا اَدْرِیْ اَعُزَیْرٌ نَبِیٌّ هُوَ اَمْ لَا** (ترجمہ) کہ مجھے نہیں معلوم کہ عزیر علیہ السلام نبی تھے یا نہیں؟

(سنن ابی داؤد، کتاب السنة ، باب: التخيير بين الانبياء ، ج:2،ص: 286،ط: ایچ ایم سعید کراچی)

اس حدیث پاک سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت عزیر علیہ السلام اللہ کے نیک بندے ضرور ہیں مگر نبی نہیں ہیں جب حضرت عزیر علیہ السلام نبی ہی نہیں تو پھر سو سال تک پتہ نہ چلنے سے عقیدہ حیات الانبیاء علیہم السلام پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

**اعتراض:30** اگر حضرت عزیر علیہ السلام نبی ثابت ہو جائیں تو پھر آپ کا دعویٰ ٹوٹ جائے گا۔

**ج:** بالفرض اگر نبی بھی ثابت ہو جائیں تو بھی عقیدہ حیات الانبیاء علیہم السلام پر کوئی فرق نہیں پڑے گا کیونکہ جب اللہ تعالیٰ نے سو سال گزرنے کے بعد ان سے سوال کیا کہ تم کتنا عرصہ رہے ؟ تو انکا جواب تھا ایک دن یا آدھا دن۔اس بنیاد پر مماتی شور مچاتے ہیں کہ سو سال کے بجائے ایک دن یا آدھا دن کیوں کہا؟ اسکا بہترین جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پوچھا کتنا عرصہ سوئے رہے مراد تھی کہ دنیا کے لحاظ سے کتنا عرصہ بنتا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا ایک دن یا آدھا دن ،انکی مراد یہ تھی کہ آخرت کے دنوں کے حساب سے دنیا کے سو سال ایک دن یا آدھا دن ہی بنتے ہیں اسکی دلیل قرآن کریم میں یوں ملتی ہے۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: **وَاِنَّ یَوْمًا عِنْدَ رَبِّکَ کَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ** (اور یقین جانو کہ تمہارے رب کے ہاں کا ایک دن تمہارے حساب کے مطابق ایک ہزار سال کا ہوتا ہے )اس لحاظ سے دنیا کے سو سال آخرت کے دنوں کے مقابلے میں ایک دن یا آدھا دن ہی بنتے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے دنیا کے حساب سے سوال فرمایا

جبکہ حضرت عزیر علیہ السلام نے آخرت کے دنوں کے حساب پر جواب دیا۔سوال بھی ٹھیک اور جواب بھی ٹھیک ہے۔لہٰذا حضرت عزیر علیہ السلام کے نبی ثابت ہو جانے پر بھی عقیدہ حیات الانبیاء علیہم السلام میں فرق نہیں آتا۔

**اعتراض:31** یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ دنیا کے حساب سے سوال فرمائیں اور حضرت عزیر علیہ السلام آخرت کے حساب سے جواب دیں؟

**ج:** نیند کو چھوٹی اور موت کو بڑی بہن کہا جاتا ہے۔ان دونوں کا آپس میں بہت گہرا تعلق ہے۔دونوں حالتوں میں جسم سے روح نکل جاتی ہے مگر تعلق باقی رہتا ہے۔حضرت عزیر علیہ السلام تازہ تازہ موت یعنی نیند سے اُٹھ کر آئے تھے اسی لئے آخرت کے حساب سے جواب دے دیا۔

**نوٹ:** صحیح بخاری میں ہے کہ سوتے وقت یہ دعا پڑھی جائے: **اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیَا.** (اے اللہ میں تیرے نام پر مرتا یعنی سوتا ہوں اور تیرے نام پر زندہ یعنی نیند سے جاگ جاتا ہوں) اسی طرح نیند سے اُٹھنے پر یہ دعا پڑھی جائے: **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَمَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ.** (اے اللہ تیرا شکر ہے موت کے بعد یعنی نیند کے بعد تو نے زندہ کر دیا یعنی جگا دیا) (صحیح بخاری ،کتاب بدء الوحی حسب ترقیم فتح الباری ،ج:8،ص:88،ط:دار الشعیب القاهره مصر)

اسی لئے نیند اور موت کا لفظ ایک دوسرے پر بولا جاتا ہے۔تبھی حضرت عزیر علیہ السلام نے دنیاوی نیند کے عرصہ کو آخرت کی زندگی کے مطابق سمجھ کر جواب دیا کہ ایک دن یا آدھا دن یہاں رہا۔

**اعتراض:32** ہماری جماعت کا نام "مماتی" تو قرآن کریم میں موجود ہے: **قُلْ إِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ.** یہ آیت ہماری جماعت کے حق پر ہونے کی دلیل ہے۔آپ لوگ "حیاتی" ہو اور اگر آپ حق پر ہوتے تو حیاتی کا لفظ بھی قرآن کریم میں موجود ہوتا حالانکہ حیاتی کا لفظ تو قرآن کریم میں موجود نہیں ہے۔

**ج:1) آیت کا صحیح مطلب:** یہ قرآن کریم میں سورۃ الانعام کی آیت نمبر:162 ہے۔اس آیت میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز، قربانی، زندگی اور موت کو بیان کر کے فرمایا جا رہا ہے کہ یہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے ہیں اس آیت سے مماتی فرقہ ہرگز ثابت نہیں ہوتا قرآن

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

پاک تو 1400 سال پہلے نازل ہوا جبکہ مماتی 1957ء میں بنے ہیں۔

**ج:2)** اگر الفاظ پر ہی فیصلہ کرنا ہے تو حیاتی کا لفظ بھی قرآن کریم میں موجود ہے، آپ کو نظر نہیں آتا تو خیر ہے پریشانی کی کوئی بات نہیں، کسی چھوٹے مسلمان بچے سے کہہ دیں جو صرف 30 پارہ پڑھا ہوا ہو وہ آپ کو قرآن مجید کھول کر آیت دکھا دے گا جس میں حیاتی کا لفظ موجود ہے: **قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي** (سورۃ الفجر، آیت نمبر:24)

**ج:3)** قرآن مجید میں صرف الفاظ ہی نہیں دیکھے جاتے بلکہ الفاظ کا مطلب بھی دیکھا جاتا ہے اگر ایسا نہ ہو تو مروت قوم والے کہیں گے کہ قرآن کریم میں ہماری قوم کا نام بھی آیا ہوا ہے: **اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ.** (البقرۃ، آیت:158) حالانکہ یہاں سے مراد مکہ المکرّمہ کی پہاڑی مراد ہے۔

**ج:4)** قرآن کریم میں فرعون، ہامان اور قارون کا نام بھی موجود ہے، پھر کیا وہ سارے سچے ہو جائیں گے؟ **وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوسٰى بِاٰيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِينٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَقَارُوْنَ.** (سورۃ المؤمن، آیت: 23،24) (ہم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی نشانیوں اور بڑی واضح دلیل دے کر فرعون، ہامان اور قارون کے پاس بھیجا تھا) اب بتاؤ قرآن کریم میں ان ظالموں کے نام آنے سے کیا ان کا ظلم ختم ہو جائے گا؟ اور یہ سب کفار حق پر ثابت ہو جائیں گے؟

**ج:5)** قرآن کریم پڑھنے سے پہلے جس کا نام لے کر اللہ تعالیٰ سے پناہ طلب کی جاتی ہے:

**فَاِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.** (سورۃ النحل، آیت:98)

**ترجمہ:** جب تم قرآن پڑھنے لگو تو پہلے شیطان مردود سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگ لیا کرو۔

پھر تو شیطان کہنے لگے گا کہ میرا نام قرآن پڑھنے سے بھی پہلے لیا جاتا ہے تو میرے حق پر ہونے کی دلیل ہے۔ اس طرح بچوں والی حرکتوں سے تم لوگ اپنے فرقہ کو سچا ثابت نہیں کر سکتے۔

**اعتراض:33** **اَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو قرآن پاک میں پتھری کہا گیا ہے، اس لئے ہم مماتی لوگ بھی پتھری ہیں۔

**ج:1)** یہ قرآن کریم پر بہت بڑا الزام ہے۔ یہ آیت سورۃ فتح کی آیت نمبر:29 کا ٹکڑا ہے۔ اس میں تو اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تعریف فرماتے ہوئے یوں فرمایا:

مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗ اَشِدَّاءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَاءُ بَیْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُکَّعاً سُجَّداً یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَاناً سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ

**ترجمہ:** حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ انکے ساتھ ہیں وہ کافروں کے مقابلے میں سخت ہیں اور آپس میں ایک دوسرے کیلئے نرم دل ہیں آپ انہیں دیکھو گے کہ وہ کبھی رکوع میں ہیں اور کبھی سجدہ میں، اللہ کے فضل اور خوشنودی میں لگے ہوئے ہیں، انکی نشانیاں سجدے کے اثر سے انکے چہروں پر نمایاں ہیں۔

دیکھئے اس آیت میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو پتھری نہیں کہا گیا، یہ مماتیوں نے لنگڑا جھوٹ بولا ہے۔

**ج:2)** اگر یہ بے وقوفی مان لی جائے تو پھر یہ دلیل مماتیوں کے گلے میں فِٹ ہو جائے گی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے یوں فرمایا ہے: اَشِدَّاءُ عَلَی الْکُفَّارِ کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کافروں کے مقابلے میں سخت ہیں جبکہ مماتی لوگ قرآن وحدیث اور اجماع صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دلائل پڑھ لینے کے باوجود بھی اپنے من گھڑت عقیدہ پر ضدی اور سخت ہیں۔

**ج:3)** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو پتھر کہنا انکی توہین ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

یَآ اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَکُمْ وَاَهْلِیْکُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَۃُ. (سورۃ التحریم، آیت:6)

**ترجمہ:** اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو اس جہنم کی آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہونگے۔

اب دیکھئے اللہ تعالیٰ پتھروں کا بھی دوزخی ہونا فرما رہے ہیں اور مماتی بے چارے عقل سے پیدل مخلوق ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو پتھر اور پتھری جیسا بُرا لقب دے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس توہین سے اُمت مسلمہ کی حفاظت فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الکریم ﷺ

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

## اعتراضات حصہ احادیث

**اعتراض 1:** عقیدہ حیات النبی ﷺ کی احادیث ضعیف ہیں۔

**ج:** ہم اِن کی توجہ ایک اصول کی طرف کرانا چاہتے ہیں۔ اگر اس علمی اصول کو سمجھ لیا جائے تو بات ضرور ٹھکانے لگ جائیگی ورنہ ضد، ہٹ دھرمی کا علاج آج تک دریافت نہ ہو سکا۔ اول تو یہ سب احادیث صحیح ہیں ہرگز ضعیف نہیں، بالفرض اگر ضعیف بھی ہوتیں تو اُمت مسلمہ کا اجماع اُن کو صحیح بنا دیتا ہے۔ محدثین کرامؒ کے ہاں جو حدیث ضعیف ہو اور پوری امت مسلمہ اس حدیث کو مان لے یعنی اجماع ہو جائے تو وہ ضعیف حدیث بھی صحیح بن جاتی ہے اگر چہ اس حدیث کی سند صحیح نہ ہو۔

**نوٹ:** وہ محدثین کرامؒ جنہوں نے اس اُصول کو اپنی کتب میں درج فرمایا ہے۔ چند کے اسمائے گرامی بمعہ حوالہ جاتِ کتب درج ذیل ہیں:

1) محقق علی الاطلاق شیخ الاسلام حضرت ابن ہمام الحنفیؒ

(فتح القدیر، کتاب الطلاق ،فصل و یقع الطلاق کل زوج اذا کان عاقلا بالغا ، ج:3،ص:493،ط:دار الفکر بیروت لبنان)

2) شیخ الاسلام حضرت علامہ ابن القیم الحنبلیؒ

(اعلام الموقعین عن رب اللعالمین، کتاب عمر فی القضاء و شرحہ،باب:القول فی القیاس،فصل: کان اصحاب النبی ﷺ یجتھدون و یقیسون، ج: 1، ص: 155، ط: دارا لکتاب العلمیہ بیروت لبنان)

3) حضرت علامہ جلال الدین سیوطی الشافعیؒ

(تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی، مقدمہ: النووی، انواع الحدیث، النوع الاول حد الصحیح، ج: 1، ص: 66، ط: دار طیبہ بیروت )

4) حضرت محمد بن العلامہ علی بن آدم الولویؒ

(شرح الفیۃ السیوطی اسعاف ذوی الوطربشرح نظم الدررفی علم الاثر، ج: 1، ص: 212، ط: مکتبہ الغرباء الاثریہ المدینۃ المنورہ )

5) حضرت حافظ ابن حجر عسقلانی الشافعیؒ

(الامصاح علی نکت ابن الصلاح، ج: 1، ص: 78، ط: الریاض سعودی عرب)

6) حضرت علامہ شمس الدین سخاوی الشافعیؒ

(فتح المغیث، بشرح الفیۃ الحدیث، تنبیہات ج: 1، ص: 350، ط: السنہ القاہرہ )

7) حضرت علامہ قاضی شوکانی الظاہریؒ

(نیل الاوطارمن احادیث سید الاخیار شرح منطقی الاخبار، کتاب الطھارۃ، باب: ماء البحر ، ج: 1، ص: 17، ط: دار الحدیث القاہرہ مصر)

8) مسند الہند علامہ حضرت شاہ ولی اللہ الحنفیؒ

(عقدالجیدفی احکام الاجتہاد والتقلید، فصل فی العامی ، ج: 1، ص: 34، ط: المطبقھالسلفیہ القاہرہ مصر)

9) حضرت علامہ ابن مرعی الشبر خیتیؒ، عطیہ بن محمد سالم المالکیؒ

(شرح الاربعین للنوویہ ، ج: 2، ص: 6، ط: مکتبۃ السنہ القاہرہ مصر)

10) المحدث الناقد حضرت علامہ ظفر احمد عثمانی الحنفیؒ

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

(قواعدفی علوم الحدیث،ص :62، اعلاء السنن، کتاب الحج،ابواب الزیارة، ج: 10،
ص:496،ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی)

**اعتراض 2:** ہم مماتی حضور ﷺ کی حیات کے قائل ہیں مگر انکو جنت میں زندہ مانتے ہیں اور تم لوگ زمین میں زندہ مانتے ہو۔لہٰذا ہمارا عقیدہ آپ (دیوبندیوں) سے اچھا ہے۔

**ج)** یہ مماتیوں کا ایک فریب ہے وہ کوئی آیت نہیں مانتے جب پھنستے ہیں تو ایسا بہانہ بناتے ہیں۔علماء دیوبند کہتے ہیں کہ روضہ اقدس جنت کا ٹکڑا ہے لہذا زمین میں زندہ ماننے والی بات صحیح نہیں ہے بلکہ زمین میں جس جگہ آپ ﷺ موجود ہیں وہ جنت سے بھی افضل ہے۔مماتیوں کا عقیدہ علماء دیوبند سے کبھی اچھا نہیں ہوسکتا کیونکہ مماتی آپ ﷺ کی روح مبارک کو جنت میں مان کر جسم کو قبر میں مردہ سمجھتے ہیں جبکہ علماء دیوبند روح مبارک کو جنت میں زندہ مان کر آپ ﷺ کو اس کے تعلق سے قبر مبارک میں زندہ مانتے ہیں۔اہل حق علماء دیوبند کا یہ نظریہ ہے کہ جنت کو آپ ﷺ کے قدموں میں لاکر بچھا دیا گیا ہے۔آپ ﷺ کی روح اور جسم مبارک دونوں زندہ ہیں لہٰذا علماء دیوبند کا عقیدہ بہت بہتر، بہت افضل، بہت اچھا ہے۔ **الحمد للہ**

**عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِک** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ** ﷺ **قَالَ اَتَیْتُ وَفِیْ رِوَایَۃِ هَدَّابٍ مَرَرْتُ عَلٰی مُوْسٰی لَیْلَۃَ اُسْرِیَ بِیْ عِنْدَالْکَثِیْبِ الْاَحْمَرِ وَھُوَ قَائِمٌ یُّصَلِّیْ فِیْ قَبْرِہٖ.** (صحیح مسلم، کتاب الفضائل، باب فضائل موسیٰعلیہ السلام، ج: 2،ص: 268،ط: قدیمی کتب خانہ کراچی)

**ترجمہ:** حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا جس رات مجھے معراج کا سفر کرایا گیا تو میں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو سرخ ٹیلے کے قریب اُن کی قبر میں کھڑے ہو کر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔

**نوٹ:** حضرت موسیٰ علیہ السلام وفات پا چکے ہیں اور اس صحیح حدیث پاک سے ثابت ہوا کہ وفات کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان کو قبر مبارک میں زندگی عطا فرمائی ہے۔

**اعتراض:3** آپ ﷺ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو قبر میں نماز پڑھتے دیکھا پھر آپ ﷺ بیت المقدس گئے تو وہاں بھی ان کو دیکھا پھر آپ ﷺ آسمانوں پر گئے تو آسمانوں پر بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام موجود تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ایک ذات ہے وہ 3 جگہوں پر کیسے موجود ہوئے؟

**ج:** حضور اقدس ﷺ بھی تو 3 جگہوں پر تھے وہ کیسے تھے؟ اور انہیں 3 جگہوں پر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ملاقات کر رہے تھے اور ان کو دیکھ رہے تھے؟

جس طرح حضور اقدس ﷺ کو لے جایا گیا پہلے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر پر پھر بیت المقدس میں اور پھر آسمانوں پر، ایسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بھی اللہ تعالیٰ لے گئے اور ان کو بھی اللہ تعالیٰ نے ایک ایک جگہ سے یوں ہی گزارا جیسے حضور پاک ﷺ کو گزارا گیا۔

**اعتراض:4** پھر تو دونوں نبیوں کو معراج ہوئی؟

**ج:** جی ہاں! معراج تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو نصیب ہوئی مگر حضور اقدس ﷺ کا رتبہ بلند ہے اس لئے ان کو عرش معلیٰ تک لے جایا گیا ہے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنے مقام یعنی چوتھے آسمان تک لے جایا گیا۔ بیت المقدس، مسجد اقصیٰ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام سمیت تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے حضور پاک ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی ہے تو اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کا مقتدی بنانے کیلئے انبیاء کرام علیہم السلام کو وہاں پر جمع کر دیا تھا۔

**اعتراض:5** جب انبیاء کرام علیہم السلام آسمانوں پر گئے تو پھر قبروں میں کیسے زندہ ہوئے؟

**ج:** جناب من آپ کی سمجھ کا قصور ہے جیسا کہ آپ ﷺ نے اپنی صحیح حدیث میں اعلان فرمادیا: ''حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں۔''

(مسند ابی یعلی، ج:6، ص:147، حدیث نمبر:3425، ط: دار العلمیہ بیروت، لبنان)

انبیاء کرام علیہم السلام بیت المقدس اور آسمانوں پر آپ ﷺ کے استقبال کیلئے تشریف لے گئے تھے جس طرح حضور اقدس ﷺ معراج کے سفر سے واپس تشریف لے آئے اسی طرح انبیاء کرام علیہم السلام اپنے اپنے مقام پر پہنچ گئے۔ ان انبیاء کرام علیہم السلام کو ہمیشہ کیلئے آسمانوں پر نہیں بٹھایا گیا۔

**اعتراض:6** حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جو قبر میں نماز پڑھی تھی وہ اوپر آسمان والی قبر تھی نہ کہ زمین

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

والی یعنی صرف روح کی نماز مراد ہے۔

**ج:1)** یہ بات بھی جھوٹ ہے کہ وہ آسمانی قبر تھی آسمان پر کوئی قبر نہیں بلکہ قبریں زمین پر ہوتی ہیں۔آسمان پر قبرستان نہیں ہوا کرتے۔

**ج:2)** جس حدیث میں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قبر میں نماز پڑھی اور حضور ﷺ نے انکو دیکھا تو اسی حدیث میں حضور ﷺ کے کچھ الفاظ یوں ہیں **عِندَ الْكَثِيبِ الْاَحْمَرِ**

(صحیح مسلم، کتاب الفضائل، باب فضائل موسیٰ علیہ السلام ،ج:2،ص:268،ط:قدیمی کتب خانہ کراچی)

**ترجمہ:** حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر مبارک سرخ ٹیلے کے قریب ہے۔

حضور پاک ﷺ کے اس ارشاد سے یہ بات کُھل کر سامنے آگئی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر مبارک زمین پر واقع ہے کیونکہ ٹیلے زمین پر ہوتے ہیں آسمانوں پر مٹی کے ٹیلوں کا موجود ہونا کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ہے۔اس حدیث پاک کو سمجھ لینے کے بعد مماتیوں کے جھوٹ کو سمجھنا مشکل نہیں رہتا۔اللہ تعالیٰ ہمیں دین میں جھوٹ کو داخل کرنے والی لعنت سے بچائے۔

**ج:3)** اس حدیث پاک کے لفظ ہیں **لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِيْ** کہ یہ واقعہ اسراء کا ہے اور اسراء معراج کی رات زمینی سفر کو کہا جاتا ہے یعنی اس رات 2 قسم کے سفر ہوئے ہیں 1) سفرِ اسراء 2) سفرِ معراج، اسراء زمینی سفر جو کہ مکہ مکرمہ سے فلسطین بیت المقدس تک تھا اور معراج بیت المقدس سے آسمانوں تک کا سفر کہلاتا ہے۔

اگر یہ آسمانی واقعہ ہوتا تو **لَيْلَةَ اُعْرِجَ بِيْ** فرمایا جاتا کہ آسمانی سفر کی بات ہے مگر ایسا نہیں فرمایا گیا۔تو پتہ چلا کہ یہ زمین پر قبر مبارک کی بات ہے۔

**اعتراض:7** حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جو قبر میں نماز پڑھی ہے وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا معجزہ تھا۔

**ج:** نہیں جناب حضور ﷺ نے قبر کے اندر دیکھ لیا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نماز پڑھ رہے ہیں یہ معجزہ حضور ﷺ کا ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نماز پڑھنا معجزہ نہیں وہ پیغمبر کی عبادت ہے۔

**اعتراض:8** انبیاء کرام علیہم السلام نے حضور ﷺ کے پیچھے جو نماز پڑھی تھی ،وہ نماز انکی روحوں نے ادا کی تھی انکے اجسام نماز میں شریک نہیں تھے۔

ج: اگر روحوں نے نماز پڑھی ہے تو پھر تو حضور ﷺ امام ارواح انبیاء علیہم السلام ہوئے یعنی انبیاء کرام علیہم السلام کی روحوں کے امام بنے ہیں انبیاء کرام علیہم السلام کے امام نہیں بنے حالانکہ آپ ﷺ انبیاء کرام علیہم السلام کے امام ہیں تو انکے روح اور جسم دونوں کے امام ہیں اسکی دلیل کیلئے اکابرین اُمت مسلمہ کے نظریات وتشریحات کو دیکھ لو:

**1)** حضرت مولانا ادریس کاندھلویؒ نے فرمایا:

**وَمَا ذَالِکَ عَلَی اللّٰہِ بِعَزِیْز** یہ اللہ تعالیٰ پر مشکل نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو حضور ﷺ کے پیچھے جمع فرما دیا۔ (سیرت المصطفیٰ، ج:1، باب: پنجم فصل:2،ص:205، ط:المیزان لاہور)

**2)** حضرت علامہ مُلّا علی قاریؒ نے فرمایا:

**فَاِنَّ حَقِیْقَۃَ الصَّلٰوۃِ وَھِیَ الْاِتْیَانُ بِالْاَفْعَالِ الْمُخْتَلِفَۃِ اِنَّمَا تَکُوْنُ لِلْاَشْبَاحِ لَا لِلْاَرْوَاحِ.**

(مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح، کتاب الفضائل، باب فی المعراج، رقم الحدیث:5866، ج:9، ص:3774، دار الفکر بیروت لبنان)

ترجمہ: انبیاء کرام علیہم السلام کی روحوں نے کیا نماز پڑھی تھی؟ بلکہ حقیقی طور پر نماز تو انسان کا جسم پڑھتا ہے کیونکہ نماز کے اندر مختلف کام ہیں جو نمازی کے جسم کے ساتھ خاص ہیں۔

بیت المقدس میں تو انبیاء کرام علیہم السلام روح مع الجسد موجود تھے۔ لہٰذا انبیاء کرام علیہم السلام نے خود نماز ادا کی ہے اور یہ بات صحیح نہیں کہ صرف انکی روحیں نماز ادا کر رہی تھیں۔

**اعتراض:9** حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جو اپنی قبر میں نماز پڑھی اور حضور اقدس ﷺ نے دیکھ لیا وہ تو چھوٹی سی قبر تھی اس میں کیسے کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے تھے؟ یہ بات سمجھ سے باہر ہے۔

ج: یہ بات بالکل سمجھ میں آنے والی ہے ہم آپ کو سمجھانے کیلئے اس اعتراض کے کئی جوابات دیتے ہیں تا کہ آپ کو سمجھنے میں مشکل پیش نہ آئے۔

**1)** مماتیوں کے پاس اس قبر مبارک کے چھوٹا ہونے کی کیا دلیل ہے؟ اگر مماتی کہیں کہ ہمیں نظر یہی آتا ہے کہ چھوٹی سی قبر ہے تو ہم کہیں گے پھر تم اپنی نظر کا دیکھنا ایمان سمجھ بیٹھے ہو حالانکہ ہر موقع پر جو نظر آئے وہی چیز ہے یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ مثلاً: کندھے ہمیں خالی نظر آتے ہیں حالانکہ اس پر فرشتے موجود ہیں لیکن ہمیں بظاہر خالی لگتے ہیں۔ تم کہتے ہو یہ قبر چھوٹی سی ہے،

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

تمہیں نظر چھوٹی سی آتی ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کیلئے چھوٹی سی نہیں ہے جسمیں نماز پڑھ رہے تھے

2) ہم آپ سے پوچھتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جو فرمایا تھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کھڑے ہو کر اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے (صحیح مسلم، کتاب الفضائل، باب فضائل موسیٰ علیہ السلام، ج:2،ص:268،ط:قدیمی کتب خانہ کراچی)

تو کیا حضور ﷺ نے جھوٹ بولا تھا؟ نعوذ باللہ آپ ﷺ سے جھوٹ کی امید ہی نہیں ہے، نبی سے تو غلطی ہو ہی نہیں سکتی۔ تو اس کا کیا جواب دو گے؟

3) مماتی کہتے ہیں کہ قبر بالکل چھوٹی سی ہوتی ہے حالانکہ قرآن کریم میں ہے:

مِنۡهَا خَلَقۡنَاکُمۡ وَفِيۡهَا نُعِيۡدُکُمۡ. (سورۃ طٰہٰ، آیت :55)

ترجمہ: اسی زمین سے ہم نے آپ کو پیدا کیا تھا اور اسی زمین میں ہی ہم آپ کو واپس لے جائیں گے۔

قرآن کریم کی اس آیت کو حدیث شریف میں حضور پاک ﷺ نے یوں فرمایا ہے:

عَنۡ اَبِی هُرَيۡرَةَ رَضِیَ اللہُ عَنۡہُ قَالَ :قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ ﷺ مَامِنۡ مَّوۡلُوۡدٍ اِلَّا وَقَدۡ ذُرَّ عَلَيۡهِ مِنۡ تَرَابِ حُفۡرَتِهٖ. (الجامع لاحکام القرآن ،تفسیر القرطبی، ج:11،ص:210،ط:دار الکتاب المصریہ القاھرہ،مصر)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس جگہ بندہ کی قبر بنتی ہے اسی جگہ سے اُس بندے کی مٹی اٹھا کر کے اُسے پیدا کیا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نبی ہیں اور انبیاء کرام علیہم السلام کی شان بتانے کیلئے الگ طور پر حدیث پاک میں دلائل موجود ہیں، اس بارے میں ارشاد نبوی ﷺ ہے:

عَنۡ عَائِشَةَ رَضِیَ اللہُ عَنۡہَا قَالَتۡ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّا مَعۡشَرَ الۡاَنۡبِيَاءِ تُنۡبَتُ اَجۡسَادَنَا عَلٰی اَرۡوَاحِ اَهۡلِ الۡجَنَّةِ.

(الخصائص الکبریٰ، باب: الآیۃ فی حفظہ ﷺ من الاحتلام، ج:1،ص:120،ط: دار الکتاب العلمیہ بیروت لبنان)

ترجمہ: ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا انبیاء کرام علیہم السلام کے اجسام مبارکہ جنت والی پاکیزہ مٹی سے پیدا کئے جاتے ہیں۔

تو پتہ چلا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر جنت کا باغ ہے اسی لئے وہیں دفن ہوئے ہیں۔ کیونکہ ان کا

جسم مبارک جنتی مٹی سے پیدا ہوا تھا اسی لئے جنتی زمین میں دفن ہوئے ہیں اور نبی پاک ﷺ کی قبر مبارک کو چھوٹی سی قبر سمجھنا جنت کے حالات سے ناواقفی ہے کیونکہ جنت چھوٹی نہیں ہوتی، جنت تو بہت بڑی ہوتی ہے۔ جنت کے رقبہ کی کشادگی کیلئے قرآن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَسَارِعُوْا اِلٰی مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ

(آل عمران، آیت:133)

**ترجمہ:** اور اپنے رب کی طرف سے مغفرت اور وہ جنت حاصل کرنے کیلئے ایک دوسرے سے بڑھ کر تیزی دکھاؤ جنت کی چوڑائی اتنی ہے کہ اس میں تمام آسمان اور زمین سما جائیں۔

اب بتائیں جنت تو زمین و آسمان سے بڑی ہے اور مماتیوں کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر چھوٹی نظر آتی ہے حالانکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر چھوٹی نہیں ہے وہ تو جنت کا باغ ہے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَلْاَنْبِيَاءُ اَحْيَاءٌ فِيْ قُبُوْرِهِمْ يُصَلُّوْنَ. (مسند ابی یعلی، ج:6،ص: 147، حدیث نمبر:3425،ط: دار العلمیہ بیروت، لبنان)

**ترجمہ:** حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں۔

وہ محدثین کرامؒ جنہوں نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح بتلایا اور اپنی کتب میں اسکی سند کو صحیح لکھا:

1) حافظ ابن حجر عسقلانیؒ (فتح الباری، ج:6،ص:352) 2) حضرت ملا علی قاریؒ (مرقات، ج:2،ص:212)
3) حضرت علامہ ھیثمیؒ (مجمع الزوائد، ج:8،ص:211) 4) حضرت علامہ مناویؒ (فیض القدیر، ج:3،ص:184)
5) حضرت علامہ عزیزیؒ (السراج المنیر، ج:2،ص:134) 6) حضرت علامہ قاضی شوکانیؒ (نیل الاوطار ج3ص264)
7) مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ (بذل المجہود، ج:2،ص:117) 8) علامہ انور شاہ کشمیریؒ (فیض الباری، ج:2،ص:64)
9) علامہ شبیر احمد عثمانیؒ (فتح الملہم، ج:1،ص:329) 10) شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ (فضائل درود،ص:18+34)

**اعتراض 10:** جس حدیث میں آیا ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام قبروں میں زندہ ہیں یہ حدیث قرآن کے خلاف ہے کیونکہ قرآن پاک میں ہے۔ اِنَّكَ مَيِّتٌ کہ آپ فوت ہوں گے۔

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

ج:1) قرآن پاک کی سورۃ زمر آیت نمبر 30 میں ہے اِنَّکَ مَیِّتٌ (اے نبی ﷺ آپ فوت ہونگے) یہ تو ہم مانتے ہیں کہ حضور ﷺ فوت ہوئے ہیں جو نبی ﷺ کی وفات نہ مانے وہ بے ایمان ہے لیکن جو حدیث میں ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام قبروں میں زندہ ہیں اس سے مراد وفات کے بعد قبر والی زندگی ہے لہٰذا یہ قرآن پاک کے خلاف نہیں ہے۔ کیونکہ قرآنِ پاک نے دنیا میں وفات کی بات کی ہے جبکہ حدیث پاک قبر مبارک کی زندگی کی بات کرتی ہے تو یہ فرق ہو گیا جب دونوں کا مطلب جُدا جُدا ہے تو پھر آپس میں ایک دوسرے کے خلاف ہو جائیں ایسا نہیں ہو سکتا کیونکہ حدیث پاک کو قرآن کے خلاف بتانا کوئی دین کی خدمت نہیں۔ حدیث پاک تو قرآن پاک کی تشریح کا نام ہے اور قرآن کی تشریح قرآن کے خلاف ہو جائے ایسا ہر گز نہیں ہو سکتا مماتیوں کا حدیث پاک کو قرآن پاک کے خلاف کہنا انکی اپنی سمجھ کا قصور ہے

ج:2) قبر کی زندگی تو خود قرآن پاک سے ثابت ہے۔ مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع عثمانیؒ یُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (سورۃ ابراھیم، آیت نمبر: 27) کی تفسیر میں یوں فرماتے ہیں:
مرنے اور دفن ہونے کے بعد قبر میں انسان کا دوبارہ زندہ ہو کر فرشتوں کے سوالات کا جواب دینا، پھر اس امتحان میں کامیابی اور ناکامی پر ثواب یا عذاب کا ہونا قرآن مجید کی تقریباً 10 آیات میں اشارۃً اور رسول کریم ﷺ کی 70 احادیث متواترہ میں بڑی صراحت و وضاحت کے ساتھ مذکور ہے جس میں مسلمان کو شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ (تفسیر معارف القرآن، ج:5، ص:248، ط: ادارۃ المعارف کراچی)

ج:3) **جوابی چیلنج** : یہ حدیث پاک قرآن کریم کے خلاف نہیں ہے قرآن کریم کے خلاف تو تب ہوتی جب قرآن کریم میں یہ موجود ہوتا کہ نبی پاک ﷺ اپنی قبر مبارک میں مردہ ہیں اور قرآن پاک میں ایسی کوئی آیت نہیں ہے کہ جو نبی پاک ﷺ کو قبر میں مردہ بتائے اگر کوئی مماتی یہ آیت ڈھونڈ دے جس میں لکھا ہو کہ نبی پاک ﷺ قبر مبارک میں زندہ نہیں ہیں تو ہم اس آیت کے پیش کرنے والے شخص کو **1 کروڑ روپیہ** انعام دیں گے۔

حالانکہ قرآن کریم دنیا میں وفات پا جانے کا ذکر کرتا ہے جبکہ حدیث پاک قبر مبارک کے اندر والی زندگی کا ذکر کرتی ہے تو یہ دو الگ الگ چیزیں ہوئیں لہذا حدیث پاک کو قرآن پاک کے خلاف

کہنا ٹھیک نہیں ہے، صرف سینہ زوری ہے۔

**تنبیہ:** تمام سنی مفسرین عقیدہ حیات النبی ﷺ کے قائل ہیں۔ اگر آپ نے کسی سنی مفسر کو تلاش کرنا ہو تو اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ سورۃ ابراہیم آیت نمبر: 27 **يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ.** کی تفسیر کھول کر دیکھ لیں وہ ضرور اس میں عقیدہ حیات قبر لکھیں گے۔

مماتی ٹولہ سُنی مفسرین کی تفسیریں اپنے من پسند مقامات پر مانتے ہیں یعنی جہاں پر یہ لوگوں کو دھوکے میں ڈال سکیں اور اس آیت پر آ کر تمام مفسرین کی تفسیر کا انکار کر دیتے ہیں تو اس کا صاف مطلب ہے کہ یہ لوگ قرآنی عقیدہ نہیں مانتے بلکہ اپنے پیٹ کی بات کو دین کے نام پر عوام میں گمراہی پھیلاتے ہیں۔

**اعتراض 11:** اگر انبیاء کرام علیہم السلام قبروں میں زندہ ہیں تو سانس نہیں گھٹتا کہ باہر نکل آئیں۔

**ج:** ماں کے پیٹ میں بچہ تقریباً 9 مہینے رہتا ہے اور حدیث پاک کے مطابق چوتھے مہینے اس میں روح پڑ جاتی ہے تو زندہ ہو جاتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا **ثُمَّ يُنْفَخُ فِيْهِ الرُّوْحُ** (اللہ تعالیٰ اسکی ماں کے پیٹ میں چوتھے مہینے بچہ کے اندر روح ڈال دیتے ہیں)

(صحیح بخاری، کتاب بداء الخلق، باب ذکر الملائکہ، ج 1، ص: 456، ط: قدیمی کراچی)

تو اب بچہ چوتھے مہینے باہر نکل آئے اس کی سانس نہیں گھٹتی؟ کیونکہ ماں کا پیٹ تو قبر سے بھی زیادہ چھوٹا ہے۔ اب دوڑاؤ عقل ۔۔۔۔ جو جواب تمہارا ہوگا وہی جواب ہمارا ہوگا۔

**اعتراض 12:** بچہ تو اپنا وقت پورا ہونے پر پیٹ سے باہر آئے گا۔

**ج:** اسی طرح نبی کریم ﷺ بھی قیامت میں وقت پورا ہونے پر باہر تشریف لائیں گے۔

**اعتراض 13:** قرآن وحدیث پڑھ کر جواب دو، عقلی جواب مت دو۔

**ج:** تم بھی عقلی سوال نہ کرو۔ اگر سوال عقلی ہوگا تو جواب بھی عقلی ہوگا۔ اگر سوال میں تم

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

آیت پیش کرو گے تو ہم بھی جواب آیت پڑھ کر دیں گے۔

**اعتراض 14:** حدیث پاک میں ہے نبی کریم ﷺ قبر میں نماز پڑھتے ہیں یہ حدیث قرآن کے خلاف ہے کیونکہ قرآن پاک میں موت کے بعد عبادت کا ذکر نہیں ہے۔

**ج:** موت کے بعد عبادت قرآن پاک کے ہرگز خلاف نہیں ہے کیونکہ قرآن پاک میں مماتیوں کے انکار کا جواب اور وفات کے بعد عبادت کا ذکر موجود ہے۔ مثلاً:

**دَعْوٰهُمْ فِيهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ .** (سورۃ یونس ،آیت: 10)

**ترجمہ:** اُس (جنت میں داخلے کے وقت) یوں کہیں گے اے اللہ! تیری ذات ہر عیب سے پاک ہے اور ایک دوسرے کو ملتے وقت جو لفظ وہ بولیں گے وہ سلام ہوگا، اور آخر میں یہ کہیں گے کہ تمام تعریفیں اللہ کی ہیں جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔

**نوٹ:** اس آیت میں بتا دیا گیا ہے کہ وفات کے بعد جنتی ایک دوسرے کو سلام کریں گے اور سلام کرنا نیکی ہے اور دوسری بات اس آیت سے سمجھ میں آتی ہے کہ جنتی لوگ اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کریں گے اور قرآن کریم کی آیات تلاوت کریں گے تو حمد بیان کرنا اور آیت تلاوت کرنا بھی نیکی ہے۔ یہ نیکیاں اور عبادتیں تو موت کے بعد بھی جاری رہیں گی۔

**اعتراض 15:** قرآن میں سے صرف ایک ہی آیت ہے کوئی دوسری دلیل ہے تو پیش کرو۔

**ج:** ایمان والوں کیلئے تو خدائی فرمان کا اشارہ ہی کافی ہوتا ہے جنابِ والا۔

چلو ہم دوسری دلیل میں دو آیات مزید پیش کر دیتے ہیں:

**i) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاءُ**

(سورۃ الزمر ،آیت: 74)

**ترجمہ:** اور وہ (جنتی) کہیں گے کہ ”تمام تر شکر اللہ کا ہے جس نے ہم سے اپنے وعدے کو سچا کر دکھایا اور ہمیں اس سرزمین کا ایسا وارث بنا دیا کہ ہم جنت میں جہاں چاہیں اپنا ٹھکانہ بنا لیں

**ii) وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ o الَّذِىْ**

أَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِن فَضْلِهِ لَا يَمَسُّنَا فِيهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيهَا لُغُوبٌ o

(سورۃ الفاطر،آیت:34,35)

ترجمہ: جنتی کہیں گے تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ہیں جس نے ہم سے ہر غم کو دور کر دیا، بے شک ہمارا پروردگار بہت بخشنے والا بڑا قدر دان ہے۔ جس نے اپنے فضل و کرم سے ہمیں ہمیشہ رہنے والا گھر عطا فرمایا ہے۔ جس میں نہ کوئی تکلیف ہے اور نہ ہی کوئی تھکاوٹ پیش آئے گی۔

اب غور کرو! جنتی جنت میں اللہ کی حمد و ثناء بیان کرر ہے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا شکر یہ ادا کرر ہے ہیں یہ بھی تو موت کے بعد کی عبادات ہیں۔ تو جس طرح یہ ساری عبادتیں جو موت کے بعد ہو رہی ہیں قرآن پاک کے خلاف نہیں ہیں تو اسی طرح جس حدیث مبارک میں آیا ہے کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام قبروں میں نمازیں پڑھتے ہیں، عبادت کرتے ہیں یہ بھی قرآن کے خلاف نہیں ہے۔

**اعتراض:16** قرآن کریم کی آیت وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَأْتِيَكَ الْيَقِيْنُ اس آیت کے تحت مفسرین نے لکھا ہے کہ یَقِیْنُ سے مراد موت ہے۔ تو موت کے بعد عبادت نہ ہوئی اسی لئے ہم موت کے بعد عبادت نہیں مانتے۔

**ج:1)** تم لوگ مفسرین کی لکھی ہوئی اس تفسیر کو مانتے ہو؟ ہم حیران ہیں تمام مفسرین کرامؒ حضور پاک ﷺ کی وفات کے بعد حیات کے قائل ہیں اور قبر مبارک کے قریب سماع کے قائل ہیں آپ ان مفسرین کی لکھی ہوئی تفسیر مانتے ہو اور انکا عقیدہ نہیں مانتے، حیرانگی کا مقام ہے۔

**ج:2)** وفات کے بعد انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں نماز ادا فرماتے ہیں، یہ نمازیں بطور فرض نہیں پڑھتے بلکہ بطور نفل صرف عبادت کی لذت حاصل کرنے کیلئے پڑھی جاتی ہیں اور اسی طرح جنتی مسلمان بھی وہاں پر تلاوت وغیرہ مزہ اور راحت حاصل کرنے کیلئے کریں گے بے شک اللہ والوں کو عبادت کرنے میں سکون ملتا ہے۔ اس لئے یہ عبادت قرآن کریم کے ہرگز خلاف نہیں ہے بلکہ یہ تو قرآن کریم کی آیات کی مزید وضاحت ہے۔

**تنبیہ:** حضور پاک ﷺ قبر میں سکون حاصل کرنے کیلئے نماز پڑھتے ہیں اس کی دلیل حدیث پاک میں موجود ہے:

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم جُعِلَتْ قُرَّۃُ عَیْنِیْ فِیْ الصَّلٰوۃِ.

(مستدرک حاکم ،کتاب النکاح، ج:2، ص450 ،رقم الحدیث:2676 ،قال الحاکمؒ والذہبیؒ صحیح علی شرطھما ، ،ط:دار العلمیہ بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے یعنی نماز ادا کر کے مجھے سکون ملتا ہے۔

اس دل کی خوشی حاصل کرنے کیلئے انبیاء کرام علیہم السلام اپنی قبروں میں نماز ادا فرماتے ہیں۔

**اعتراض:17** وفات کے بعد کی عبادت کو ہماری عقل نہیں مانتی۔

**ج:** اگر مماتی وفات کے بعد عبادت نہیں مانتے تو میں ان سے پوچھتا ہوں پھر تو تم حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت امام الانبیاء علیہم السلام ہونے کے انکاری بن گئے ہو حالانکہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم امام الانبیاء علیہم السلام ہیں ۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انبیاء کرام علیہم السلام کو نماز پڑھائی ہے۔تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز ادا کی اور تمہارے نزدیک تو وفات کے بعد عبادت ہے ہی نہیں۔ پھر تو وہ انبیاء کرام علیہم السلام حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے مقتدی نہ بنے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم انکے امام نہ بنے کیونکہ جس کے پیچھے نماز میں کوئی مقتدی نہ ہوں تو وہ امام، امام نہیں رہتا تو تم مماتی لوگ دراصل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے امام الانبیاء علیہم السلام ہونے کے منکر ہو گئے اور اگر ایسی بات نہیں تو امام الانبیاء علیہم السلام ہونے کا صاف مطلب یہ ہے کہ پچھلے انبیاء کرام علیہم السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقتدی ہیں اگر وہ مقتدی ہیں تو موت کے بعد عبادت ثابت ہوگئی۔

**اعتراض18:** اگر انبیاء کرام علیہم السلام قبروں میں نماز پڑھتے ہیں تو وضو کہاں سے کرتے ہیں؟

**ج:1)** غسل کرنے سے وضو ہو جاتا ہے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دے کر قبر مبارک میں رکھا تھا۔تو وہ وضو آج تک برقرار ہے اور اسی وضو سے آج تک نمازیں پڑھتے ہیں۔تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو ثابت ہو گیا اب وضو کا ٹوٹنا تم دکھادو، کرنا ہم دکھادیں گے۔

**ج:2)** انبیاء کرام علیہم السلام کی قبریں جنت کا باغ ہوتی ہیں۔قرآن کریم میں ہے:

فِیْھَا اَنْھٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَیْرِ اٰسِنٍ (سورۃ محمد، آیت:15)

ترجمہ: جنت میں پانی کی نہریں ہیں اور انکا پانی کبھی خراب ہونے والا بھی نہیں۔

مماتیوں کوتو ایک وضو کی فکر پڑی ہوئی ہے جبکہ وہاں سے تو بار بار بھی وضو ہو سکتا ہے۔

**ج:3** عام طور پر قبر میں مٹی ہوتی ہے اور مٹی کیلئے قرآن پاک میں ہے:

**فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا** (سورة المائده، آیت :6)

**ترجمہ:** جب پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے تیمّم کرلیا کرو۔

لہٰذا اِن قرآنی دلائل سے ثابت ہوا کہ مماتیوں کے وضو والے اعتراض کی کوئی وُقعت نہیں ہے۔

**اعتراض 19:** زندہ آدمی کو نیند بھی تو آتی ہے اور نیند سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

**ج:** حدیث پاک میں ارشاد نبوی ﷺ ہے: **اِنَّ عَيْنَایَ تَنَامَانِ وَلَا يَنَامُ قَلْبِیْ**

(صحیح بخاری ، کتاب التھجد ،باب قیام النبی ﷺ باللیل فی رمضان وغیرہ، ج:1،ص:154،ط:قدیمی کراچی)

**ترجمہ:** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا نیند میں میری آنکھیں سوتی ہیں میرا دل جاگتا ہے۔

اسی لئے نبی پاک ﷺ کے نیند کرنے سے وضو نہیں ٹوٹتا اسی لیے اگر قبر مبارک میں آرام کرنے کے واسطے نیند بھی کریں تو وضو نہیں ٹوٹتا۔ جیسے دنیا میں نیند کرنے سے وضو نہیں ٹوٹتا تھا۔

**اعتراض:20** موت کے بعد عبادت کو ہم نہیں مان سکتے یہ صرف سینہ زوری ہے۔

**ج:** اگر موت کے بعد عبادت نہیں مانتے تو جتنے مماتیوں نے آج تک اپنے بچوں کو حافظ بنایا ہے ان سب کو کہہ دیں کہ قرآن پاک یاد کرنا چھوڑ دیں کیونکہ حدیث پاک میں آتا ہے:

**عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو** رضی اللہ عنہما **عَنِ النَّبِيِّ** ﷺ **قَالَ يُقَالُ يَعْنِیْ لِصَاحِبِ الْقُرْآنِ اِقْرَأْ وَارْتَقِ وَرَتِّلْ كَمَا كُنْتَ تُرَتِّلُ فِی الدُّنْيَا فَاِنَّ مَنْزِلَتَکَ عِنْدَ اٰخِرِ اٰيَةٍ تَقْرَاُبِهَا**

(جامع ترمذی، ابواب فضائل القرآن ،باب نمبر:13،ج:2،ص:119،ط: قدیمی کراچی)

**ترجمہ:** حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور پاک ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ حافظ قرآن کو حکم فرمائیں گے کہ قرآن پڑھتا جا اور جنت کے درجوں پر چڑھتا جا جہاں تیری آخری آیت ہوگی وہی تیرا آخری درجہ ہوگا۔

حافظ قرآن آدمی جو اتنی زیادہ تلاوت کرے گا تو اس کا مطلب ہوا کہ موت کے بعد قرآن کریم

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

پڑھنا ثابت ہے،قرآن پاک پڑھنا عبادت ہے اور مماتی موت کے بعد عبادت کو نہیں مانتے پھر قرآن پاک حفظ کرنے کا کیا فائدہ ہے؟

**اعتراض 21:** یہ حدیث پاک کہ ’’انبیاء کرام علیہم السلام قبروں میں زندہ ہیں‘‘ ہم نہیں مانتے کیونکہ بخاری و مسلم شریف جیسی بڑی کتابوں میں کیوں نہیں ہے؟ یہ اگر ایمان کا معیار ہوتی تو امام بخاریؒ وغیرہ اسے ضرور ذکر کرتے۔

**ج:1)** i) کیا آپ نے صحیح بخاری، ج:1،ص:178 اور صحیح مسلم، ج:2،ص:386 پر موجود حدیث اَنَّہٗ یَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِھِمْ کہ مردہ جوتیوں کی آواز سنتا ہے۔ مان لی......؟

ii) کیا آپ نے صحیح مسلم:ج،2،ص:268 پر موجود حدیث **وَھُوَ قَائِمٌ یُّصَلِّیْ فِیْ قَبْرِہٖ.** کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قبر میں نماز پڑھتے ہیں۔ مان لی......؟

iii) کیا آپ نے صحیح بخاری، ج:2،ص:566 اور صحیح مسلم، ج:2،ص:387 پر موجود حدیث **مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا اَقُوْلُ مِنْھُمْ** کہ تم لوگ مردوں سے زیادہ نہیں سنتے مان لی ہے......؟

iv) کیا آپ نے صحیح بخاری، کتاب المناقب، ج:1،ص:517 میں موجود حدیث: **وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَا یُذِیْقُکَ اللّٰہُ الْمَوْتَتَیْنِ اَبَداً.** جسکا مطلب محدثین کرامؒ نے یہ لکھا ہے کہ آپ ﷺ قبر مبارک میں ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ مان لی ہے......؟

v) کیا آپ نے ابوداؤد، ج:1،ص:279 پر موجود حدیث **مَامِنْ اَحَدٍ یُسَلِّمُ عَلَیَّ الخ** کہ میں محمد ﷺ (قبر میں) سلام سن کر جواب دوں گا۔ مان لی ہے......؟

vi) کیا آپ نے ابن ماجہ،ص:119 کی عمدہ حدیث **اِنَّ اللّٰہَ حَرَّمَ عَلَی الْاَرْضِ اَنْ تَاْکُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِیَاءِ فَنَبِیُّ اللّٰہِ حَیٌّ یُّرْزَقُ** کہ وفات کے بعد انبیاء کرام علیہم السلام کے جسم مبارک محفوظ ہیں اور اللہ کے نبی ﷺ رزق حاصل کرتے ہیں۔ مان لی ہے......؟

vii) کیا آپ نے سنن النسائی، ج:1،ص:189 **یُبَلِّغُوْنِیْ مِنْ اُمَّتِی السَّلَامَ.** کہ فرشتے نبی کریم ﷺ پر درود پہنچاتے ہیں۔ مان لی........؟

viii) کیا آپ نے جامع ترمذی، ابواب الزھد باب نمبر:26، ج:2،ص:73 میں موجود

حدیث اِنَّمَا الْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِّنَ الرِّیَاضِ الْجَنَّةِ کہ مومن کی قبر جنت کا باغ ہے۔ مان لی ہے؟ اگر مان لی ہے تو جنت میں زندہ ہوتے ہیں مردہ نہیں پھر تو آپ پھنس جائیں گے اور آپ کا عقیدہ ہوا میں اُڑ جائے گا۔

**ج:2)** یہ بے وقوفانہ سوال ہے حدیث صحیح ہونی چاہیے جس کتاب میں بھی ہو اس کیلئے کسی خاص کتاب کی شرط لگانا غلط ہے۔ اگر آپ کا یہ دعویٰ مان لیا جائے تو پہلا کلمہ طیبہ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه تو بخاری و مسلم تو درکنار پوری صحاح ستہ کی احادیث میں نہیں بلکہ ایک اور حدیث کی کتاب مستدرک حاکم میں موجود ہے۔ پھر اسے کیوں مانتے ہو؟

**ج:3)** محدثین کرامؒ کا نام لیتے وقت مماتیوں کو خیال کرنا چاہیے کیونکہ یہ سب عقیدہ حیات النبی ﷺ کے قائل ہیں۔ اور آپ ﷺ کی قبر کے نزدیک سلام سننے کا بھی عقیدہ رکھتے ہیں اور یہ بات مماتی مولوی محمد حسین نیلوی نے خود لکھی ہے کہ شافعی، مالکی، حنبلی سب کے سب عقیدہ حیات النبی ﷺ اور سماع موتی کے قائل ہیں۔

(ندائے حق، باب: فیض القدیر الحی فی رد خبر من صلی علی، عنوان: ایک اہم سوال کا جواب، ج:2، ص:85,84، ط: اشاعت اکیڈمی پشاور)

**عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ** ﷺ **مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عِنْدَ قَبْرِیْ سَمِعْتُهٗ وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ بَعِیْدٍ اُعْلِمْتُهٗ.**

( جلاء الافهام فی فضل الصلاة والسلام علی محمد خیر الانام، ص:92، ط: دار ابن جوزی الدمام)

**ترجمہ:** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو میری قبر کے پاس درود پڑھے گا اُس کو میں خود سنوں گا اور جو مجھ پر دور سے درود پڑھے گا تو وہ مجھے بتلایا جائے گا۔

وہ محدثین کرامؒ جنہوں نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح بتلایا اور اپنی کتب میں اسکی سند کو صحیح لکھا:

1) امام ابوبکر البیہقیؒ (جزء حیات الانبیاء، ص:6)
2) حافظ ابن حجر عسقلانیؒ (فتح الباری، ج:6، ص:356)
3) علامہ شمس الدین السخاویؒ (القول البدیع، ص:116)
4) حضرت ملا علی قاریؒ (مرقاۃ، ج:2، ص:10)
5) امام ابوالحسن علی بن محمد الکنانیؒ (تنزیہ الشریعۃ، ص:335)
6) علامہ شبیر احمد عثمانیؒ (فتح الملہم، ج:1، ص:330)
7) مولانا اشرف علی تھانویؒ (نشر الطیب، ص:268)
8) مولانا ادریس کاندھلویؒ (سیرت المصطفیٰ، ج:3، ص:174)

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

9) مفتی محمد شفیع عثمانیؒ (جواہر الفقہ، ج:1،ص:517،ط:جدید) 10) شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ (فضائل درود، ص:19)

**اعتراض 22:** یہ حدیث کہ حضور ﷺ کی قبر مبارک پر درود شریف پڑھو تو حضور پاک ﷺ خود سنتے ہیں یہ غلط ہے۔ اور غلط ہونے کی وجہ یہ ہے اس حدیث کی سند میں ایک راوی ہے جس کا نام محمد بن مروان سُدّی صغیر ہے اور یہ ایک جھوٹا آدمی اور بعض کے نزدیک شیعہ تھا اس لیے اس کی حدیث نہیں مانی جاتی۔

**ج:** ہمارے نزدیک بھی سُدِّی صغیر والی سند ٹھیک نہیں ہے بلکہ ہم بھی آپ کی طرح سُدِّی صغیر کو جھوٹا مانتے ہیں لیکن یہ حدیث صرف سُدِّی صغیر نہیں بتاتا بلکہ اہل السنّت کے امام حضرت ابو شیخؒ سے بھی روایت موجود ہے۔ جن کا مکمل نام حافظ اصبہان و مسند زمان ابو محمد عبد اللہ بن جعفر بن حیان الانصاریؒ ہے۔ انکی وفات آج سے تقریباً 1 ہزار سال پہلے 396ھ میں ہوئی۔ علماء دیو بند حضرت امام ابو شیخؒ والی سند مانتے ہیں۔ ہمیں سُدِّی صغیر کی سند سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ (تذکرۃ الحفاظ، ج:3، ص:105، ط:دار العلمیہ بیروت، از:علامہ شمس الدین ذہبیؒ)

**اعتراض 23:** حضرت امام ابن تیمیہؒ، علامہ ابن عبد الہادیؒ، علامہ عقیلیؒ، علامہ ابن کثیرؒ، مولانا حسین علی الوانیؒ اور علامہ طاہر پٹنیؒ اور دوسرے علماء اس حدیث کو جھوٹا کہتے ہیں۔

**ج:** یہ سب علماء سُدِّی صغیر والی سند کو غلط کہتے ہیں نہ کہ امام ابو شیخؒ والی کو۔ حالانکہ یہ سارے علماء عقیدہ حیات النبی ﷺ کے قائل ہیں۔

**نوٹ:** عقیدہ حیات النبی ﷺ پر حدیث پاک سے تیسری دلیل کے عنوان سے صفحہ نمبر 30 پر آپ پڑھ آئے ہیں کہ بہت سے محدثین نے اس کے بارے میں فرمایا ہے کہ یہ حدیث بغیر کسی شک وشبہ کے صحیح ہے۔

**اعتراض 24:** اللہ تعالیٰ چاہے تو حضور پاک ﷺ قبر میں سنتے ہیں، ورنہ نہیں۔

**ج:1)** ''اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو'' یہ الفاظ عقیدہ ظاہر کرنے کیلئے نہیں بلکہ اپنا ارادہ ظاہر کرنے کیلئے بولے جاتے ہیں عقیدہ بتاتے وقت صرف عقیدہ بتایا جاتا۔

**ج:2)** یہ مماتیوں کا ایک فریب اور دھوکہ ہے وہ اللہ تعالیٰ کی چاہت کا سہارا لے کر حضور

پاک ﷺ کی حیات اور قبر کے قریب سلام کے سننے کا انکار کر رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ چاہے تو سنتے ہیں یہ دراصل عقیدہ چھپانے والی بات ہے۔

جس طرح کوئی کہہ دے کہ اللہ تعالیٰ چاہے تو حضور پاک ﷺ آخری نبی ہیں وہ یقیناً قادیانی ہوگا یا یوں کہے کہ اللہ چاہے تو حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفۂ اول ہیں، وہ یقیناً رافضی ہوگا۔ بالکل اسی طرح مماتی بھی اللہ تعالیٰ کی چاہت والی بات کر کے اپنا عقیدہ گول کر جاتے ہیں۔

**اعتراض 25:** ایک حدیث میں جو آتا ہے کہ دور والا درود پاک آپ ﷺ کی خدمت میں فرشتے لے جاتے ہیں۔تو کتنی مدت میں حضور ﷺ تک پہنچا دیتے ہیں؟

**ج:** کندھوں پر جو فرشتے بیٹھے ہیں ہماری باتوں کو لکھ رہے ہیں یہ کتنی مدت میں ہماری باتوں کو آسمان پر پہنچا دیتے ہیں؟ جو جواب آپ کا وہی ہمارا۔

**اعتراض 26:** شیخ الحدیث مولانا سرفراز خان صفدرؒ نے اپنی کتاب احسن الکلام میں لکھا ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام کی روحیں آسمان پر ہیں۔

**ج:1)** جی ہاں! وفات کے بعد انبیاء کرام علیہم السلام کی روحوں کا مقام آسمان پر اعلیٰ علیین بلکہ اس سے بھی بلند رفیق الاعلیٰ ہے، بے شک انہیں روحوں کا اپنے جسموں سے تعلق ہے جس کی وجہ سے قبور مبارکہ میں زندگی حاصل ہے۔

**ج:2)** کیا شیخ الحدیث مولانا سرفراز خان صفدرؒ کی یہ ایک چھوٹی سی عبارت ہے یا انکی اور بھی اس مسئلہ پر کتابیں موجود ہیں؟ یقیناً موجود ہیں تو ان کتابوں میں شیخ الحدیث مولانا سرفراز خان صفدرؒ جو عقیدہ لکھا ہے اس کو دیکھ لیا جائے۔مثلاً:

1) تسکین الصدور فی تحقیق احوال الموتیٰ فی البرزخ و القبور
2) سماع الموتیٰ الملقب باثبات السماع و الشعور لجملة اهل القبور
3) الشهاب المبین علی من انکر الحق الثابت بالادلة و البراهین
4) المسلك المنصور فی رد الکتاب المسطور

جیسی کتابوں میں تو شیخ الحدیث مولانا سرفراز خان صفدرؒ نے عقیدہ حیات الانبیاء علیہم السلام کو قرآن

وحدیث کے دلائل، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فتاویٰ، علماء احناف، علماء دیوبند سمیت پوری امت مسلمہ کے جید علماء کرام کے کتب سے دلائل لکھے ہیں۔ یہ حوالہ جات نظر کیوں نہیں آتے ؟

## شیخ الحدیث مولانا سرفراز خان صفدرؒ کا تاریخی چیلنج

امام اہل السنّت والجماعت حضرت شیخ الحدیث مولانا سرفراز خان صفدرؒ علمائے دیوبند کی اجماعی دستاویز تسکین الصدور میں لکھتے ہیں، بلا خوفِ تردید یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ تقریباً 1374ھ تک اہل السنّت والجماعت کا کوئی فرد کسی بھی فقہی مسلک سے وابستہ دنیا کے کسی خطہ میں اس کا قائل نہیں رہا کہ آنحضرت ﷺ (اوراس طرح دیگر حضراتِ انبیاء علیہم السلام) کی روح مبارکہ کا جسم اطہر سے قبر شریف میں کوئی تعلق اور اتصال نہیں اور آپ ﷺ عند القبر صلوٰۃ وسلام کا سماع نہیں فرماتے۔ کسی اسلامی کتاب میں عام اس سے کہ وہ کتاب تفسیر وحدیث کی ہو یا شرح حدیث اور فقہ کی علم الکلام کی ہو یا علم تصوّف وسلوک کی سیرت کی ہو یا تاریخ کی کہیں صراحت کے ساتھ اس کا ذکر نہیں کہ آپ ﷺ کی روح مبارک کا جسم اطہر سے کوئی تعلق اور اتصال نہیں اور یہ کہ آپ ﷺ عند القبر صلوٰۃ وسلام کا سماع نہیں فرماتے۔

(تسکین الصدور، ص:290،مکتبہ صفدریہ گوجرانوالہ)

حقیقت یہ ہے کہ مماتی ٹولہ عقیدہ حیات النبی ﷺ کی مخالفت اور علماء دیوبند کی توہین میں اتنے عقل ونظر سے فارغ ہوچکے ہیں کہ سورج کے سامنے دوپہر کی دھوپ میں کھڑے ہوکر لوگوں سے پوچھتے ہیں کہ سورج کب نکلے گا؟ اللہ تعالیٰ ان سے محفوظ رکھے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ مَامِنْ اَحَدٍیُّسَلِّمُ عَلَیَّ اِلَّارَدَّاللّٰهُ عَلَیَّ رُوْحِیْ حَتّٰی اَرُدَّعَلَیْهِ السَّلَامَ

(سنن ابی داؤد، کتاب المناسک ،باب زیارت القبور، ج: 1،ص: 279،ط:ایچ ایم سعید کراچی)

**ترجمہ:** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جیسے ہی کوئی شخص مجھے سلام کرے گا تو اللہ تعالیٰ میری توجہ لوٹا دیں گے اور میں اس کے سلام کا جواب دوں گا۔

وہ محدثین کرامؒ جنہوں نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح بتلایا اور اپنی کتب میں اسکی سند کو صحیح لکھا:

1) حافظ ابن حجر عسقلانیؒ (فتح الباری، پ:3،ص:279) 2) علامہ زرقانیؒ (زرقانی شرح المواہب، ج:8،ص:308)
3) امام نوویؒ (کتاب الاذکار،ص:106) 4) حافظ ابن کثیرؒ (تفسیر ابن کثیر، ج:3،ص:514)
5) علامہ محمد الخانجی البوسنویؒ (حاشیہ حیات الانبیاء للبیہقی ،ص:6) 6) علامہ عزیزیؒ (السراج المنیر ، ج:3،ص:279)
7) امام ابن تیمیہؒ (فتاویٰ ابن تیمیہ، ج:4،ص:361) 8) علامہ سمہودیؒ (وفاء الوفا، ج:2،ص:403)
9) علامہ انور شاہ کشمیریؒ (عقیدۃ الاسلام،ص:52) 10) علامہ شبیر احمد عثمانیؒ (فتح الملہم ، ج:1،ص:330)

**اعتراض:27** حضور پاک ﷺ فرماتے ہیں کہ ’’جب کوئی سلام کرے تو اس وقت میری روح لوٹا دی جائے گی تا کہ میں سلام کا جواب دوں‘‘ تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ روح ہر سلام کے وقت حضور ﷺ میں داخل ہوتی ہے اور پھر حضور پاک ﷺ کے جسم سے نکل جاتی ہے۔

**ج:** اس حدیث کو سمجھنے کیلئے امام العصر حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ یوں فرماتے ہیں:

**لَیْسَ مَعْنَاهُ اَنَّهُ یَرُدُّ رُوْحَهُ اَیْ یَحْیٰی فِیْ قَبْرِهٖ بَلْ تَوَجَّهَ مِنْ ذَالِکَ الْجَانِبِ اِلٰی هٰذَا الْجَانِبِ فَهُوَ ﷺ حَیٌّ فِیْ کِلْتَا الْحَالَتَیْنِ لِمَعْنٰی اَنَّهُ لَمْ یَطْرَأْ عَلَیْهِ التَّعَطُّلُ قَطُّ** . (فیض الباری شرح صحیح البخاری، ج:2،ص:65،کتاب الصلوٰۃ، باب الصوت فی المساجد،ط:مکتبہ اشرفیہ کانسی روڈ ،کوئیٹہ)

**ترجمہ:** اس کا مطلب یہ ہے کہ سلام کے وقت حضور پاک ﷺ کی توجہ لوٹا دی جاتی ہے۔ روح لوٹانے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ نعوذ باللہ حضور پاک ﷺ کے جسم میں روح داخل ہوتی ہے اور پھر نکل جاتی ہے۔ حضور پاک ﷺ قبر مبارک میں اللہ کی رحمت میں مشغول ہوتے ہیں تو جیسے ہی کوئی امتی قبر پر سلام عرض کرتا ہے تو آپ ﷺ کی توجہ اس امتی کے سلام کی طرف لوٹا دی جاتی ہے تو پھر حضور پاک ﷺ اس کے سلام کا جواب دیتے ہیں۔ سلام کرنے کے دوران حضور پاک ﷺ کی زندگی میں کوئی فرق نہیں آتا، کوئی امتی حضور پاک ﷺ کو سلام کرے یا نہ کرے، حضور پاک ﷺ دونوں حالتوں میں قبر مبارک کے اندر زندہ ہیں۔

**اعتراض:28** بہت سے آدمی حضور پاک ﷺ کو سلام کرتے ہیں تو کیا رسول اللہ ﷺ ایک ایک شخص کو **وَعَلَیْکُمُ السَّلَام ،وَعَلَیْکُمُ السَّلَام** یوں جواب دیتے ہونگے؟ اگر ایسا ہے پھر تو حضور پاک ﷺ کو بہت تکلیف ہوتی ہوگی کہ لاکھوں آدمی روز سلام پڑھتے ہیں۔

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

ج: اس کا مطلب یہ نہیں کہ حضور پاک ﷺ ایک ایک مسلمان کو الگ الگ جواب دیتے ہیں۔ حضور پاک ﷺ ایک بار ہی جواب دیتے ہیں وہ سب کو کافی ہو جاتا ہے۔ اسکی مثال یوں ہے کہ جیسے کوئی استاد کلاس میں داخل ہو اور تمام شاگرد اپنے استاد محترم کو سلام کریں اَلسَّلامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ تو استاد سب کو وَعَلَیْکُمُ السَّلام ، وَعَلَیْکُمُ السَّلام نہیں کہتا بلکہ ایک بار جواب دیتا ہے وَعَلَیْکُمُ السَّلام تو پوری کلاس میں سب شاگردوں کے سلام کا جواب ہو جاتا ہے اسی طرح حضور پاک ﷺ ایک ہی مرتبہ سلام کا جواب دیتے ہیں اور سب سلاموں کا جواب ہو جاتا ہے۔

## حضور پاک ﷺ کے شہادت پانے کے دلائل

حضور پاک ﷺ نے وفات سے چند لمحات پہلے فرمایا:

1) وَقَالَتْ عَائِشَۃُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنھَا کَانَ النَّبِیُّ ﷺ یَقُوْلُ فِیْ مَرَضِہِ الَّذِیْ مَاتَ فِیْہِ یَاعَائِشَۃُ مَاأَزَالُ اَجِدُاَلَمَ الطَّعَامِ الَّذِیْ اَکَلْتُ بِخَیْبَرَ فَھٰذَااَوَانٌ وَجَدْتُ انْقِطَاعَ اَبْھَرِیْ مِنْ ذٰلِکَ السَّمِّ.

(صحیح بخاری کتاب المغازی، باب مرض النبی ﷺ ج:2،ص:637،ط: قدیمی کراچی)

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایام مرض الوفات میں فرمایا کہ جو زہریلا کھانا میں نے خیبر میں کھایا تھا اب میں اُس کھانے کی تکلیف محسوس کر رہا ہوں پس یہ وقت میری کمر کی رگ کٹنے کا ہے۔

لہٰذا آپ ﷺ کی وفات کا سبب یہی زہر ہے اس لیے آپ ﷺ شہید بھی ہوئے۔

2) عَنْ عَبْدِاللّٰہ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہ قَالَ لَاَنْ اَحْلِفَ تِسْعًااَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قُتِلَ قَتْلاً اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَحْلِفَ وَاحِدَۃً اَنَّہٗ لَمْ یُقْتَلْ وَذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ اتَّخَذَہٗ نَبِیًّا وَّاتَّخَذَہٗ شَہِیْدًا.

(مستدرک ، کتاب المغازی ، ج:3، ص:61,60، رقم الحدیث 4394/98، اقربہ الذہبیؒ، ط: دار العلمیہ بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نو دفعہ قسم اٹھاؤں کہ رسول اللہ ﷺ شہید ہوئے مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ میں ایک دفعہ یہ قسم اُٹھاؤں (اور بات پکی کردوں) کہ رسول اللہ ﷺ (کسی کافر کے ہاتھوں تلوار کے ساتھ) قتل نہیں کیے گئے اور یہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور پاک ﷺ کو نبی بھی بنایا اور شہید بھی بنایا ہے۔

**اعتراض: 29** یہ اصول ہے کہ جو میدان جنگ کے اندر قتل کیا جائے وہ شہید ہے اور دیوبندی حضور پاک ﷺ کو شہید بھی کہتے ہیں حالانکہ حضور پاک ﷺ میدان جنگ میں قتل نہیں کیے گئے

**ج:1)** حضور پاک ﷺ کو بے شک میدان جنگ میں قتل نہیں کیا گیا لیکن حضور پاک ﷺ شہید ضرور ہیں علماء دیوبند کے پاس اس کے بہت سی احادیث کے دلائل موجود ہیں، مثلاً:

i) عظیم صحابی رسول حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضور پاک ﷺ کو شہید قرار دیا:

**عَنْ عَبْدِاللّٰہِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **قَالَ لَاَنْ اَحْلِفَ تِسْعًااَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ** ﷺ **قُتِلَ قَتْلاً اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَحْلِفَ وَاحِدَۃً اَنَّہٗ لَمْ یُقْتَلْ وَذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ اتَّخَذَہٗ نَبِیًّا وَّاتَّخَذَہٗ شَھِیْدًا.** (مستدرک حاکم، کتاب المغازی و السرایا،، ج:3، ص61,60، رقم الحدیث: 4394/98، قال الحاکمؒ والذہبیؒ صحیح علی شرطھما، ،ط: دار العلمیہ بیروت لبنان)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نو دفعہ قسم اٹھاؤں کہ رسول اللہ ﷺ شہید ہوئے مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ میں ایک دفعہ یہ قسم اُٹھاؤں (اور بات پکی کردوں) کہ آپ ﷺ (کسی کافر کے ہاتھوں تلوار کے ساتھ) قتل نہیں کیے گئے اور یہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو نبی بھی بنایا اور شہید بھی بنایا ہے۔

ii) حضور پاک ﷺ نے شہداء کی بہت سی قسمیں بیان فرمائی ہیں:

**عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ** ﷺ **اَلشُّھَدَاءُ خَمْسَۃٌ اَلْمَطْعُوْنُ وَالْمَبْطُوْنُ وَالْغَرِقُ وَصَاحِبُ الْھَدَمِ وَالشَّھِیْدُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ.**

(صحیح مسلم، کتاب الامارۃ، باب الشھداء ،ج:2،ص:142،ط:قدیمی کتب خانہ کراچی)

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے شہداء کرام کی 5 قسمیں بیان فرمائی ہیں:

1) طاعون کی بیماری میں فوت ہونے والا 2) پیٹ کی بیماری میں فوت ہونے والا

3) پانی میں ڈوب کر فوت ہونے والا 4) دیوار کے نیچے آ کر فوت ہونے والا

5) میدان جنگ میں قتل ہونے والا یہ سب لوگ شہداء میں شامل ہیں۔

iii) عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللہُ عَنہ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَاتَعُدُّوْنَ الشَّهِيْدَ فِيْكُمْ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ قُتِلَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ قَالَ اِنَّ شُهَدَاءَ اُمَّتِیْ اِذًا لَقَلِيْلٌ قَالُوْا فَمَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَنْ قُتِلَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ وَمَنْ مَّاتَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ وَمَنْ مَّاتَ فِی الطَّاعُوْنِ فَهُوَ شَهِيْدٌ وَمَنْ مَّاتَ فِی الْبَطَنِ فَهُوَ شَهِيْدٌ . (صحيح مسلم، كتاب الامارة، باب الشهداء ، ج:2،ص:143-142،ط:قديمی كتب خانه كراچی)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ہم سے پوچھا کہ تم لوگ شہید کسے سمجھتے ہو؟ ہم نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ جو میدان جنگ میں قتل ہو وہ شہید ہے تو حضور پاک ﷺ نے فرمایا کہ پھر تو میری امت کے شہداء بہت کم ہونگے۔ ہم نے عرض کیا پھر اور کون کون سے شہید ہیں تو حضور ﷺ نے فرمایا:

1) میدان جنگ میں قتل ہونے والا 2) میدان جنگ میں فوت ہونے والا

3) طاعون کی بیماری میں فوت ہونے والا 4) پیٹ کی بیماری میں فوت ہونے والا

تشریح: حضرت امام نووی ؒ فرماتے ہیں محدثین کرام ؒ نے حضور پاک ﷺ کی اس حدیث مبارک کا مطلب یہ فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو انکی موت والی سختی کی وجہ سے شہداء میں شامل فرما دیا ہے بے شک یہ لوگ میدان جنگ میں قتل نہیں ہوئے پھر بھی شہید ہیں اور آخرت میں ان کو شہداء کرام کی صف میں کھڑا کیا جائے گا لیکن ان کو دنیا کے اندر غسل بھی دیں گے اور کفن بھی دیں گے اسی لئے ان کو شہید اُخروی کہا جاتا ہے۔ (ورنہ میدان جنگ والے شہید کو غسل و کفن نہیں دیا جاتا)

(شرح النَّوَاوِی لصحيح مسلم، كتاب الامارة، باب الشهداء ، ج:2، ص:143-142،ط:قديمی كتب خانه كراچی)

فقہ کی کتابوں میں میدان جنگ کے اندر قتل ہونے والے کو جو شہید لکھا گیا ہے اس سے مراد وہ شہید ہے جس آدمی کو اعزازی طور پر کفن اور غسل نہیں دیا جاتا بلکہ اسی خون آلودہ کپڑوں میں ہی دفن کیا جاتا ہے۔ حضور پاک ﷺ کو جو شہید کہا گیا ہے اس سے مراد اُخروی شہید ہے کہ آخرت کے لحاظ سے درجۂ شہادت پانے والے ہیں اور آپ ﷺ کو کافروں نے زہر دیا تھا جس کے 4 سال بعد حضور پاک ﷺ وفات پا گئے اور اسی زہر نے حضور پاک ﷺ کے پیٹ مبارک میں اثر کیا جس کی وجہ سے حضور پاک ﷺ کی وفات ہوئی میدان جنگ میں قتل نہیں ہوئے تبھی تو حضور پاک ﷺ کو وفات کے بعد غسل اور کفن دیا گیا اس سب کے باوجود حضور پاک ﷺ شہداء میں شامل ہیں۔

**ج:2)** حضور پاک ﷺ کو زہر نہ بھی دی جاتی پھر بھی حضور پاک ﷺ شہید شمار ہوتے۔

i) **عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **عَنِ النَّبِیِّ** ﷺ **قَالَ لَوَدِدْتُ اَنِّیْ اُقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ثُمَّ اُحْیٰ ثُمَّ اُقْتَلُ ثُمَّ اُحْیٰ ثُمَّ اُقْتَلُ.** (صحیح البخاری، کتاب الایمان، باب الجہاد من الایمان، ج:1، ص:10، ط: قدیمی کراچی)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ یوں دعا مانگا کرتے تھے کہ اے اللہ میں چاہتا ہوں کہ میں شہید کیا جاؤں اور مجھے پھر دنیا میں بھیج اور پھر شہادت کی موت عطا کر مجھے پھر دنیا میں بھیج اور پھر شہادت کی موت عطا کر۔

ii) **عَنْ اَنَسٍ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ** ﷺ **مَنْ طَلَبَ الشَّهَادَةَ صَادِقًا اُعْطِيَهَا وَلَمْ تُصِبْهُ.** (صحیح مسلم، کتاب الامارۃ، باب استحباب طلب الشہادۃ فی سبیل اللہ، ج:2، ص:141، ط: قدیمی کراچی)

**ترجمہ:** حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا جو آدمی اخلاص نیت کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے شہادت کی دعا مانگے اگر وہ قتل نہ بھی ہو پھر بھی شہید شمار ہوگا۔

iii) **عَنْ سَهْلِ ابْنِ حُنَيْفٍ** رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ **اَنَّ النَّبِیَّ** ﷺ **قَالَ مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَاِنْ مَّاتَ عَلٰی فِرَاشِهٖ.**

(صحیح مسلم، کتاب الامارۃ، باب استحباب طلب الشہادۃ فی سبیل اللہ، ج:2، ص:141، ط: قدیمی کراچی)

**ترجمہ:** حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا جو آدمی اخلاص

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

نیت کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے شہادت کی دعا مانگے اللہ تعالیٰ اسے شہادت کا رتبہ عطا فرمائیں گے اگر چہ بستر پر بھی فوت ہو جائے۔

بے شک حضور پاک ﷺ نے بھی یقیناً دل سے شہادت کی دعا مانگی تھی تو اللہ تعالیٰ نے حضور پاک ﷺ کو شہداء میں شامل فرما دیا ہے۔

**اعتراض:30** حدیث ہے: لَوْ کَانَ مُوْسٰی حَیًّا مَا وَسِعَهُ اِلَّا اتِّبَاعِیْ (اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو میری اتباع کرتے) اس سے پتہ چلتا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام زندہ نہیں ہیں۔

**ج:1)** یہ روایت ضعیف ہے اور اس روایت کی سند میں رافضی، شیعہ، کذاب اور حدیث پاک کے معاملے میں حضور پاک ﷺ پر جھوٹ بولنے والے راوی موجود ہیں جو کہ اس روایت کو بیان کرنے والے ہیں۔ مثلاً: اس روایت کی سند میں ایک راوی **جابر بن یزید جُعفی** ہے۔ محدثین کرامؒ نے اسے رافضی قرار دیا ہے۔

i) تہذیب الکمال میں ہے حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ کے حافظ الحدیث شاگرد، حضرت امام یحییٰ بن معینؒ فرماتے ہیں کہ یہ ایک جھوٹا شخص تھا۔

ii) امام بخاری کے استاد حضرت امام حمیدیؒ فرماتے ہیں کہ جابر جعفی کا عقیدہ شیعوں والا تھا۔ اس کے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ آسمان کے بادلوں میں چھپے ہوئے ہیں، قیامت سے پہلے دنیا میں واپس آئیں گے۔

iii) حضرت امام مسلمؒ نے جابر جعفی کے بارے میں لکھا ہے کہ یہ اپنی طرف سے جھوٹی حدیثیں لوگوں کو سناتا تھا۔ (مقدمہ صحیح مسلم، ص:15، ط:قدیمی کراچی، از: حضرت امام نوویؒ)

دوسرا راوی مجالد بن سعید ہے یہ بھی ضعیف راوی ہے، اسکو بھی محدثین کرامؒ نے نا قابل اعتبار قرار دیا ہے۔

i) تہذیب الکمال میں ہے حضرت امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ یہ نا قابل اعتبار شخص تھا۔

ii) حضرت امام نسائیؒ فرماتے ہیں کہ اس راوی کی محدثین کرامؒ کے ہاں کوئی اہمیت نہیں ہے۔

**ج:2)** یہ روایت مشکوٰۃ المصابیح میں موجود ہے۔

(مشکوٰۃ المصابیح، کتاب الایمان ، باب: الاعتصام بالکتاب والسنہ، ج:1، ص:30، ط: المیزان لاہور)

اگر یہ روایت صحیح بھی ثابت ہو جائے تب بھی عقیدہ حیات الانبیاء علیہم السلام کے خلاف دلیل نہیں بن سکتی کیونکہ اس کا مطلب اس روایت کے الفاظ میں موجود ہے **مَا وَسِعَهُ اِلَّا اتِّبَاعِی** کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام حضور پاک ﷺ کی اتباع کرتے۔

کسی کی اتباع کرنا اسکی بات کو تسلیم کرنا اور اس پر عمل کرنا یہ دنیا میں موجود رہ کر ہو سکتا ہے، نہ کہ قبر میں جا کر۔۔۔۔۔۔خوب سمجھ لو۔

**روایت کا صحیح مطلب:** حضور پاک ﷺ فرمانا چاہ رہے ہیں کہ اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام اس دنیا میں زمین کے اوپر زندہ موجود ہوتے اور مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھے اپنی نبوت کے اعلان کرنے کا حکم ہوتا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی دعوت چھوڑ کر میرے تابع داروں میں شامل ہو جانا یہ حضور پاک ﷺ کی شان بیان ہو رہی ہے، عقیدہ حیات الانبیاء علیہم السلام کا انکار بیان نہیں ہو رہا جیسا کہ مماتی بے چارے سمجھ بیٹھے ہیں۔ اس روایت سے یہ مطلب ہرگز نہیں نکلتا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قبر میں مردہ ہیں۔ نعوذ باللہ بلکہ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وفات سے پہلے دنیا کی زندگی ہی میں اتباع کرنے کی بات بتلائی جا رہی ہے۔

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

# مختلف اعتراضات

**اعتراض:1** اشاعت التوحید (فرقہ مماتیت) میں آنے کے بعد کوئی آدمی کبھی واپس نہیں جاتا کیونکہ اشاعت التوحید میں قرآنی مسائل بتائے جاتے ہیں۔

**ج:** یہ جھوٹا دعویٰ ہے، حضرت مولانا غلام اللہ خانؒ جو اشاعت التوحید کے مرکزی جنرل سکرٹری تھے اور مولانا قاضی نور محمدؒ جو کہ اشاعت التوحید کے مرکزی صدر تھے۔ جب ان کو دار العلوم دیوبند کے مہتمم مولانا قاری محمد طیبؒ نے مسئلہ سمجھایا اور مماتیوں کی غلطی کو واضح فرمایا اور ان 2 حضرات کے سامنے کھل کر سامنے آ گیا کہ ہم غلط ہیں تو انہوں نے قاری محمد طیب قاسمیؒ کے سامنے رُجوع، توبہ کا اعلان کیا جسکا واقعہ کچھ یوں ہے:

1957ء میں جب مماتی فرقہ وجود میں آیا، ابھی 5 سال ہی گزرے تھے کہ مماتیوں نے امت مسلمہ کے اتفاقی مسائل میں اختلاف پیدا کر کے عوام میں اس قدر اُچھال دیا کہ تقریباً پورے وطن عزیز ملک پاکستان کی زمین اس معاملہ میں گرم ہو گئی، گویا ہر چوک اور چوراہے پر جا کر مماتیوں نے عقیدہ حیات النبی ﷺ کا انکار عوام میں پھیلانے کی کوششیں شروع کر دیں، اس دوران اکابرین علماء دیوبند کی طرف سے انہیں بار بار سمجھانے کی کوشش کی گئی کیونکہ علماء دیوبند کبھی نہیں چاہتے کہ فرقہ واریت عام ہو جائے مگر مماتی اپنی ضد پر اڑے رہے۔ آخر کار اس

وقت دارالعلوم دیوبند کی سب سے بڑی شخصیت حجۃ الاسلام والمسلمین امام محمد قاسم نانوتویؒ کے علمی وارث اور انکے پوتے حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمیؒ مہتمم دارالعلوم دیوبند کو اس معاملے میں آنے کی دعوت دی گئی۔ حضرت قاری صاحبؒ ایک ماہ کے دورے پر پاکستان تشریف لائے، فریقین کے مؤقف کو تفصیل اور تسلی سے سنا۔ علماء دیوبند اور مماتیوں کے علماء کے پاس الگ الگ تشریف لے گئے آخر کار فریقین کے اتفاق سے عقیدہ حیات النبی ﷺ پر ایک تحریر مرتب کی گئی۔ وہ تحریر یہ تھی:

وفات کے بعد نبی کریم ﷺ کے جسد اطہر کو برزخ (قبر اطہر) میں بتعلقِ روح حیات حاصل ہے اور اسی حیات کی وجہ سے روضۂ اقدس پر حاضر ہونے والے کا صلاۃ وسلام سنتے ہیں۔

(ماہنامہ رسالہ تعلیم القرآن، ج:5 شمارہ:8، اگست 1962، ص:25,24، ط: دارالعلوم تعلیم القرآن راجہ بازار راولپنڈی، قیمت فی شمارہ:8 آنے)

اس تحریر پر علماء دیوبند میں سے حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ اور حضرت مولانا علی جالندھریؒ نے اور مماتیوں میں سے انکی جماعت اشاعت التوحید کے صدر شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خانؒ اور جماعت کے جنرل سیکرٹری مولانا قاضی نور محمد صاحبؒ نے دستخط فرما کر دل وجان سے اسی عقیدہ کو قبول کیا پھر شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خانؒ نے اس عقیدہ کو اپنے مدرسہ سے شائع ہونے والے رسالہ میں شائع کر دیا۔ یہ عبارت شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خانؒ اور قاضی نور محمد صاحبؒ کے رجوع کی تحریر شمار کی جاتی ہے۔ اکابرین علماء دیوبند نے انکے رُجوع کو قبول کیا اور انکو مسلک علماء دیوبند میں واپس آنے پر خوش آمدید کہا، مگر افسوس کہ باقی مماتیوں کی جماعت نے اپنے بڑوں کی بات کو نہ مانا اور عقیدہ حیات النبی ﷺ کا انکار کرتے رہے جن میں سرفہرست مولوی عنایت اللہ شاہ گجراتی تھے گویا آج کل کے تمام مماتی شیخ القرآن کے رجوع سے منہ موڑ چکے ہیں اور گجراتی برادری کی طرح اپنی ضد پر قائم ہیں۔

**اعتراض:2** شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خانؒ نے جو صلح کی تھی وہ اس طرح ہے جیسے حضور

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

اقدس ﷺ نے صلح حدیبیہ کے موقع پر کفار کے ساتھ معاہدہ کے صفحہ پر اپنا نام مبارک مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ لکھوایا تھا پھر اس پر کفار نے اعتراض کیا تو حضور اقدس ﷺ نے اس کو ختم کر کے مُحَمَّدُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰہِ لکھوا دیا تھا۔ مُحَمَّدُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰہِ لکھے جانے کے بعد حضور اقدس ﷺ رسول اللہ ختم تو نہیں ہو گئے تھے ,تو اسی طرح مولانا غلام اللہ خان ؒ نے لکھ کر دیا تھا حضور اقدس ﷺ قبر میں زندہ ہیں اور قبر کے قریب سلام سنتے ہیں تو اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا وہ حضور اقدس ﷺ کو قبر میں زندہ مانتے تھے۔

**ج:** صلح حدیبیہ میں حضور اقدس ﷺ نے پہلے مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ پھر مُحَمَّدُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰہِ لکھوایا، یہ دونوں کلمات سچے ہیں۔ حضور پاک ﷺ مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ یعنی اللہ کے رسول اور مُحَمَّدُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰہِ یعنی حضرت عبداللہ کے بیٹے بھی ہیں اور شیخ القرآن ؒ کی صلح میں مماتی ایک بات کو سچا اور دوسری بات کو جھوٹا کہتے ہیں حالانکہ صلح حدیبیہ میں تو دونوں باتیں سچی تھیں لہٰذا اس بات پر صلح حدیبیہ والی مثال نہیں دی جا سکتی۔

**اعتراض: 3** اگر قبر میں زندگی ہے تو دیوبندیوں کے مولویوں اور انکے شیخ الحدیثوں کو قبر میں ڈال دو پھر ہم دیکھتے ہیں یہ زندہ رہتے ہیں یا نہیں؟

**ج:** ہم کہتے ہیں ایسی باتیں کرنا چھوڑ دو پہلی بات یہ ہے کہ دنیا اور قبر کی زندگی الگ الگ ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ دنیا والے بندے کو تم قبر کی زندگی میں پھینک کر دیکھنا چاہتے ہو کہ یہ کیسے زندہ رہتا ہے؟ اسکا آسان جواب یہ ہے کہ قرآن وحدیث میں یہ بات موجود ہے کہ ماں کے پیٹ میں زندگی ہوتی ہے۔ یہ بات تم مماتی بھی مانتے ہو۔ تو اب ہم کہہ دیں گے کہ مماتیوں کے مولویوں کو ہم اٹھا کر انکی ماؤں کے پیٹوں میں واپس داخل کر دو تو کیا یہ بات مماتی لوگ برداشت کریں گے؟ پھر یہ تو اس طرح انکی والدہ کی زندگی بھی خطرہ میں پڑ جائے گی اور تم مماتی لوگ ماں کے پیٹ والی زندگی ماننے کے باوجود دوبارہ ماں کے اندر داخل ہونے کیلئے تیار نہیں ہو کیونکہ دنیا کی زندگی، ماں کے پیٹ کی زندگی سے الگ ہے تو اس طرح قبر والی زندگی بھی دنیا والی زندگی سے الگ ہے۔ قبر والی زندگی پر دنیا والی زندگی کی مثالیں فٹ نہیں ہوتیں۔

**تنبیہ:** محترم دوستو ہمارے جواب میں سخت الفاظ جوابی طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ جب مماتی ہمارے اکابرین کو توہین کا نشانہ بنائیں گے تو جواب کا حق ہم بھی محفوظ رکھتے ہیں۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے جس سے جواب کی اجازت ملتی ہے:

**وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُم بِهِ** (سورۃالنحل ،آیت:126)

**ترجمہ:** اور اگر تم لوگ کسی پر ظلم کا بدلہ لو تو اتنا ہی لو جتنی زیادتی تمہارے ساتھ کی گئی تھی۔

اس اجازت کی بنیاد پر ہم نے یہ جواب دیا ہے۔

**اعتراض:4** المہند علی المفند کتاب کو آپ لوگ عقائد کی کتاب بتاتے ہو حالانکہ وہ علماء دیوبند کی طرف سے سعودی علماء کو لکھا جانے والا ایک خط ہے۔ پھر یہ عقیدہ کی کتاب کیسے بن گئی؟

**ج:** جناب من یہ چند عقائد تھے جن کو خط کا حصہ بنایا گیا تھا سعودی علماء کو خط لکھنے کی اصل وجہ فاضل بریلوی احمد رضا خان کے جھوٹے الزام کی حقیقت بتانا تھی کہ فاضل بریلوی نے سعودی عرب جا کر وہاں کے علماء کے سامنے علماء دیوبند کی کتابوں سے عبارات نکال کر ان میں غلط باتیں ڈال کر پیش کیں اور الزام لگایا کہ یہ دیوبندی علماء کے عقیدے ہیں لہٰذا علماء دیوبند کافر ہیں۔ اس بات کی حقیقت جاننے کیلئے عربی علماء کرام نے علماء دیوبند سے 26 سوالوں پر مشتمل ایک وضاحت پوچھی جس کے جواب میں علماء دیوبند کے سرخیل حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ نے ایک وضاحتی خط تحریر فرمایا جس میں اُن 26 سوالات کے جوابات دیے اور پوچھے گئے تمام عقائد کی وضاحت قلم بند کی اور اس میں واضح لکھا علماء دیوبند کوئی گستاخِ رسول ﷺ نہیں، احمد رضا خان کی طرف سے علماء دیوبند پر جھوٹے الزامات لگائے گئے ہیں۔ اس خط پر دارالعلوم دیوبند کے تمام اکابرین نے تصدیقی دستخط فرمائے، جن میں شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسنؒ دیوبندی، حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علیؒ تھانوی، مفتی ہند مولانا کفایت اللہ دہلویؒ، دارالعلوم کے مفتی اعظم مولانا مفتی عزیز الرحمٰن عثمانیؒ وغیرہ شامل ہیں۔ سعودی عرب کے علماءِ کرام نے اس جواب کو پسند فرمایا اور علماء دیوبند کی تصدیق کی۔ پھر علماء دیوبند نے اس عقائد کے خط کو اور سعودی علماء کے جوابات کو ایک کتاب کی شکل میں شائع کر دیا۔ یوں فاضل

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

بریلوی احمد رضا خان کے جھوٹ سے دنیا واقف ہوگئی اور رضا خانی سازش دم توڑ گئی۔

بے شک اب اس کتاب کی حیثیت عقائد کی کتاب جیسی ہے۔ اب جو شخص بھی دیوبندی کہلاتا ہے وہ اس کتاب میں لکھے گئے تمام عقائد کو اپنا ایمان سمجھتا ہے۔

**اعتراض: 5** کچھ دیوبندی علماء نے لکھا ہے کہ قبر مبارک میں حضور پاک ﷺ کی زندگی دنیا کی سی ہے اس کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟

**ج:** جن علماءِ کرام نے حیات دنیوی لکھا ہے ان کا یہ مطلب نہیں کہ دنیا میں چلتی پھرتی حیات ہے بلکہ مطلب صرف ایک ہے کہ جو زندگی قبر میں حاصل ہے وہ روح کے تعلق سے دنیا والے جسم کے ساتھ ہے یعنی دنیا والا جسم زندہ ہے کوئی اور نیا جسم زندہ نہیں اور یہ بات درست ہے۔

**اعتراض: 6** مولانا رشید احمد گنگوہیؒ نے لکھا ہے کہ جو آدمی یہ کہے کہ حضور ﷺ خود سلام سنتے ہیں تو ایسا آدمی کافر ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ مکمل مبوب، کتاب العقائد عنوان تشہد میں صیغۂ سلام کی تبدیلی ص:103، ط: ادارہ اسلامیات لاہور)

**ج:** یہ حضرت گنگوہیؒ کی آدھی بات ہے، پوری بیان کرو۔ یہاں تو وہ یہ فرما رہے ہیں کہ جو آدمی یہ کہے کہ تشہد (التحیات) والا سلام جو بندہ نماز میں پڑھتا ہے حضور ﷺ خود سنتے ہیں تو وہ کافر ہے کیونکہ وہ صرف خدا اور اس کے بندے کے درمیان معاملہ ہوتا ہے اور یہ بات ہم بھی مانتے ہیں اور مولانا گنگوہیؒ نے اسی کتاب میں دوسری جگہ لکھا ہے کہ قبر والا سلام حضور ﷺ خود سنتے ہیں اب مماتی اگر حضرت گنگوہیؒ کی بات مانتے ہیں تو پوری تسلیم کریں۔

(فتاویٰ رشیدیہ کتاب الایمان والکفر عنوان زندوں کا مردوں سے مدد مانگنا ص:69، کتاب البدعات عنوان اہل قبور سے استعانت ص:134، ط: ادارہ اسلامیات لاہور)

**اعتراض: 7** امداد المفتیین میں مفتی محمد شفیعؒ نے لکھا ہے کہ یہ فتویٰ حضرت گنگوہی کا نہیں۔

**ج:** فتاویٰ رشیدیہ میں سماع عند القبر کے دو فتاویٰ مختلف مقامات میں موجود ہیں ایک جگہ یقیناً حضرت گنگوہیؒ کے دستخط نہیں ہیں، مگر دوسری جگہ خود حضرت گنگوہیؒ نے واضح اپنی قلم سے لکھا ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے سماع میں کسی کو اختلاف نہیں ہے۔ اور مزید حضرت گنگوہیؒ اس پر دستخط فرماتے ہوئے یوں لکھتے ہیں: اَلْجَوَابُ بِھٰذَا التَّفْصِیْلُ صَحِیْحٌ کہ یہ جواب (آپ ﷺ اپنی قبر میں سلام سنتے ہیں) اس تمام تفصیل کے ساتھ درست ہے۔

ہمارا پیش کردہ فتویٰ حضرت گنگوہیؒ کا ہی ہے مگر آج تک مماتی ٹولہ غلط بیانی سے کام لے رہا ہے

**نوٹ:** مماتیوں نے حضرت مفتی محمد شفیعؒ کو بطور استدلال پیش کیا ہے افسوس کہ حضرت مفتی صاحبؒ کا استدلال تو قبول ہے لیکن حضرت مفتی محمد شفیعؒ کا عقیدہ قبول نہیں، یعنی حضرت مفتی صاحبؒ نے اپنی کتب میں جا بجا عقیدہ حیاۃ النبی ﷺ اور سماع عند القبر کو اپنا مسلک و عقیدہ بتایا ہے ہم اب حضرت مفتی صاحب کے چند حوالہ جات پیش کیے دیتے ہیں۔

i) رسول اللہ ﷺ اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں آپ ﷺ کی وفات کا درجہ ایسا ہے جیسے کوئی زندہ شوہر گھر سے غائب ہو اس بناء پر آپ ﷺ کی ازواج کا وہ حال نہیں جو تمام شوہروں کی وفات پر انکی ازواج کا ہوتا ہے۔ (معارف القرآن، سورۃ احزاب، آیت :53، ج:7، ص:203، ط: ادارۃ المعارف کراچی)

ii) البتہ روضہ اقدس ﷺ کے سامنے الفاظ خطاب کے ساتھ سلام پڑھنا سنت سے ثابت اور مستحب ہے۔ کیونکہ وہاں براہ راست حضور ﷺ کا سلام سننا اور جواب دینا روایات حدیث سے ثابت ہے۔ (جواہر الفقہ، ج:1، ص:516، ط: جدید مکتبہ دار العلوم کراچی)

iii) (درود پاک کی) مجلس میں حضور ﷺ کا تشریف لانا کسی دلیل شرعی سے ثابت نہیں رسول کریم ﷺ پر بہتان ہے رسول کریم ﷺ نے اس امر کا فیصلہ خود ایک حدیث میں اس طرح فرمایا ہے: مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عِنْدَقَبْرِیْ سَمِعْتُہٗ وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ بَعِیْدٍ اُعْلِمْتُہٗ یعنی جو شخص میری قبر کے پاس درود و سلام پڑھتا ہے۔ اسے میں خود سنتا ہوں اور جو دور سے درود و سلام بھیجتا ہے وہ (فرشتوں کے ذریعے) مجھے پہنچا دیا جاتا ہے۔ (جواہر الفقہ، ج:1، ص:517، ط: جدید مکتبہ دار العلوم کراچی)

**اعتراض:8** حضرت تھانویؒ اشرف الجواب میں فرماتے ہیں کہ زمینی گڑھا قبر نہیں ہے۔

**ج:1)** حکیم الامت، مجدد الملت، حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے یہ بات صرف ان لوگوں کیلئے لکھی ہے جو کہ آگ میں جل کر راکھ ہو جائیں یا پانی میں ڈوب کر مر جائے جبکہ حضور پاک ﷺ بِحَمْدِ اللّٰہِ نہ آگ میں جلے ہیں نہ پانی میں ڈوبے ہیں اسی لئے یہ عبارت عقیدہ حیات النبی ﷺ کے خلاف نہیں ہے۔

**ج:2)** مماتی صرف زبان سے حضرت تھانویؒ کا نام لیتے ہیں ورنہ یہ لوگ حضرت تھانویؒ

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

کونعوذ باللہ گمراہ اور غلط سمجھتے ہیں۔مثلاً:

مماتی، پتھری مولوی سجاد بخاری نے حضرت تھانویؒ کی تقاریر، مواعظ اور کتب کے بارے میں یوں لکھا ہے کہ تھانوی صاحبؒ کی کتابوں میں اصلاح وتطہیر (پاکیزگی و درستگی) کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ ان میں ضعیف، شاذ، منکر اور جھوٹی حدیثیں بے سروپا حکایتیں بے سند اور گمراہ کن کرامتیں موجود ہیں۔ (اقامۃ البرھان، ص:24، ط: کتب خانہ رشیدیہ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی)

نوٹ: جولوگ حکیم الامت، مجدّد الملت، حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کو جھوٹی حدیثیں اور گمراہ کن باتیں کہنے والا بتائیں ایسے لوگ باقی علماء دیوبند کو کیسے سچا مسلمان مانتے ہونگے؟

**اعتراض:9** دارالعلوم دیوبند میں نصف صدی تک مہتمم رہنے والے قاری محمد طیب قاسمیؒ نے مماتیوں کی کتابوں پر تصدیق لکھی ہے، مطلب کہ وہ ہماری تائید کرتے تھے۔

**ج:** قاری محمد طیب قاسمیؒ مماتیوں کی ہرگز تائید نہیں کرتے تھے۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب ان تک تمہاری اصلیت نہیں پہنچی تھی اور جب وہ حقیقت کو بھانپ گئے تو انہیں کے کہنے پر شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خانؒ اور مولانا قاضی نور محمد صاحبؒ نے مماتی فرقہ سے علیحدگی کا اعلان کر کے توبہ تائب ہوگئے۔ قاری محمد طیب قاسمیؒ عقیدہ حیات النبی ﷺ کے قائل ہیں وہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ اور تمام انبیاء کرام علیہم السلام وفات کے بعد اپنی اپنی پاک قبروں میں زندہ ہیں قبور پر حاضر ہونے والوں کا صلوۃ وسلام سنتے ہیں یہ علماء کرام کا اجماعی مسئلہ ہے۔ علمائے دیوبند نے یہ عقیدہ قرآن وسنت سے پایا ہے۔ (کلمات طیبہ المعروف خطبات حکیم الاسلام، ج: 7، ص:181، ط: ادارہ اسلامیات لاہور)

قاری محمد طیب قاسمیؒ کا عقیدہ حیات النبی ﷺ پر ایک مشہور شعر کچھ یوں ہے:

یہ دل میں ارماں ہے اپنے طیبؔ مزارِ اقدس ﷺ پہ جا کے اِک دن
سناؤں انکو میں حال دل کا کہوں میں ان سے سلام لے لو

(عاشقان رسول ﷺ ص:292، ط: عمر پبلیشر زاردو بازار لاہور، از: مولانا ثناءاللہ صاحب شجاع آبادی)

**اعتراض:10** مولانا احمد سعید دہلویؒ نے لکھا ہے کہ مردے میں سننے کی صلاحیت نہیں ہوتی۔

**ج:** یہ سوال کرتے وقت مماتیوں کو شرم آنی چاہیے کہ مولانا دہلویؒ نے یہ بات حضور پاک ﷺ کیلئے نہیں بلکہ عام مردوں کیلئے لکھی تھی۔حضورﷺ کیلئے خود اپنی کتاب کشف الرحمٰن، ج:1،ص:592سورۃ نمبر:3،سورۃ آل عمران،آیت نمبر:169 کی تفسیر میں لکھا ہے:

انبیاء کرام علیہم السلام قبر میں خود سلام سنتے ہیں اور جواب بھی دیتے ہیں۔

تو یہاں بھی حضرتؒ کی بات کو ماننا چاہیے۔عام مردہ کے معاملے میں حضرت دہلویؒ یاد ہیں تو یہاں کیوں بھول گئے؟

**اعتراض:11** فاتحہ کا صحیح طریقہ نامی کتاب پر حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ کی تصدیق موجود ہے اور اس میں لکھا ہوا ہے کہ آپ ﷺ کی قبر مبارک پر سماع نہیں ہے۔

**ج:** یہ عبارت اس کتاب کی نہیں بلکہ اسکے کئی سال بعد شائع ہونے والے ضمیمہ کی ہے اور حضرت مدنیؒ کی تصدیق کتاب پر ہے نہ کہ ضمیمہ پر اور یہ ضمیمہ حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ کی وفات کے بارہ سال بعد لکھا گیا،جس سے اکابرین علماء دیوبند کا کوئی واسطہ نہیں ہے۔یہ بھی پچھلے فائروں کی طرح ایک مس فائر ہے۔

**اعتراض:12** حضرت مفتی محمودؒ اشاعت التوحید کے عقیدہ کو پسند کرتے تھے۔

**ج:** مماتیوں نے حضرت مولانا مفتی محمودؒ کے بارے میں غلط تاثر دینے کی کوشش کی ہے کہ مفتی صاحب بھی پتھری تھے مگر مماتی ان کی تفصیلی عبارات کو پنج پیر مدرسہ میں لگی ٹوٹی کا پانی یا گجراتی کباب سمجھ کر ہضم کر گئے۔

حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ مفتی صاحب بڑے احترام سے عقیدہ حیات النبی ﷺ کے قائل ہیں۔

i) احادیث میں ثابت ہے کہ ہر مسلمان کی قبر پر سلام کرتے وقت بصیغہ خطاب سلام کیا جاوے۔ **اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِیْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ نَسْاَلُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمُ الْعَافِیَۃُ** پھر قبر شریف پر صیغہ خطاب سے سلام کرنے سے کیا مانع ہے؟ جبکہ متعدد احادیث سے بھی یہ ثابت ہے کہ قبر شریف کے پاس صلوٰۃ وسلام کو حضور اکرم ﷺ خود سنتے ہیں

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عِنْدَقَبْرِیْ سَمِعْتُہٗ وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ بَعِیْدٍ اُعْلِمْتُہٗ۔

(فتاویٰ مفتی محمود، ج:1، کتاب العقائد ص:353، ط جمیعۃ پبلشرز لاہور)

ii) حضرت مولانا مفتی محمودؒ نے علمائے دیوبند کی دوسری اجماعی دستاویز تسکین الصدور (جوکہ عقیدہ حیات النبی ﷺ پر تمام منکرین حیات کے لئے زہر قاتل ہے) کو خود لکھوایا اور اس پر تصدیقی دستخط ثبت فرمائے۔ (تسکین الصدور، ص:36، ط: مکتبہ صفدریہ گوجرانوالہ)

iii) عَبْدَلْ خَیْل ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں آج بھی حضرت مفتی محمود صاحبؒ کی قبر موجود ہے اور اس پر واضح لکھا ہوا ہے "مرقد محمودؒ" کہ مفتی محمودؒ کے سونے کی جگہ، وفات کے بعد مفتی صاحبؒ کی قبر کی تختی مماتیوں کی دھوکہ بازیوں کو تار تار کر رہی ہے۔

**اعتراض:13** مولانا زکریاؒ نے لکھا ہے کہ مردے نہیں سنتے۔

**ج:** شیخ الحدیث مولانا زکریا کاندھلویؒ نے عام مُردوں کی بات ہے نہ کہ حضور پاک ﷺ کے قبر مبارک میں سماع کی، مگر مماتیوں نے دھوکہ بازی سے اس عبارت کو آپ ﷺ پر لاگو کر دیا، حالانکہ حضرت شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریاؒ عقیدہ حیات النبی ﷺ اور سماع النبی ﷺ کے بڑے احترام سے قائل ہیں۔ فی الحال ان کے 2 حوالہ جات پیش خدمت ہیں:

i) جو شخص حضور اقدس ﷺ کی قبر اطہر کے پاس کھڑے ہو کر درود پڑھے حضور اقدس ﷺ اس کو سنتے ہیں مَنْ صَلّٰی عَنْدَ قَبْرِیْ سَمِعْتُہٗ نص صریح ہے۔

(مکاتیب شیخ الحدیثؒ، ص:505، ط: مکتبۃ الحرمین لاہور)

ii) سلیمان بن سحیمؒ کہتے ہیں کہ میں نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ جو لوگ آپکی خدمت میں حاضر ہو کر سلام کرتے ہیں کیا آپ ﷺ کو اسکا پتہ چلتا ہے؟ تو حضور پاک ﷺ نے فرمایا: ہاں میں ان کے سلام کا جواب دیتا ہوں

(فضائل درود شریف، ص:38، فصل:2، حدیث:3، ط: کتب خانہ فیضی لاہور)

**ضروری وضاحت:** مماتی بظاہر عوام الناس کو دھوکہ دینے کے لئے یہ کہہ دیتے ہیں کہ تبلیغی جماعت والوں کی اچھی باتوں کی ہم تائید کرتے ہیں۔ مگر معاملہ اس کے برعکس ہے، مماتی فرقہ

کے موجودہ امیر مولوی طیب پنج پیری آف صوابی کی تصدیق سے ایک کتاب (تبلیغی جماعت اور ان کے بزرگ خصوصاً شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ کے کفروشرک پر) شائع ہوئی بنام تحفۃ الاشاعت فی اصول التبلیغ والدعوۃ اوراس میں دوسرے مماتیوں نے بھی تبلیغی جماعت کو کھل کر تنقید کا نشانہ بنایا، جاہل اور کافر مشرک ہونے کے فتوے دیئے

اکابر علمائے دیوبند دعوت وتبلیغ اس کے طریقہ کار اور بطور نصاب لکھی جانے والی ان کتبِ فضائل کی ہمیشہ تائید فرمائی مگر کچھ حضرات اپنی بدقسمتی سے لوگوں کو اس دینی کام کے منافع سے محروم رکھنے کیلئے مختلف حیلے بہانوں سے ''دعوت وتبلیغ'' کے بانی حضرات اوراس کے نصاب کتبِ فضائل کو نشانہ تنقید بھی بناتے رہتے ہیں۔ان حضرات میں ایک نمایاں نام ''اشاعت التوحید والسنہ'' مماتی ٹولہ ہے۔انہی میں سے چند ذمہ دار مولویوں کی باتیں ملاحظہ کریں۔

i) مولوی احمد سعید ملتانی آنجہانی نے مسجد قصاباں میانوالی شہر میں تبلیغی جماعت کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ وہ کافر ہیں۔ (خس کم جہاں پاک، ص:69،ط:مرکز اشاعۃ التوحید والسنہ،لالہ موسیٰ گجرات 1998ء)

ii) مولوی خان بادشاہ شیخ الحدیث مفتی سردار صاحب کو چیلنج کرتے ہوئے لکھتا ہے'' فضائل حج میں کافی خرافات اور واہیات ہیں اگر تجھ میں علمی غیرت ہو تو اس کو دلائل شرعیہ سے ثابت کر فضول بکواس سے کچھ نہیں بنتا۔ (التنقید الجوہری،ص:27،ط:دارالقرآن پنج پیر صوابی 2005ء)

iii) جاہل مبلغ جس نے چالیس خرافات فضائل حج میں لکھے ہیں۔

(الصواعق المرسلہ،ص:15،بحوالہ التنقید الجوہری،ط:دارالقرآن پنج پیر صوابی 2005ء)

iv) مولوی سراج الاسلام حنیف لکھتا ہے کچھ لوگ ضعیف اور موضوع و من گھڑت روایت سے عقائد و اعمال ثابت کرنے لگے ہیں جس کی کئی مثالیں کتاب فضائل اعمال اور فضائل صدقات میں مل جاتی ہیں۔ (ضعیف احادیث کی معرفت اور ان کی شرعی حیثیت،ص:32)

v) مولوی قاضی عبدالسلام اشرفی لکھتا ہے''موجودہ عوامی رسمی تبلیغ بظاہر نام سے تو تبلیغ دین ہے مگر درحقیقت دین رسول ﷺ کے بالکل الٹ ہے۔دین کی نیت سے بے دینی ہے اور انجان ہو کر دین دوستی کی نیت دینی دشمنی زوروشور سے پھیلائی جا رہی ہے۔

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

(ماہنامہ ''نغمۂ توحید'' گجرات ص:53،مئی جون 2000ء)

vi) حال ہی میں شائع ہونے والی مماتیوں کی کتاب ''تحفۃ الاشاعت''میں مماتی مولوی عبدالوکیل قطب الارشاد حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ اور شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی رحمہ اللہ پر بت پرست اور یہود و نصاری میں سے ہونے کا فتویٰ دیتے ہوئے لکھتا ہے۔

اے بھائیو! یہ بکواسات اور خرافات سنو! ان لوگوں اور اہل تناسخ اور بت پرستوں میں کیا فرق ہے؟ کیا یہ (دین جو یہ لوگ پیش کر رہے ہیں) یہود و نصاریٰ کا دین نہیں ہے؟

(تحفۃ الاشاعہ،ص:300-301،ط:اشاعت اکیڈمی پشاور)

vii) ان تبلیغ والوں کی کتابوں میں خرافات اور واھیات تو بہت زیادہ ہیں لیکن ہم ان میں سے بعض ایسی باتیں ذکر کرتے ہیں جن سے شرک اور اللہ تعالیٰ کی خاص صفات مخلوق کو دینے کی بُو آتی ہے۔ (تحفۃ الاشاعہ،ص:291،ط:اشاعت اکیڈمی پشاور)

viii) یہ کیا عجیب بات ہے اے بھائیو! دیکھو فضائل صدقات کے ان واقعات میں کیا گمراہیاں اور خرافات ہیں اور یہ واقعات کس طرح لوگوں کو جہنم کی طرف کھینچ رہے ہیں۔ اے اللہ سبحان! ہماری اس حالت کو دیکھ' ہماری باتوں کو سن اور ہمیں قرآن سے ان خرافات اور محرومیوں کی طرف نہ چلا۔ پس اے لوگو! (مولانا زکریا کے) شرک' عقیدہ بریلویہ اور بت پرستی کے ثابت کرنے کو دیکھو۔ (تحفۃ الاشاعہ،ص:301،ط:اشاعت اکیڈمی پشاور)

**نوٹ:** ''تحفة الاشاعه'' نامی کتاب کے مؤلف نے جہاں کتاب کے نام سے یہ ظاہر کیا ہے کہ دعوت و تبلیغ کے متعلق ان کا بیان کردہ موقف ''اشاعت التوحید والسنہ'' کا موقف ہے۔ وہیں ''اشاعت التوحید والسنہ'' کے امیر، دارالقرآن پنج پیر کے شیخ الحدیث، مفتی اور اکابرین اشاعت نے اس کتاب کی تائید سے مؤلف کو حوصلہ دیتے ہوئے پوری جماعت کی طرف سے اکابر علمائے دیوبند پر تنقید و تنقیص کے ان نشتروں کو پذیرائی بخشی ہے۔

**اعتراض:14** فتاویٰ حقانیہ، ج:1،ص:430، پر لکھا ہوا ہے کہ مماتی بھی سُنی ہیں۔

ج: فتاویٰ حقانیہ علماء دیوبند کے مرتب کردہ ہے مگر اس میں ایک قابل احترام مفتی صاحب جو کہ مسلک دیوبند سے قدرے ہٹے ہوئے تھے جن کا نام مفتی محمد یوسف تھا خود اسی فتاویٰ حقانیہ میں جلد اول ص 93 پر انہیں مودودی نظریات سے بہت زیادہ متاثر بتایا گیا ہے اور ان کے بارے میں واضح لکھا گیا کہ وہ مودودی نظریات رکھتے تھے بلکہ فرقہ مودودی کا دفاع بھی کرتے تھے اس بناء پر انہیں دارالعلوم حقانیہ سے الگ کر دیا گیا تھا موصوف بھی مفتی تھے اور یہ مماتیوں کی طرف سے نقل کردہ فتویٰ بھی انہیں کی مرہونِ منت اس فتاویٰ میں موجود ہے۔

مماتیوں کو چاہیے تھا کہ بچوں کی طرح ہر گری پڑی چیز کو نہ اٹھاتے تو آج یوں شرمندگی کا منہ نہ دیکھنا پڑتا۔ ؎ زندگی آمد برائے بندگی زندگی بے بندگی شرمندگی

مزید: اسی فتاویٰ حقانیہ جلد اول کتاب العقائد ص 158 پر عقیدہ حیات النبی ﷺ اور سماع النبی ﷺ عند القبر کا واضح الفاظ میں موجود ہونا اور حجۃ الاسلام والمسلمین مولانا قاسم نانوتویؒ کی کتاب آبِ حیات حضرت سہارنپوریؒ کی کتاب المہند اور حضرت مولانا عبد الشکور ترمذیؒ کی کتاب حیاتِ انبیاء کرام علیہ السلام سے ماخوذ استدلات کیوں نظر نہیں آئے۔ مماتیوں نے حوالہ 403 کا دیا ہے جبکہ ص 158 اس سے بہت پہلے آتا ہے اس کو بھی پڑھنا چاہیے تھا۔ اگر نہیں پڑھا تو اب پڑھ لیں اور اسے بمطابق فتاویٰ حقانیہ جلد اول ص 158 حیات قبر و سماع عند القبر والے عقائد اہل السنّت والجماعت تسلیم کرلیں۔ اور اگر مماتی اس فتویٰ سے اختلاف کرتے ہیں تو ص: 403 پر بھی اس کتاب کا حصہ ہے وہ قابل اعتبار اور کتاب کا یہ حصہ نا قابل اعتبار کیوں ہے؟ چلتے چلتے ایک بات اور مزید بھی پڑھ لیجئے: اسی فتاویٰ حقانیہ میں جو شیخ الحدیث مولانا عبد الحقؒ کے افادات پر مشتمل ہے اور مولانا مفتی محمد فریدؒ کے فتاویٰ جات کا اکثر حصہ اس میں موجود ہے اور انکے حوالہ جات بھی فرقہ مماتی کے متعلق درج ذیل ہے۔

بحمد اللہ کتاب میں جتنے مسائل کی تنقیح اور تشریح کی گئی ہے سب کو اہل السنّت والجماعت خصوصاً اکابر دیوبند کے مسلک کے موافق پایا۔ (تسکین الصدور ص 37' ط:ص 28 مکتبہ صدریہ گوجرانوالہ)

حضرت مفتی فرید زروبویؒ لکھتے ہیں کہ (مماتی) پنجپیری فرقہ سلفی (غیر مقلد) ہیں لہذا ان سے

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

قرآن کریم جیسی عظیم کتاب پڑھنا جائز نہیں۔

(فتاوٰی فریدیہ جلد اول کتاب الفرق الباطلہ فی الفرق الاسلامیہ ص154-155 طبع دار العلوم صدیقیہ زربوی ضلع صوابی)

گمنام مماتی صاحب ازالہ کو یہ تمام حوالہ جات نظر کیوں نہیں آئے؟؟؟

؎ الجھا ہے پاؤں یار کا زلفِ دراز میں　　　لو آپ اپنے دام میں مماتی آ گئے

**اعتراض:15** خودکش حملہ میں جسم ختم ہو جاتا ہے اور انہیں قبر بھی نہیں ملتی تو عذاب قبر کیسے ہوگا؟

**ج:** جہاں اس ختم شدہ میت کے جسم کے اجزاء جائیں گے وہی جگہ اسی کی قبر شمار ہوتی ہے ضروری نہیں کہ زمین میں دفن ہوگا تو عذاب ہوگا۔ جن لوگوں کو زمین میں دفن نہیں کیا گیا، مثلاً: فرعون اور ہندو لوگ جن کو جلا کر راکھ کر دیا جاتا ہے، یہ لوگ بھی قبر کے عذاب سے نہیں بچتے ،کائنات کے جس کونے میں ان کا وجود ہوگا وہیں عذاب ملتا رہے گا اگرچہ جسم ذرّہ ذرّہ ہی کیوں نہ ہو جائے۔ اسکی دلیل حدیث پاک میں موجود ہے:

**عَنْ حُذَیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُهُ ﷺ یَقُوْلُ اِنَّ رَجُلًا حضَرَهُ الْمَوْتُ فَلَمَّا یَئِسَ مِنَ الْحَیَاةِ اَوْصَی اَهْلَهُ اِذَا اَنَامُتُّ فَاجْمَعُوْا لِیْ حَطَبًا کَثِیْرًا، وَاَوْقِدُافِیْهِ نَارًا حَتّٰی اِذَا اَکَلَتْ لَحْمِیْ وَخَصلَتْ اِلٰی عَظْمِیْ فَامْتُحِشَتْ، فَخُذُوْهَا فَاطْحَنُوْهَا، ثُمَّ انْظُرُوْا یَوْمًا رَاحًا فَاذْرُوْهُ فِی الیَمِّ، فَفَعَلُوْا، فَجَمَعَهُ اللّٰهُ فَقَالَ لَهُ: لِمَ فَعَلْتَ ذَالِکَ؟ قَالَ: مِنْ خَشْیَتِکَ، فَغَفَرَ اللّٰهُ لَهُ.**

(صحیح بخاری، کتاب الانبیاء علیهم السلام، باب ماذکر عن بنی اسرائیل، ج:1، ص:491، ط: قدیمی کراچی)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور پاک ﷺ نے فرمایا: ایک شخص نے مرتے وقت وصیت کی کہ مجھے مرنے کے بعد آگ میں جلا دیا جائے اور میری راکھ کے کچھ حصوں کو دریاؤں میں ڈال دیا جائے اور کچھ راکھ کو پہاڑوں پر اُڑا دیا جائے تو ایسا ہی کیا گیا پس اللہ تعالیٰ نے دریا اور پہاڑوں کو حکم کیا اس کی راکھ جمع کر دو پھر اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو اپنے سامنے صحیح سالم کھڑا کیا اور پوچھا تو نے ایسا کیوں کیا؟ اس نے کہا یا اللہ میں نے صرف آپ کے خوف کی وجہ سے ایسا کیا تو اللہ تعالیٰ نے اُسے اپنی قدرت سے معاف کر دیا۔

تنبیہ: اس سے پتہ چلتا ہے کہ مرنے کے بعد اس جسم کے ساتھ معاملہ ہوتا ہے اسی لئے تو اس کے جسم کی راکھ کو اکٹھا کیا گیا ورنہ خاک کو جمع کرنے کا کیا مقصد؟

اعتراض:16 عذاب قبر اگر جسم کو ہوتا ہے تو کسی انسان کو کوئی جانور کھا جائے تو کیا جانور کے پیٹ میں اسکو عذاب ہوگا؟ تو کیا وہ جانور بھی عذاب کی تکلیف محسوس کرے گا؟

ج: وہ عذاب مردہ کو ہوگا جانور کو نہیں جس طرح کسی مماتی کے پیٹ میں کیڑے ہوں تو ڈاکٹر صاحب جو دوائی دیتے ہیں اس دوائی سے اسکے پیٹ میں کیڑوں پر تو قیامت گزر رہی ہوتی ہے مگر خود مماتی ان کیڑوں کے مرنے والی تکلیف کو محسوس نہیں کر رہا ہوتا تو ٹھیک اسی طرح جانور کے پیٹ میں عذاب مردہ محسوس کرتا ہے نہ کہ جانور۔

اعتراض:17 حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان جو اختلاف ہوا، جنگوں تک نوبت آئی جس میں کئی صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعینؒ شہید ہوئے مگر یہ لوگ آپ ﷺ کے روضۂ اقدس پر فیصلہ کرانے نہیں گئے کہ یارسول اللہ ﷺ ہم میں سے حق پر کون ہے۔؟ تو پتہ چلا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کا بھی یہی عقیدہ تھا کہ آپ ﷺ قبر میں زندہ نہیں ہیں۔ اگر زندہ مانتے تو ضرور پوچھتے۔

ج: سبحان اللہ! یہ تو سوال بھی بیوقوفانہ ہے کہ قبر پر جا کر نہ پوچھنے سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ آپ ﷺ قبر میں زندہ نہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جانتے تھے اگر ہم قبر پر جا کر سوال کریں گے تو آپ ﷺ کا جواب ہم نہیں سن سکیں گے کیونکہ آپ ﷺ عالم قبر میں ہیں اور ہم عالم دنیا میں ہیں

مثال: جس طرح آپ کی کوئی چیز لوگوں میں بیٹھے گم ہو جائے تو آپ اپنے اردگرد بیٹھے لوگوں سے پوچھتے ہیں کہ میری چیز کدھر گئی؟ مگر اپنے کندھوں پر بیٹھے فرشتوں سے نہیں پوچھتے حالانکہ آپ اِن فرشتوں کو زندہ مانتے ہیں کیونکہ آپ جانتے ہیں کہ فرشتے آپ کے پوچھنے پر اگر جواب بھی دیں تو آپ ان کا جواب نہیں سن سکیں گے کیونکہ فرشتے عالم غیب میں اور آپ عالم دنیا میں ہیں۔ تو اِسی طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی جانتے تھے کہ ہم قبر پر جا کر پوچھیں گے تو آپ ﷺ جواب دیں گے مگر ہم لوگ آپ ﷺ کا جواب نہیں سن سکیں گے۔ کیونکہ آپ ﷺ

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

عالم قبر میں اور صحابہ رضی اللہ عنہم عالم دنیا میں تھے۔ لہذا قبر پر جا کر نہ پوچھنے سے یہ ثابت نہیں ہوتا ہے کہ آپ ﷺ قبر میں زندہ نہیں ہیں۔

**اعتراض: 18** اگر ہم لوگ آپ ﷺ کی بات کو نہیں سن سکتے تو آپ ﷺ قبر کے قریب ہمارا درود کیسے سن لیتے ہیں؟ یہاں پر عالم دنیا و قبر والا اصول کیوں لاگو نہیں ہوتا؟

**ج:** قبر کے قریب آپ ﷺ کا درود شریف سننا تو شریعت سے ثابت ہے۔ مثلاً:

**i)** **وَلَاتَحۡسَبَنَّ الَّذِیۡنَ قُتِلُوۡافِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ اَمۡوَاتًاؕ بَلۡ اَحۡیَآءٌ عِنۡدَرَبِّهِمۡ یُرۡزَقُوۡنَ ۝**

ترجمہ: اور (اے پیغمبر ﷺ) جو لوگ اللہ کے راستے میں قتل ہوئے ہیں انہیں ہرگز مردہ نہ سمجھنا بلکہ وہ زندہ ہیں، انہیں اپنے رب کے پاس رزق ملتا ہے۔ (سورۃ آل عمران، آیت: 169)

**تفسیر:** انبیاء کرام علیہم السلام شہیدوں سے بڑے درجے والے ہیں تو وہ بھی زندہ ہیں ان کی زندگی اتنی مضبوط ہے کہ روح کا جسم کے ساتھ تعلق ہے اسی وجہ سے نبی ﷺ کی وفات کے بعد انکی بیوی سے نکاح نہیں ہوتا اور نہ ہی نبی ﷺ کی میراث تقسیم ہوتی ہے بلکہ قبر پر جا کر کوئی سلام کہے تو اس کو سنتے ہیں اور جواب دیتے ہیں۔ (تفسیر کشف الرحمٰن، ج:1، ص: 592، ط: مکتبہ رشیدیہ کراچی)

اس تفسیر کے مؤلف مولانا احمد سعید دھلویؒ ہیں۔ اس تفسیر پر جن اکابرین امت مسلمہ کے دستخط ہیں ان کے اسماء کرام یہ ہیں:

1) مدرس مسجد نبوی ﷺ، شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا حسین احمد مدنی رَحِمَهُ اللّٰهُ

2) عالم اسلام کے پہلے شیخ الحدیث، حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی رَحِمَهُ اللّٰهُ

3) دارالعلوم دیوبند میں نصف صدی تک مہتمم، حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمی رَحِمَهُ اللّٰهُ

4) استاذ العلماء مفتی اعظم دارالعلوم دیوبند مولانا مفتی مہدی حسن شاہ جہان پوری رَحِمَهُ اللّٰهُ

5) شیخ الحدیث والادب، جامع الفضائل، فقیہ زماں حضرت مولانا اعزاز علی امروہی رَحِمَهُ اللّٰهُ

6) مفتی اعظم متحدہ ہندوستان، فخر الاماثل، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلویؒ رَحِمَهُ اللّٰهُ

**i)** **عَنۡ اَبِیۡ هُرَیۡرَةَ** رَضِیَ اللّٰهُ عَنۡهُ **قَالَ :قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ** ﷺ **مَنۡ صَلّٰی عَلَیَّ عِنۡدَقَبۡرِیۡ سَمِعۡتُهٗ وَمَنۡ صَلّٰی عَلَیَّ مِنۡ بَعِیۡدٍ اُعۡلِمۡتُهٗ.**

( جلاء الافهام فی فضل الصلاۃ والسلام علی محمد خیر الانام ، ص:92،ط:دار ابن جوزی الدمام،سعودی عرب )

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو میری قبر کے پاس درود پڑھے گا اُس کو میں خود سنوں گا اور جو مجھ پر دور سے درود پڑھے گا تو وہ مجھے بتلایا جائے گا۔

وہ محدثین کرامؒ جنہوں نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح بتلایا اور اپنی کتب میں اسکی سند کو صحیح لکھا:

1) امام ابو بکر البیہقیؒ (جزء حیات الانبیاء، ص:6) 2) حافظ ابن حجر عسقلانیؒ (فتح الباری، ج:6،ص:356)

3) علامہ شمس الدین السخاویؒ (القول البدیع، ص:116) 4) حضرت ملا علی قاریؒ (مرقاۃ، ج:2،ص:10)

5) امام ابوالحسن علی بن محمد الکنانیؒ (تنزیہ الشریعۃ، ص:335) 6) علامہ شبیر احمد عثمانیؒ (فتح الملہم، ج:1،ص:330)

7) مولانا اشرف علی تھانویؒ (نشر الطیب، ص:268) 8) مولانا ادریس کاندھلویؒ (سیرت المصطفیٰ، ج:3،ص:174)

9) مفتی محمد شفیع عثمانیؒ (جواہر الفقہ، ج:1،ص:517،ط:جدید) 10) شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ (فضائل درود، ص:19)

اور جب شریعت سے کوئی مسئلہ ثابت ہو جائے پھر اپنی عقل کے گھوڑے نہیں دوڑانے چاہیے یہی مسلک اہل السنّت والجماعت کا طریقہ ہے۔

**اعتراض:19** اگر صحابہ رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کا جواب نہیں سن سکتے تھے تو آپ لوگوں کے مطابق پھر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی تدفین کے وقت روضہ مبارکہ سے "اُدْخِلُوا الْحَبِیْبَ اِلَی الْحَبِیْبِ" (مفاتیح الغیب تفسیر کبیر سورۃ الکہف، آیت:11، ج:7،ص:433، ط: مکتبہ علوم اسلامیہ لاہور) کہ دوست کو دوست تک پہنچادو، یہ آواز کیوں سن لی تھی۔ یہاں سن سکتے تھے وہاں نہیں؟ یہ دوہرا معیار کیوں اپنایا گیا ہے؟

**ج:** دوہرا معیار نہیں بلکہ مماتیوں کی سمجھ کی کمی کا نتیجہ ہے۔ آپ ﷺ کے روضہ مبارکہ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا آواز سن لینا بطورِ کرامت تھا یعنی اس وقت آپ ﷺ کا جواب سن لینا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی وجہ سے تھا، انہوں نے وصیت ہی اسی لئے کی تھی کہ مجھے آپ ﷺ کے روضہ اقدس کے اندر قبر میں دفن کرنے سے پہلے پوچھ لینا یارسول اللہ ﷺ اجازت ہے صدیق کی قبر یہاں بنا دیں؟ اگر اجازت مل جائے تو آپ ﷺ کے قریب قبر بنا دینا ورنہ عام مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کر دینا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو آپ ﷺ سے اپنی دوستی پر اتنا اعتبار تھا اور اتنی زیادہ اُمید تھی کہ مجھے اجازت ضرور ملے گی لہٰذا ان کے اخلاص کی برکت سے وہاں پر موجود تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ کا جواب سنا اور یہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

کی برکت اور کرامت شمار ہوتی ہے اور کرامت کا اصول یہ ہے کہ اس میں دوام (ہمیشگی) نہیں ہوتی۔ضروری نہیں ہوتا کہ آپ ﷺ کی قبر مبارک سے ہر وقت جواب سنا جائے۔ یہ کبھی کبھار کی بات ہے۔

**اعتراض:20** یہ عجیب سی بات لگتی ہے اگر کوئی مزید دلیل یا مثال ہے تو پیش کرو۔

**ج:** جی ہاں! اس کے کئی مزید دلائل ہیں، مثلاً: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مدینہ شریف سے سیکڑوں میل دور جہاد پر گئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے لشکر کے امیر حضرت ساریہ رضی اللہ عنہ کو مدینہ میں منبر پر بیٹھ کر آواز دی جبکہ بظاہر ان کے سامنے وہ حضرات موجود نہیں تھے اور وہ آواز فوراً ان تک پہنچ گئی یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی کرامت تھی۔

(مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح، کتاب المناقب، باب مناقب عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ، ج:17، ص:373، ط:دار الفکر بیروت لبنان)

تو یہ بھی اِسی طرح ہے کہ ہر وقت ہم آپ ﷺ کا جواب نہیں سن سکتے مگر کبھی کبھار جس طرح سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے جنازے کے وقت یا پھر شیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی ؒ کے سلام کرنے پر جواب سن لینا ثابت ہے۔

**نوٹ:** شیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی ؒ نے آپ ﷺ کے رضۂ اقدس پر سلام عرض کیا تو آپ ﷺ کی طرف سے جواب آیا وَعَلَیْکَ السَّلَامُ یَا وَلَدِیْ (اے میرے بیٹے تم پر بھی سلام ہو) (حضرت مدنیؒ کے ایمان افروز واقعات، ص:37,38، ط: مکہ کتاب گھر اردو بازار لاہور، از: مولانا ابولحسان بارہ بنکیؒ)

**اعتراض 21:** صلح حدیبیہ کے وقت آپ ﷺ تک حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی افواہ پہنچی مگر وہ زندہ تھے اور ظاہری بات ہے کہ آپ ﷺ پر درود پاک بھی بھیجتے ہونگے اور درود آپ ﷺ پر پیش بھی ہوتا ہوگا مگر آپ ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید سمجھ کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بیعت فرمالیا تو پتہ چلا کہ درود آپ ﷺ پر نہیں پہنچتا، اگر پہنچتا تو آپ ﷺ کبھی بھی بیعت نہ فرماتے بلکہ یوں فرماتے دیکھو عثمان رضی اللہ عنہ زندہ ہے جس کا درود مجھ پر پیش ہو رہا ہے۔

**ج:1)** یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے امتحان تھا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر سن کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیا کرتے ہیں؟ اور پہلے بتا دینے پر امتحان، امتحان نہ رہتا۔

ج:2) یہ واقعہ وفات سے پہلے دنیا کی زندگی کا ہے جبکہ آپ لوگوں کا اختلاف وفات کے بعد قبر میں درود شریف سننے کے متعلق ہے۔لہٰذا یہ سوال کرنا ہی غلط ہے۔

ج:3) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بارے میں افواہ صبح کی نماز کے بعد پہنچی ،ابھی ظہر کی نماز قضا نہیں ہوئی تھی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ واپس تشریف لے آئے جب اس دوران انہوں نے کوئی نماز ادا نہیں فرمائی تو درود پاک کس طرح پڑھا؟ اور نہ ہی انہوں نے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر کعبۃ اللہ کا طواف کرنا مناسب سمجھا۔جب اس دوران درود پاک پڑھنا ثابت ہی نہیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچنے کا سوال کرنا ہی غلط ٹھہرا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پاک تب پیش ہوتا جب وہ پڑھتے حالانکہ وہ تو مذاکرات میں مشغول تھے اور شہید ہوجانے کی خبر پہنچنے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بیعت فرمالیا اس واقعہ سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ ہمارا درود پاک آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر پیش نہیں ہوسکتا بلکہ صحیح حدیث میں یہ واضح موجود ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پاک پیش ہوتا ہے۔

عَنْ اَوْسِ ابْنِ اَوْسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَیَّامِکُمْ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ فِیْہِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِیْہِ قُبِضَ وَفِیْہِ النَّفْخَۃُ وَفِیْہِ الصَّعْقَۃُ فَاَکْثِرُوْا عَلَیَّ مِنَ الصَّلٰوۃِ فِیْہِ فَاِنَّ صَلٰوتَکُمْ مَعْرُوْضَۃٌ عَلَیَّ قَالَ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم وَکَیْفَ تُعْرَضُ صَلَاتُنَا عَلَیْکَ وَقَدْ اَرِمْتَ قَالَ یَقُوْلُوْنَ بَلِیْتَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ حَرَّمَ عَلَی الْاَرْضِ اَجْسَادَ الْاَنْبِیَاءِ. (سنن ابی داؤد، کتاب الصلوۃ، باب تفریع ابواب الجمعۃ، ج:1،ص:150، ط:ایچ ایم سعید کراچی)

ترجمہ: حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کا دن تمام دِنوں سے افضل ہے اسی دن حضرت آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اسی دن فوت ہوئے۔اسی دن قیامت کا پہلا صُور اور پھر اسی دن آخری صور پھونکا جائے گا تو تم میرے اوپر زیادہ درود پڑھا کرو بیشک تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جائے گا۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا آپ کے فوت ہونے کے بعد ہمارا درود آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر کیسے پیش ہوگا حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو مٹی مٹی ہوچکے ہوں گے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کو منع کردیا کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے جسم کو کھا سکے

**نوٹ:** اس حدیث سے ثابت ہوا کہ درود شریف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک پر پیش ہوتا ہے اور یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زندہ ہونے کی دلیل ہے کہ زندہ ہیں تبھی تو درود شریف پیش ہوتا ہے۔

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

وہ محدثین کرامؒ جنہوں نے اس حدیث مبارکہ کو صحیح بتلایا اور اپنی کتب میں اسکی سند کو صحیح لکھا:

1) علامہ بدرالدین عینیؒ (عمدۃ القاری، ج:6،ص:69) 2) حافظ ابن حجر عسقلانیؒ (فتح الباری، پ:26،ص:58)

3) علامہ ابن عبدالہادیؒ (الصارم المنکی، ص:174) 4) امام نوویؒ (کتاب الاذکار،ص:106)

5) حافظ ابن کثیرؒ (تفسیر ابن کثیر، ج:3،ص:514) 6) علامہ منذریؒ (القول البدیع،ص:119)

7) حافظ ابن القیمؒ (جلاء الافہام،ص:36) 8) امام حاکمؒ (مستدرک، ج:4،ص:560)

9) علامہ شمس الدین ذہبیؒ (مستدرک، ج:4،ص:560) 10) علامہ انور شاہ کشمیریؒ (خزائن الاسرار،ص:19)

**اعتراض 22:** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مردوں کا سننا نہیں مانتیں تو دیوبندی لوگ حضرت اماں عائشہ رضی اللہ عنہا کی بات کیوں نہیں مانتے؟

**ج:1)** حضرت اماں عائشہ رضی اللہ عنہا نے کافر مردے کیلئے کہا تھا کہ وہ نہیں سنتے۔ اماں عائشہ رضی اللہ عنہا نے کبھی بھی حضور ﷺ کے سماع کا انکار نہیں کیا اماں عائشہ رضی اللہ عنہا تو حیات النبی ﷺ مانتی ہیں۔ جس طرح حدیث پاک میں ہے:

**عَنْ عَا ئِشَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا قَالَتْ: کُنْتُ اَدْخِلُ بَیْتِیَ الَّذِیْ فِیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَاِنِّیْ وَاضِعٌ ثَوْبِیْ وَاَقُوْلُ اِنَّمَا هُوَ زَوْجِیْ وَاَبِیْ فَلَمَّا دُفِنَ عُمَرُ مَعَهُمْ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فَوَاللّٰهِ مَادَخَلْتُهُ اِلَّا وَاَنَا مَشْدُوْدَةٌ عَلَیَّ ثِیَابِیْ حَیَاءً مِنْ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ**

(مشکوٰۃ المصابیح، ج:1،ص:154،ط:المیزان لاہور مسند احمد، ج:4،ص:440، مسند الصدیقہ عائشہؓ، رقم الحدیث:25660،ط: موسسۃ الرسالہ الترکی)

**ترجمہ:** حضرت اماں عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جس وقت میں حضور پاک ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت کیلئے جاتی تھی اور ساتھ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک کی زیارت بھی کرتی تھی تو پردہ کا زیادہ خیال نہیں کیا کرتی تھی کیونکہ حضور پاک ﷺ میرے خاوند اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ میرے والد ہیں (خاوند اور والد سے پردہ نہیں ہوتا) لیکن خدا کی قسم جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بھی ساتھ قبر میں دفن ہوئے تو میں پردہ کر کے قبر کی زیارت کیلئے جاتی ہوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے حیاء کی وجہ سے۔

**ج:2)** حضرت اماں عائشہ رضی اللہ عنہا کیلئے محدثین کرامؒ نے واضح لکھا ہے کہ انہوں نے مُردوں کے نہ سننے والے اپنے موٌقف سے رجوع فرمالیا تھا اور وفات کے بعد مردہ کے سماع کی

قائل ہوگئی تھیں۔اسی لئے تو اپنے بھائی کی قبر پر جا کر اس سے باتیں کیں اور بھائی کو مخاطب کر کے ایک شاعر مُتَمّم بن نویرہ کے مشہور اشعار سناتی رہیں۔

وَ كُنَّا كَنَدُ مَانِیْ جَذِیْمَةَ حِقْبَةً　　مِنَ الدَّهْرِ حَتّٰی قِیْلَ لَنْ یَتَصَدَّعَا

فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا كَاَنِّیْ وَمَالِكًا　　لِطُوْلِ اجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ لَیْلَةً مَعَا

(مشکوٰۃ المصابیح ،کتاب الجنائز ، باب: دفن المیت،الفصل الثالث، ج:1،ص:149،ط:المیزان لاھور)

**ترجمہ:** میں اور میرا بھائی جذیمہ کے دو ہم نشینوں کی طرح ایک طویل عرصہ تک اکٹھے رہے ہیں۔ ہماری اس دوستی کی وجہ سے یہ کہا جانے لگا تھا کہ یہ دونوں کبھی بھی جدا نہیں ہونگے لیکن جب ہم میں جدائی واقع ہوئی (یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بتانا چاہتی ہیں کہ جب میرے بھائی فوت ہوئے) تو یوں محسوس ہونے لگا کہ ہم کبھی تھوڑا سا عرصہ بھی ایک ساتھ نہیں رہے۔

جب اماں جی رضی اللہ عنہا نے اپنے موٴقف سے دستبرداری کر کے چھوڑ دیا تھا تو خوامخواہ پرانی بات کو لوگوں میں پھیلانا کوئی دین کی خدمت نہیں ہے۔

(فتح الباری ،ج:8،ص:240،ط:دارالعلمیہ بیروت لبنان،الکنز المتواری ،ج: 8،ص:210،ط:مکتبہ الشیخ زکریا مکۃ مکرمۃ)

**اعتراض:23** حضرت عمر رضی اللہ عنہ قبر کے اندر سے دیکھ لیتے ہیں اور پردہ کرنے سے نہیں دیکھتے؟ واہ یہ بھی کوئی بات ہے۔

**ج:** جس طرح لوہے کے پلیٹوں سے کرنٹ گزرتا ہے مگر ان کے درمیان چھوٹی لکڑی رکھ دیں تو کرنٹ نہیں گزرتا کیونکہ یہ لکڑی کرنٹ کو روک لیتی ہے تو اس طرح سمجھیں کہ پردہ اللہ کا حکم ہے اور یہ دوسرے کی نظر کو روک لیتا ہے۔

## ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نزدیک آداب نبوی ﷺ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا جب کہیں قریب کیل میخ وغیرہ کے ٹھوکنے کی آواز سنتیں تو آدمی بھیج کر ان کو روکتیں کہ زور سے نہ ٹھوکیں حضور پاک ﷺ کی تکلیف کا لحاظ رکھیں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو اپنے مکان کے کواڑ بنوانے کی ضرورت پیش آئی تو بنانے والے کو فرمایا کہ شہر کے باہر بقیع سے بنا کر لائیں۔ان کے بنانے کی آواز کا شور حضور پاک ﷺ تک نہ پہنچے۔

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

(فضائل حج ص:135،فصل:9،آداب زیارت میں،ادب نمبر:31،مکتبہ رحمانیہ لاہور،از:حضرت مولانا زکریا کاندلویؒ)

**اعتراض:24** کیا نبی ﷺ کو صحابہ رضی اللہ عنہم نے قبر میں زندہ درگور کیا تھا؟

**ج:** زندہ درگور (اس لفظ سے تعبیر کرنا) گستاخی ہے ہاں یوں کہہ سکتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے زندہ نبی ﷺ کو جنت کے حوالے کیا ہے کیونکہ نبی ﷺ کی قبر جنت کا باغ ہے۔

(صحیح بخاری، کتاب التهجد باب فضل ما بین القبر والمنبر، ج:1،ص:159،ط: قدیمی کراچی)

**اعتراض:25** فتاویٰ بلد الحرام میں لکھا ہے کہ حضور ﷺ خود سلام نہیں سنتے اور یہ کتاب سعودی عرب سے شائع ہو کر آئی ہے۔

**ج:** یہ کتاب سعودیہ کے غیر مقلدین (فرقہ اہلحدیث) کی ہے سعودی عرب کے اہل السنّت والجماعت حنبلیوں کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ اس فتاویٰ میں امام مسلک اہل السنّت والجماعت امام ابوالحسن اشعریؒ کو بدعتی اور خطا کار لکھا گیا۔

(فتاویٰ علماء بلدالحرام، فتاویٰ شریعه فی مسائل عصریه النسخة الاصلية (کتاب)فتاویٰ العقیده،ص:196-195،ط: سعودیه)

**اعتراض:26** امام ابوالحسن اشعریؒ تو حنبلی مسلک رکھتے تھے۔کیا تم لوگ اس فتاویٰ سے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابتؒ کے خلاف بھی کچھ ثبوت پیش کر سکتے ہو۔

**ج:** جی ہاں! حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ (احناف) کے عقیدۂ ایمان کو مُرجِئَة (ملعونہ) کا مذہب قرار دے کر قولِ باطل، کھلی گمراہی، خارج از مسلک اہل السنّت والجماعت، شریر، فسادی جیسے الفاظ لکھے گئے ہیں۔

(فتاویٰ علماء بلدالحرام، فتاویٰ شریعه فی مسائل عصریه النسخة الاصلية (کتاب)فتاویٰ العقیده،ص:114-113،ط: سعودیه)

اس طرح کی مزید بھی بہت غلاظت موجود ہے۔یہ کتاب پڑھتا جا،شرماتا جا کے مترادف ہے۔

**اعتراض:27** مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ کے علماء کرام عقیدہ حیات النبی ﷺ نہیں مانتے۔

**ج:** علماء سعودیہ اہل السنّت والجماعت حنبلی ہیں اور وہ تو عقیدہ حیات النبی ﷺ کے قائل ہیں۔مدینہ طیبہ میں آج بھی روضۂ رسول ﷺ کے 2 ستونوں پر عقیدہ حیات النبی ﷺ کے متعلق اشعار لکھے ہوئے موجود ہیں:

یَاخَیرَ مَنْ دُفِنَتْ بِالْقَاعِ اَعْظَمُہٗ فَطَابَ مِنْ طِیبِهِنَّ الْقَاعُ وَالْاَکَمُ

اے بہترین ذات پیغمبر ﷺ آپ کا خوشبودار جسم قبر مبارک میں آ جانے کے بعد زمین کو بھی خوشبودار بنا دیا گیا۔

نَفْسِی الْفِدَاءُ لِقَبْرٍ اَنْتَ سَاکِنُہٗ فِیهِ الْعَفَافُ وَفِیهِ الْجُوْدُ وَالْکَرَمُ

میری جان قربان اس قبر پر جس میں آپ ﷺ رہائش پذیر (آرام فرما) ہیں، بے شک آپ کی سخاوت پہلے کی طرح آج بھی آپکے ساتھ قائم ہے۔

**نوٹ:** اس شعر میں موجود لفظ نَفْسِی الْفِدَاءُ لِقَبْرٍ اَنْتَ سَاکِنُہٗ (میری جان قربان اس قبر پر جس میں آپ ﷺ رہائش پذیر ہیں) آپ ﷺ کے زندہ ہونے کی طرف واضح اشارہ کر رہا ہے کیونکہ ساکن (رہائش پذیر) کا لفظ ہمیشہ زندہ انسان پر بولا جاتا ہے جبکہ مرے ہوئے کیلئے ساکت (بے حس اور بے حرکت) کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ مدینہ منورہ کے حنبلی علماء کرام کی طرف سے ان اشعار کا روضۂ رسول ﷺ کے ستونوں پر لکھا ہوا موجود ہونا اس بات کی کھلی دلیل ہے کہ وہ لوگ عقیدہ حیات النبی ﷺ کے قائل ہیں۔

**اعتراض:28** اس عقیدہ پر اپنی صلاحیتیں خرچ کرنا اور مستقل طور پر طلباء کو پڑھانا کیوں ضروری ہے کیا حیات النبی ﷺ کا سوال قبر میں ہوگا؟

**ج:1)** نکاح، حق مہر، اولاد، والدین کی خدمت، قربانی، زکوٰۃ، حج، جہاد فی سبیل اللہ اور تبلیغ دین کا سوال بھی قبر کے 3 سوالات میں موجود نہیں ہیں تو پھر کیا یہ تمام عبادات فضول ہیں؟

**ج:2)** اس قسم کی باتوں سے تو بے ایمانی کا دروازہ کھل جائے گا۔ مثلاً: مرزائی کہیں گے کہ ختم نبوت ﷺ کا سوال قبر میں نہیں لہٰذا یہ بیان نہ کرو کیونکہ وہاں تو مَنْ نَبِیُّکَ؟ (تیرا نبی کون ہے؟) یہ سوال ہوگا آخری نبی ہونے کا ذکر نہیں۔۔۔ نعوذ باللّٰہ من ذالک رافضی کہیں گے کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت اولہ کا سوال قبر میں نہیں ہوگا لہٰذا یہ بھی چھوڑ دیں، غیر کے مقلد (فرقہ اہل حدیث) کہنے لگ جائیں گے کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے شاگرد حضرت امام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابتؒ کی تقلید کے بارے میں قبر میں سوال نہ ہوگا لہٰذا

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

مسئلہ تقلید کو چھوڑ دیا جائے۔ جناب محترم ان تمام سوالات کا ایک ہی جواب ہے کہ یہ عقائد ومسائل شریعت کی بنیاد ہیں اگر ان کو چھوڑ دیا جائے تو یقیناً گمراہی حاصل ہوگی قبر میں تو صرف 3 سوالات ہیں اس بنیاد پر باقی تمام عبادات کو چھوڑ دینا کوئی دینداری نہیں۔

## مشقی سوالات

تنبیہ: اساتذہ کرام اپنی مرضی سے پیش کردہ اعتراضات میں سے کوئی سے 15 اعتراضات حل کرائیں۔

# مسلک اہل السنۃ والجماعۃ اور مماتی فرقہ کے درمیان عقائد میں چند فرق

| مسلک اہل السنۃ والجماعۃ (علماء دیوبند) | مماتی فرقہ |
|---|---|
| 1......تمام انبیاء کرام علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں بالخصوص سیدالانبیاء ﷺ اپنے روضۂ اطہر میں روح کے تعلق کے ساتھ زندہ ہیں اور عبادت میں مشغول ہیں۔ یہ عقیدہ اجماع امت مسلمہ اور متواتر احادیث سے ثابت ہے۔<br>(نشر الطیب ص 210، مقام حیات ص 267) | 1......تمام انبیاء کرام علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں بالخصوص آپ ﷺ اپنے روضۂ اطہر میں زندہ نہیں۔ روح کا قبروں میں رکھے ہوئے جسم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ جو حیات والا عقیدہ رکھتے ہیں وہ بدعتی ہیں، گمراہ ہیں۔<br>(المسلک المنصور ص 63، شرک کیا ہے ص 4، مسلک الاکابر ص 45، البرہان الجلی ص 144) |
| 2......روضۂ اطہر کے قریب پڑھا ہوا صلوٰۃ وسلام آپ ﷺ خود سنتے ہیں اور اس کا جواب بھی دیتے ہیں۔<br>(تسکین الصدور ص 50، المہند ص 4، تذکرۃ الخلیل ص 36، نشر الطیب ص 211، آب حیات ص 40) | 2......مدینہ منورہ میں یا دور سے پڑھا ہوا صلوٰۃ وسلام آپ ﷺ نہ سنتے ہیں، نہ جواب دیتے ہیں۔<br>(کیا مردے سنتے ہیں ص 40، عقائد علماء اسلام ص 484، مسلک الاکابر ص 31، القول المسند ص 19) |
| 3......عرض اعمال یعنی روضۂ مبارک میں آپ ﷺ کے پاس امت کے اعمال اجمالی طور پر روزانہ پیش ہوتے ہیں۔<br>(احسن الفتاوی ص 518، تفسیر عثمانی ص 388، نشر الطیب ص 210) | 3......عرض اعمال والا عقیدہ شیعوں کا عقیدہ ہے۔<br>(عقائد علماء اسلام ص 449، اقامت البرہان ص 245، تسکین القلوب ص 103، تحفہ عجیبہ ص 340) |
| 4......استشفاع! یعنی آپ ﷺ کی قبر کے پاس عاجزانہ درخواست کرنا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ میرے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ یہ جائز ہے۔<br>(معارف القرآن ص 459، نشر الطیب ص 245، آب حیات ص 40) | 4......آپ ﷺ سے دعا کی استدعا کرنا بدعت سیئہ ہے۔ گمراہی ہے۔<br>(القول المسند ص 31، اقامت البرہان ص 312، المسلک المنصور ص 67، عقائد علماء اسلام ص 649) |
| 5......روضۂ اطہر کی زیارت کے لئے جانا اور صرف زیارت ہی کی نیت سے سفر کرنا فرائض وواجبات کے علاوہ سب سے بڑی نیکی ہے۔<br>(وفاء الوفاء ص 177 ج 4، فتح القدیر ص 74 ج 3، درمختار ص 63 ج 4) | 5......روضۂ اقدس کی زیارت کی نیت سے سفر کرنا جائز نہیں۔ بدعت ہے۔ سلف صالحین میں سے کسی نے اس کو مستحب قرار نہیں دیا۔<br>(تحقیق الحق ص 35، کتاب التوحید فی العبادات الالوہیہ) |
| 6......ایصال ثواب برحق ہے۔ خواہ زندہ کو کیا جائے یا فوت شدہ کو۔ مالی صدقات کے ساتھ ہو یا دوسری عبادات کے ساتھ ہو۔ اس کا فائدہ روح اور جسم دونوں کو ہوتا ہے۔<br>(راہ سنت ص 249) | 6......اگر مردے کو ایصال ثواب کیا جائے تو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ کیونکہ روح کا جسم عنصری سے کوئی تعلق نہیں۔<br>(ملخصاً عقیدہ مماتی فرقہ) |
| 7......زمین کی وہ جگہ جو آپکے جسم مبارک کے ساتھ لگی ہوئی ہے۔ جہاں آپ ﷺ آرام فرما ہیں۔ وہ جگہ کائنات کی ہر شے سے افضل، حتی کہ عرش وکرسی بھی اس کے مقابل کچھ نہیں۔<br>(فضائل حج ص 177، تاریخ مدینہ ص 147، تسکین الاذکیا ص 486) | 7......وہ جگہ جو آپ ﷺ کے جسم کو لگی ہوئی ہے وہ عام جگہوں کی طرح ایک جگہ ہے۔ عرش وبیت اللہ سے بھی افضل نہیں۔ کوئی قبر جنت کا باغ نہیں۔ آپ ﷺ کی قبر عام قبروں کی طرح ایک قبر ہے۔ اس کی کوئی فضیلت نہیں۔ فضیلت کا عقیدہ رکھنے والے غلطی پر ہیں۔<br>(عقائد علماء اسلام ص 486، ندائے حق ص 476) |
| 8......آپ ﷺ، انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء کرامؒ کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا اور یوں عرض کرنا کہ "اے اللہ! ان بزرگوں کے واسطہ سے میری دعا قبول فرما۔ جائز ہے۔ بعد از وفات ہو یا قبل از وفات ہو۔<br>(احسن الفتاوی ص 422، معارف القرآن ج 1 ص 100) | 8......انبیاء کرام علیہم السلام اولیاء کرامؒ کے وسیلے سے دعا کرنا وفات کے بعد شرک ہے۔ بدعت ہے۔ مشرکین کا عمل ہے۔ جو توسل کا عقیدہ رکھتے ہیں وہ بدعتی ہیں۔ (کشف الحجاب ص 93، البرہان الجلی ص 200، شرک کیا ہے۔ ص 18، ازالہ اوہام ص 25، البصائر ص 252) |
| 9......قرآن وحدیث میں جہاں لفظ قبر آیا ہے اس سے مراد یہی زمینی قبر ہے۔ جہاں عذاب وثواب کی بات آئی ہے اس سے مراد بھی یہی زمینی قبر ہے۔ یہ قبر حقیقی، شرعی، لغوی، عرفی قبر ہے۔ علیین اور سجین کو کسی نے قبر شرعی نہیں کہا۔<br>(تسکین الصدور ص 82، فتاوی دار العلوم دیوبند ص 462، معارف الحدیث ص 204) | 9......اصل شرعی قبر علیین، سجین ہے۔ یہ زمین والی قبر عرفی قبر ہے۔ یہ اصل میں گڑھا ہے۔ اس گڑھے میں کچھ نہیں ہوتا۔ زمینی گڑھے کو قبر کہنا قرآن کا انکار ہے۔<br>(حیات جاودان ص 16، اقوال مرضیہ ص 19، مسلک المنصور ص 37، عقائد علماء اسلام ص 617) |
| 10......حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں، حضرت حسینؓ نے یزید کی بیعت نہیں کی تھی اور حضرت حسینؓ افضل شہید ہیں۔ (جامع ترمذی، کتاب المناقب) | 10......جنتی نوجوانوں والی روایت غلط ہے......نیز حضرت حسینؓ نے یزید کی بیعت کر لی تھی ورنہ وہ جہالت کی موت مرتے، حضرت حسینؓ سے جنرل ضیاء الحق اچھا تھا۔<br>(فتویٰ ماسٹر عبداللہ مماتی و کتاب مظلوم کربلا از نیلوی ص: 100,108) |

[ Website: DifaAhleSunnat.com ]

# صاحبِ تالیف

**نام**
عبدالواحد قریشی

**ولادت**
17-09-1985

**رہائش**
محلہ فاروق اعظم (گلی قریشیاں والی) ڈیرہ اسماعیل خان

**دینی تعلیم**
وفاق المداس العربیہ پاکستان
جامعہ اسلامیہ درویشیہ کراچی (دورہ حدیث)
تخصص فی الدعوۃ التحقیق مرکز اہل سنت والجماعت سرگودھا

**اجازت حدیث**
من ینتھی الیہ علو الاسناد فی ھذا الزمان
عمدۃ المحدثین استاذ الکل حضرت مولانا محمد شریف اللہ مولویانویؒ،
امام اہل سنت حضرت علامہ سرفراز خان صفدرؒ،
عمدۃ المحدثین حضرت مولانا مفتی غلام قادرؒ (ٹھیری شریف)،
شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا عبداللہ شاہ بخاریؒ (سکھر)،
شیخ الحدیث حضرت مولانا علاؤ الدین صاحب حفظہ اللہ (ڈیرہ)،

**بیعت وارشاد**
متکلم اسلام حضرت مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

**دنیاوی تعلیم**
بی۔اے (امتیازی درجے کیساتھ)

**خلیفہ مجاز**
شیخ طریقت، متکلم اسلام حضرت مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

**مناصب**
امیر مرکزیہ اصلی تحفظ عقائد اہل سنت والجماعت پاکستان
صوبائی نائب امیر اتحاد اہل سنت والجماعت خیبر پختونخواہ
امیر اتحاد اہل سنت والجماعت ڈیرہ اسماعیل خان
ڈائریکٹر ابوحنیفہؒ اسلامک اکیڈمی ڈیرہ اسماعیل خان

**تدریس**
جامعہ دار العلوم نعمانیہ صالحیہ (سابقاً) ڈیرہ اسماعیل خان
نائب شیخ الحدیث مدرسہ عبداللہ بن مسعودؓ ڈیرہ اسماعیل خان
ابوحنیفہ اسلامک اکیڈمی ڈیرہ اسماعیل خان
رئیس دار الافتاء والارشاد کریمیہ ڈیرہ اسماعیل خان

**خطابت**
جامع مسجد ابوایوب انصاریؓ ڈیرہ اسماعیل خان

www.Facebook.com/AhnafDeoband